1۔ دوسرے لوگوں کا مذاق اڑانا۔ 2۔ دوسروں کی کامیابی پر حوصلہ افزائی کرنے کے بجائے بے نیازی ظاہر کرنا۔ 3۔ دوسروں کو مشکل میں دیکھ کر اطمینان محسوس کرنا۔ 4۔ لوگوں پر بلاوجہ تنقید کرنا۔ 5۔ اپنی اہمیت جتانے کے لیے طرح طرح کے حربے اختیار کرنا۔ ان کے علاوہ اور بھی ہزاروں طریقے ہیں جس سے حاسد اپنے جذبات کا اظہار کرتا رہتا ہے انسانی فطرت ہزاروں طرح کے مختلف جذبات کا منبع ہے جس طرح خوش اخلاق و وفاداری، درد، خوشی، اداسی اور غرور کو ناپنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔ اسی طرح سے حسد کو ناپنے کا بھی کوئی آلہ نہیں ہے لیکن اس کی شدت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ انسان نہ صرف دوسروں کو نقصان پہنچاتا ہے بلکہ اپنا مستقبل بھی تاریک کرلیتا ہے۔ اگر آپ ایسی الجھن کا شکار ہیں تو یاد رکھیے کہ اس صورتحال سے پریشان نہ ہوں بلکہ اس کو حل کرنے کی کوشش کریں۔ طنزیہ جملوں و مزاحیہ فقروں پر پریشان نہ ہوں۔ اپنے کام پر بھرپور توجہ دیجئے۔ اپنے آپ کو ویسا ہی رکھئے جیسا آپ دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ منفی صورت حال کو مثبت لیں اور اس سے دلبرداشتہ ہونے کے بجائے سبق آموز بنائیں۔ طنزیہ اور منفی فقرے آپ کے لیے kick start بھی ہوسکتے ہیں لیکن ضرورت اس بات کی ہے کہ ان کو مثبت لیجئے۔

مثال کے طور پر اگر ایک استاد اپنے شاگرد کو یہ کہتا ہے کہ ''شاید ہی تم امتحان پاس کرو'' اس کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ استاد اپنے شاگرد کو پاس ہوتا نہیں دیکھ سکتا بلکہ اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ بچے کو ذمہ داری کا احساس دلایا جائے تاکہ وہ پڑھائی میں لاپرواہی کا مرتکب نہ ہو۔ مثبت سوچ نہ صرف آپ کے کام میں مددگار ثابت ہوتی ہے بلکہ صحت مند بھی رکھتی ہے اور منفی سوچ جہاں آپ کو ناپسندیدہ بناتی ہے وہیں پر آپ کیلئے بیماری کا پیغام بھی لاتی ہے۔

حسد کا حقیقی شکار کون ہے؟

منفی جذبات ہمیں سوچنے کا موقع نہیں دیتے اور صحیح صورت حال کو سمجھے بغیر جارحانہ ردعمل کا سبب بنتے ہیں اور ایسی صورت حال میں انسانی رویہ میں انتہاپسندی پیدا ہوجاتی ہے اور ہم صرف وہی دیکھتے ہیں جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں۔ اپنی مرضی کے برعکس کچھ بھی برداشت کرنا مشکل ہوجاتا ہے اور یہ صورت حال نہ صرف ہماری ناراضگی اور دکھ کو بڑھادیتی ہے بلکہ زندگی سے لطف اندوز ہونے سے بھی روک دیتی ہے۔

ناپسندیدہ صورت حال کا حل کیا ہے؟

منفی صورت حال آپ کیلئے تکلیف دہ ثابت ہوتی ہوگی۔ ہم آپ کی اس مشکل کو آسان بنانے کیلئے کچھ گر بتارہے ہیں جو شاید آپ کے مسئلے کو مکمل طور پر حل نہ کرسکیں لیکن صورت حال کو بہتر کرنے میں یقیناً مددگار ثابت ہوں گے۔ ناپسندیدہ اور تکلیف دہ واقعات کو بار بار نہ دھرائیے اس سے آپ کی اپنی تکلیف میں اضافہ ہوگا۔

حقیقت پسند بنئے! یہ بات یاد رکھئے کہ تمام لوگ نہ تو ہر وقت آپ کا خیال رکھ سکتے ہیں اور نہ ہی آپ سے محبت کا اظہار کرسکتے ہیں۔

اطمینان رکھیے: منفی صورت حال سے پریشان نہ ہوں بلکہ ہلکی پھلکی آرام دہ ورزشیں کریں یا پھر ایسا کوئی مشغلہ اختیار کریں جو آپ کو سکون دیتا ہو۔ مثلاً کتابیں پڑھنا، دوستوں سے بات چیت وغیرہ۔

حالات سے سیکھئے: حالات سے دلبرداشتہ ہونے کے بجائے ان سے سیکھنا شروع کیجئے۔ اس بات کا جائزہ لیں کہ کس طرح کے واقعات آپ کے اندر دکھ اور تکلیف کے احساسات پیدا کردیتے ہیں تاکہ آپ اپنے آپ کو پہلے سے تیار رکھ سکیں۔

ورزش کی عادت بنائیں: صبح سیر کیلئے باہر جائیں۔ ورزش کے بعد جسم کے اندر سے ایسے کیمیائی مادے خارج ہوتے ہیں جو سکون پیدا کرتے ہیں۔

ماضی کی تکرار سے بچیں: ہر وقت ماضی میں مت جئیں۔ یہ عمل آپ کو زندگی سے دور کردیتا ہے۔

معاف کردیں: اگر ممکن ہو تو حاسد لوگوں کو معاف کردیں۔ یاد رکھئے وہ آپ سے زیادہ تکلیف میں ہیں۔

ہائی بلڈ پریشر اب ہائی ہرگز نہ رہے گا! بس یہ تین چیزیں پسوا کر دو ٹائم کھالیں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو دونوں جہانوں میں سرخرو فرمائیں اور ہمیں اور آپ کو صرف اللہ رب العزت کا محتاج بنائے اور آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سر پر سلامت رکھے۔ آمین! میرے پاس ہائی بلڈ پریشر کا ایک آزمودہ نسخہ ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں: نہایت آزمودہ نسخہ ہے۔ میرا بلڈ پریشر ہر وقت ہائی رہتا تھا' جس کسی نے جو بتایا وہی علاج کیا مگر فرق نہ پڑا۔ پھر کسی نے یہ نسخہ بتایا۔ ھوالشافی: صندل کا برادہ' چھوٹی الائچی اور چندن یہ تینوں چیزیں ہم وزن لے کر پسوا لیں' ایک چھوٹا چمچ پانی کے ساتھ کھائیں۔ میں نے ایسا ہی کیا' صرف 600 روپے کی یہ چیزیں آئیں تھی اور میں نے صرف ایک ہفتے ہی استعمال کیں تو میرا بلڈ پریشر نارمل ہوگیا مگر میں نے تمام دوائی ختم کی تھی۔ گزشتہ دو سال سے میں نے کسی قسم کی کوئی دوائی استعمال نہ کی مگر میرا بلڈ پریشر ایک دن بھی نہ بڑھا۔ میرا گلہ اکثر خراب رہتا تھا وہ بھی اسی ٹوٹکہ سے ٹھیک ہوا۔ (روبینہ چوہدری' لاہور)

کمر، جوڑوں اور پٹھوں کا درد وبال کیوں؟
معاشرے میں پائے جانیوالے ان امراض کا صدیوں سے آزمودہ حیرت انگیز نسخہ
اس کورس کا کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال آپ کو معاشرے کا ایک صحت مند اور تندرست شخص بنادیگا۔ اس کے علاوہ ''کمر درد جوڑوں کا درد کورس'' آپ کے جسم کو ہر قسم کی توانائی طاقت دے گا۔ جن کے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے ہوچکے وہ بھی اعتماد سے استعمال کریں۔ (قیمت 800 روپے ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آپ کی توانائی کم کرنے والی 7 غذائیں

پروفیسر امتیاز حیدرآباد

اکثر اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آپ کھاتے پیتے ہیں لیکن پھر بھی آپ کو اپنے اندر توانائی محسوس نہیں ہوتی۔ آپ کو تھکن اور کمزوری کا احساس ہوتا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ جو غذا لے رہے ہیں وہ آپ کو توانائی پہنچانے کے بجائے آپ کے جسم کو مزید کمزور کر رہی ہے جس سے آپ اپنے آپ کو نڈھال محسوس کرتے ہیں۔ ہمیں اپنی خوراک کا جائزہ لینا چاہیے کہ ہم جو کچھ اپنی غذا میں شامل کر رہے ہیں وہ ہمارے لیے کہاں تک فائدہ مند ہے یا نقصان دہ ہے۔ جی ہاں کچھ غذائیں ایسی ہوتی ہیں جو تھکاوٹ کا احساس زیادہ بڑھا دیتی ہیں۔

ناشتے میں میٹھے کا زیادہ استعمال

اگر آپ دلیہ کھاتے ہیں خاص طور پر اس میں بہت زیادہ چینی شامل کرتے ہیں تو جان لیں کہ اس کی وجہ سے آپ کی جسمانی توانائی فوری طور پر اوپر جاتی ہوئی محسوس ہوگی مگر کچھ دیر بعد آپ نڈھال اور تھکاوٹ کے شکار ہو جائیں گے جبکہ بلڈ شوگر لیول تیزی سے اوپر جائے گا۔ جب ایسا ہوتا ہے تو دماغ کے وہ حصے جو آپ کو جسمانی طور پر چوکنا رکھتے ہیں بند ہونے لگتے ہیں اور آپ تھکاوٹ سمیت مدہوشی محسوس کرنے لگتے ہیں۔

انرجی ڈرنکس

انرجی ڈرنکس درحقیقت کچھ دیر کے لیے توانائی بڑھانے کے لیے بنائی جاتی ہیں جب آپ جسم کو کیفین اور چینی سے بھر لیتے ہیں تو ان کا اثر کم ہونے کے بعد بلڈ شوگر کی سطح عام معمول سے بھی نیچے گر جاتی ہے جس کے نتیجے میں آپ نڈھال ہو جاتے ہیں بلکہ بعض اوقات سر بھی چکرانے لگتا ہے اس کے علاوہ جسم میں پانی کی کمی بھی ہوتی ہے جس سے تھکاوٹ میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔

سفید ڈبل روٹی

سفید ڈبل روٹی، اور چاول میں فائبر کی مقدار بہت کم ہوتی ہے جبکہ گلیسمک نامی جز کی سطح بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے جس کے نتیجے میں جسم میں یہ غذا جلدی گھل جاتی ہے جس کی وجہ سے کچھ دیر بعد بھوک، تھکاوٹ محسوس ہونے لگتی ہے اور آپ نڈھال ہو جاتے ہیں۔

تلی ہوئی غذائیں

چربی والی تلی ہوئی غذائیں ہضم ہونے میں کافی وقت لیتی ہیں آپ کے جسم کو اسے ہضم کرنے کے لیے کافی سخت محنت کرنا پڑتی ہے جس کے نتیجے میں اندرونی اعضاء کو خون کی فراہمی متاثر ہوتی ہے جس کے نتیجے میں چھ سے آٹھ گھنٹے کیلئے جسمانی توانائی کم ترین سطح پر پہنچ جاتی ہے۔

کافی سے اجتناب ہی بہتر ہے

متعدل مقدار میں سخت سرد موسم میں استعمال کی جائے تو کافی جسم کیلئے بہتر ہے تاہم اگر آپ بہت زیادہ کیفین لینے لگیں تو جسم نیند کی کمی کا شکار ہونے لگتا ہے اور کم سونا تھکاوٹ بڑھانے کا باعث ہی بنتا ہے۔ لہٰذا کافی سے اجتناب ہی بہتر ہے۔

کم کیلوریز والی غذا

اگر آپ کھانے میں اپنی کیلوریز بہت زیادہ کم کر دیں تو جسم کو بھوک زیادہ لگنے لگتی ہے جس کے نتیجے میں میٹابولزم سست ہوتا ہے اور توانائی کی سطح گر جاتی ہے۔ تین وقت بھرپور انداز میں کھانے کی عادت اس سے بچاؤ کا آسان طریقہ ہے۔

کم آئرن والی غذائیں

آئرن خوراک میں موجود حراروں کو توانائی میں بدلنے میں مدد دیتا ہے جب آپ کی غذا میں اس جز کی کمی ہو تو آپ کے ذہن میں دھند سی چھانے لگتی ہے۔ گوشت آئرن کے حصول کا ایک بڑا ذریعہ ہے تاہم دالیں اور گریاں بھی اچھے آپشنز ہیں۔

دل کے دورے یا فالج میں مکھن کا کوئی کردار نہیں!

دل کے دورے یا فالج میں مکھن کا کوئی کردار نہیں البتہ یہ ٹائپ ٹو ذیابیطس سے بچانے میں کسی حد تک معاون ثابت ہوتا ہے۔ یورپی ماہرین کافی عرصہ سے یہ کوشش کر رہے تھے کہ فالج اور دل کے دورے سے مکھن کا کوئی تعلق دریافت کر لیں مگر اس میں انہیں مایوسی ہوئی۔ انہیں معلوم ہوا کہ ان دونوں معاملات میں مکھن "بے ضرر" ہے۔ گزشتہ چند برسوں سے مکھن کے استعمال پر مغرب میں طرح طرح کے اعتراضات کیے جا رہے تھے کہا جا رہا تھا کہ مکھن کے استعمال سے نہ صرف دل کے دورے اور فالج کا خطرہ بڑھ جاتا ہے بلکہ یہ قبل از وقت موت کا باعث بھی بنتا ہے لیکن برس ہا برس کی تحقیق کے بعد ماہرین اس نتیجہ پر بالآخر پہنچے ہیں کہ مکھن درج بالا تینوں افواہوں کی نفی کرتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مکھن سے خوفزدہ ہونے کی ہرگز ضرورت نہیں یہ صحت کیلئے بہترین ہے۔ ماہرین کے مطابق اس تحقیق کا واضح مطلب یہی ہے کہ مکھن کو معمول کی غذا میں شامل رکھنے سے انسانی صحت پر کوئی منفی اثرات مرتب نہیں ہوتے اور یہ کہ ہمیں اس کے استعمال میں اعتدال کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔

بانجھ پن اور مردانگی سے محروم ہونے کیلئے یہ چیز خوب پیجئے!

اگر تو آپ کولڈ ڈرنکس پینے کے شوقین ہیں تو بری خبر یہ ہے کہ اس عادت کے نتیجے میں مختلف امراض کے ساتھ ساتھ بانجھ پن کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ یہ انتباہ ایک طبی تحقیق میں سامنے آیا۔ تحقیق میں نوجوان لڑکوں کا جائزہ لیا گیا جو یہ مشروبات بہت زیادہ استعمال کرتے تھے اور ان کے اندرونی نظام میں ایسی خرابیاں دیکھنے میں آئیں جو بانجھ پن اور مردانگی سے محرومی کا باعث بن سکتی ہیں۔ محققین نے انتباہ کیا ہے کہ بہت زیادہ کولڈ ڈرنکس کا استعمال بانجھ پن کا خطرہ بڑھا دیتی ہیں اور یہ خطرہ ان لوگوں میں ہوتا ہے جو روزانہ ایک لیٹر کولڈ ڈرنک پینے کے عادی ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ اس کی وجہ بہت زیادہ مشروبات استعمال کرنے والے کی غیر صحت مند طرز زندگی ہوتا ہے۔ ان مشروبات میں موجود مٹھاس مثانے کی شریانوں کو نقصان پہنچا کر دوران خون کا بہاؤ روک سکتی ہے جو مختلف امراض کا باعث بنتا ہے۔ تو پھر کیوں نہ قارئین واپس فطرت کی طرف پلٹیں اور اپنے دیسی مشروبات پئیں جو فرحت بخش بھی ہیں اور صحت کیلئے بہترین بھی۔ اگر آپ بھول گئے ہیں تو ہم آپ کو بتائے دیتے ہیں دیسی مشروب یہ ہیں: لسی۔ املی آلو بخارا۔ ستو کا شربت۔ صندل کا شربت۔ تخم بالنگو اور گوند کتیرا کا شربت۔ پھلوں کے جوس وغیرہ (شاکر عظیم لاہور)

کیا آپ موبائل پر فری ٹوٹکے پانا چاہتے ہیں؟

مشکلات جتنی بھی ہوں الجھنیں حد سے زیادہ ہو گئی ہوں فری بالکل فری! بس اپنے موبائل پر Follow لکھ کر سپیس دے کر ubqari لکھیں اور 40404 پر میسج کریں اور روزانہ دفتر ماہنامہ عبقری لاہور سے انوکھے حیرت انگیز وظیفے اور ٹوٹکے بالکل فری پائیں۔ نوٹ: 40404 ٹویٹر کی ایک فری SMS سروس ہے کوئی بھی ادارہ اس سروس کو اپنی سہولت کیلئے اپنے نام سے شروع کر سکتا ہے۔ 40404 سے عبقری کے نام کے بغیر آنے والے میسج عبقری کی طرف سے نہیں ہیں۔ صرف وہی میسج عبقری کے ہیں جن کے شروع میں عبقری لکھا ہوگا۔

ZAHOORPESHAWAR

ترقی،عزت،برکت اور سکون چاہیے! ذیعقدہ میں پالیں!

مندرجہ ذیل اعمال بزرگان دین اور صالحین کے آزمودہ اور منقول شدہ ہیں جن کے شائع کرنے کا مقصد مخلوق خدا کو تسبیح اور مصلے کے ساتھ غیرشرعی اعمال کے بجائے نوافل و تسبیحات کے ذریعہ جوڑنا ہے۔

ذیعقدہ کا چاند دیکھیں تو یہ پڑھیں

ذیعقدہ اسلامی سال کا گیارھواں مہینہ ہے۔ یہ بڑا مبارک اور حرمت والا مہینہ ہے‘ اس مہینے میں عرب جنگ کو ترک کردیتے تھے اور اپنے گھروں میں بیٹھے رہتے تھے۔ حضور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے کہ ذیقعدہ کا مہینہ بہت بزرگی والا مہینہ ہے اور اس ماہ کی عبادت بہت افضل ہے۔

ذی قعدہ کا چاند: جب ذیقعدہ کا چاند دیکھے تو یہ پڑھے:۔ اَللّٰھُمَّ ھٰذَا الشَّھْرُ اَوَّلُ مِنْ شَھْرِ الْحَرَامِ وَ اَوْسَطُھَا مِنْ شُھُوْرِ حَجِّ بَیْتِکَ الْحَرَامِ فَاغْفِرْ لَنَا جَمِیْعَ الْمَعَاصِیْ وَالْاٰثَامِ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِالنَّوَاصِیْ وَالْاَقْدَامِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ۔

توبہ قبول ہوگی،رب کریم بخش دیں گے

پہلی شب:۔ اس مہینے کی پہلی شب کو چاہیے کہ تیس رکعت نفل نماز دو دو رکعت کر کے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ زلزال پڑھے اور سلام پھیرنے کے بعد ایک مرتبہ سورۂ نباء یعنی عم یتساءلون پڑھے۔ اس کے علاوہ جو کوئی ذیقعدہ کی پہلی شب نماز عشاء کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد 33,33 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ نماز کے بعد نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگے اور خلوص دل سے توبہ کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول ہوگی اور اللہ تعالیٰ اس کو بخش دینگے۔

جمعہ کے نوافل:۔ ذیقعدہ کے مہینے میں چاہیے کہ ہر جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد چار رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اکیس اکیس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ثواب عظیم حاصل ہوگا۔ **دو رکعت نفل:۔** ذیقعدہ کے مہینے کی ہر شب کو نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے اور نماز کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ ہر رات عمرہ کی عبادت کا ثواب حاصل ہوگا۔

یہ درود پڑھیں! مانگیں، پوری

ترقی درجات کیلئے:۔ جو کوئی چاہے کہ بارگاہ الٰہی میں اس کا درجہ بلند ہو جائے‘ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خصوصی فضل وکرم نازل فرمائے تو اُسے چاہیے کہ وہ ذیقعدہ کے مہینہ کی نو تاریخ کی شب نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد تین مرتبہ سورۂ یٰسین پڑھے۔ **جمعرات کی شب:۔** ذی قعدہ کے مہینے میں جو کوئی ہر جمعرات کی شب سو رکعت نفل نماز دو دو رکعت کرکے اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اسے ثواب عظیم حاصل ہوگا۔

آخری دن:۔ جو کوئی ذیقعدہ کے مہینہ کی آخری تاریخ کو چاشت کے وقت دو رکعت نفل نماز اس طرح سے پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین سو مرتبہ سورۃ القدر پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد گیارہ مرتبہ یہ درود پاک پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ اَصْحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ اس کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اور سجدے میں جا کر اللہ تعالیٰ سے جو بھی جائز دعا مانگے گا انشاءاللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

ماہانہ روحانی محفل

روحانی محفل مرکز روحانیت وامن میں اجتماعی نہیں ہوتی ہر فرد اپنے مقام پر رہتے ہوئے کرے

اس ماہ کی روحانی محفل 10 جولائی بروز بدھ صبح 9 بجکر 21 منٹ سے 10 بج کر 29 منٹ تک۔ 21 جولائی بروز اتوار عصر تا مغرب۔ 30 جولائی بروز منگل رات 10 بجے سے لیکر 11 بجکر 27 منٹ تک۔ یَاوَاسِعَ الْعَطَاءِ پڑھیں۔ یہ ذکر، بھکاری بن کر، خلوص دل، درد دل، توجہ اور اس یقین کے ساتھ کہ میرا رب میری فریاد سن رہا ہے اور سو فی صد قبول کررہا ہے۔ پانی کا گلاس سامنے رکھیں اور اس تصور کیساتھ پڑھیں کہ آسمان سے ہلکی پیلی روشنی آپکے دل پر ہلکی بارش کی طرح برس رہی ہے اور دل کو سکون چین نصیب ہورہا ہے اور مشکلات فوری حل ہورہی ہیں۔ وقت پورا ہونے کے بعد دل وجان سے پوری امت، عالم اسلام اور غیر مسلموں کے ایمان کیلئے پوری دنیا میں امن کی دعا‘ اپنے لیے اور اپنے عزیز واقارب کیلئے دعا کریں۔ پورے یقین کے ساتھ دعا کریں۔ ہر جائز دعا قبول کرنا اللہ تعالیٰ کے ذمے ہے۔ دعا کے بعد پانی پر تین بار دم کرکے پانی خود پئیں۔ گھر والوں کو بھی پلا سکتے ہیں۔ انشاء اللہ آپکی تمام جائز مرادیں ضرور پوری ہونگی۔

ہر محفل کے بعد 11 روپے صدقہ ضرور کریں

(نوٹ:)1۔ روحانی محفل کے درمیان اگر نماز کا وقت آجائے تو پہلے نماز ادا کی جائے اور بقیہ وقت نماز کے بعد پورا کیا جائے۔ اگر اسی وقت یہ وظیفہ روزانہ کرلیں تو اجازت ہے مستقل بھی کرنا چاہیں تو معمول بنا سکتے ہیں۔ ہر مہینے کا ورد مختلف ہوتا ہے اور خاص وقت کے تعین کے ساتھ ہوتا ہے۔ بے شمار لوگوں کی مرادیں پوری ہوئیں۔ ناممکن ممکن ہوئیں۔ پھر لوگوں نے اپنی مرادیں پوری ہونے پر خطوط لکھے آپ بھی مراد پوری ہونے پر خط ضرور لکھیں۔ (ایڈیٹر: حکیم محمد طارق محمود عفا اللہ عنہ)

نافرمان اولاد کو نیک بنانے کا طاقت ور ترین روحانی ٹوٹکہ! ہر نماز کے بعد صرف پانچ مرتبہ پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس دو عدد روحانی ٹوٹکے ہیں جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہی ہوں:۔ نافرمان اولاد کو نیک بنانے کا طاقت ور ترین روحانی عمل: اگر آپ کی اولاد فرمانبردار نہیں ہے اور گستاخ ہوچکی ہے یہ آیت ہر نماز کے بعد پانچ مرتبہ پڑھیں۔ رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (الاحقاف ۱۵)

ہڈیوں کے درد سے چلاتے ان دو آیات پڑھنے سے شفاء پاگئے!

جوڑوں کا درد‘ ٹانگوں کا درد یا کسی بھی قسم کا ہڈی کا درد ہو اس کیلئے سورۂ یٰسین کی آیت نمبر 77 سے 79 تک ہر نماز کے بعد صرف گیارہ مرتبہ اول وآخر ایک مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں اور جہاں درد ہو وہاں پھونک دیں‘ چند دنوں میں ہی آپ کو واضح افاقہ محسوس ہوگا۔ جن مریضوں کو ڈاکٹرز نے آپریشن بتایا تھا وہ بھی اس عمل کے پڑھنے سے بغیر آپریشن کے الحمدللہ ٹھیک ہوگئے۔ فروزن شولڈرز بھی ٹھیک ہو جاتا ہے۔ (سیدہ ماہین‘ لاہور)

شفائے حیرت سیرپ
ہر قسم کی کھانسی، دمہ، الرجی کیلئے خوش ذائقہ اور فوری اثر سیرپ
گلے کی سوزش، ریشہ اور دیگر علامات کو جڑ سے ختم کرتا ہے
پھیپھڑوں کو طاقت دے کر پھیپھڑوں کے زخم بھرتا ہے
"شفائے حیرت" چھاتی میں موجود بلغم کو ختم کرتا ہے
دورے والا دمہ ختم
بچوں، بوڑھوں، جوانوں و خواتین سب کیلئے یکساں مفید
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

حضرت شاہ فقیر محمدؒ کے مستند روحانی وظائف

غم اور پریشانی دور کرنے کیلئے سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت عجیب مجرب عمل ہے۔ یہ سورۃ قرآن پاک کا دل ہے۔ اگر اسے اپنے دل کی توجہ سے پڑھا جائے تو عجیب اثرات محسوس ہوتے ہیں۔ صبح پڑھنے والا رات تک اور رات کو پڑھنے والا صبح تک غموم وہموم سے محفوظ رہتا ہے۔

اہل علم تو اسے اسم اعظم کہتے ہیں!

باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر ایک سو ایک مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پہلی مرتبہ پڑھنے سے پہلے بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیں پھر باقی بغیر بسم اللہ کے پڑھیں۔ عمل کے اوّل و آخرت میں سات سات مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔ آخر میں اپنے مقصد کیلئے دعا کریں۔ بہت طاقتور عمل ہے اور بعض اہل علم نے اسے ''اسم اعظم'' قرار دیا ہے۔

سانس ٹوٹنے سے پہلے حاجت پوری

دو رکعت صلوٰۃ الحاجۃ پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد آیت الکرسی اور دوسری میں سورۂ اخلاص پڑھیں۔ سلام پھیر کر ایک سانس میں جتنی بار ممکن ہو یَاهَادِیُ کا ورد کریں۔ سانس ٹوٹنے کے بعد سجدے میں جا کر اپنی حاجت پیش کریں ان شاء اللہ ضرور پوری ہوگی۔ اوّل و آخرت سات سات مرتبہ درود شریف۔

مینڈھا یا دنبہ صدقہ کیجئے! مصائب دور!

جس شخص کو اپنی جان کا خوف ہو یا کسی مصیبت کا ڈر ہو تو ایک موٹا تازہ صحیح سالم کبش یعنی مینڈھا یا دنبہ لے کر کسی غیر آباد جگہ چلا جائے اور اسے جلدی سے قبلہ رخ لٹا کر ذبح کر دے اور اس کے خون وغیرہ کو گڑھا کھود کر چھپا دے اور ذبح کے وقت تکبیر سے پہلے دعا پڑھے: اَللّٰهُمَّ هٰذَا لَكَ وَمِنْكَ اَللّٰهُمَّ اِنَّهٗ فِدَآئِیُ فَتَقَبَّلْهُ مِنِّیُ

ذبح کے بعد اس کے ساٹھ (۶۰) ٹکڑے کرے، کھال ایک ٹکڑا، سر ایک ٹکڑا۔ الغرض اس طرح ساٹھ حصے کر کے فقراء و مساکین میں تقسیم کر دے۔ خود اپنے عیال کو نہ کھلائے۔ یہ اس کیلئے فدیہ ہو جائے گا اور جس تکلیف اور مصیبت کا اسے اندیشہ ہوگا اس سے ان شاء اللہ محفوظ رہے گا۔ علامہ دمیریؒ فرماتے ہیں یہ مجرب و معمول بہ ہے اور اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر احسان و انعام فرمانے والا ہے۔ (حیوٰۃ الحیوان جلد ا ص ۹۴ فی ذکر الکبش روایۃ عن الشیخ بونیؒ)

اور اگر اس سے کم درجے کی مصیبت و تکلیف کا خطرہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو پیٹ بھر کر بہترین قسم کا کھانا کھلائے۔ اور یہ دعاء پڑھے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَكۡفِی الۡاَمۡرَ الَّذِیۡ اَخَافُهٗ بِهِمۡ هٰٓؤُلَآءِ وَاَسۡئَلُكَ بِاَنۡفُسِهِمۡ وَاَزۡوَاجِهِمۡ وَعَزَآئِمِهِمۡ اَنۡ تُخَلِّصَنِیۡ مِمَّا اَخَافُ وَ اَحۡذَرُ ان شاء اللہ وہ مصیبت دور ہو جائے گی۔

غم اور پریشانی دور کرنے کا طاقتور ترین عمل

تیس تسبیح اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ رَبِّیۡ مِنۡ كُلِّ ذَنۡبٍ وَّاَتُوۡبُ اِلَيۡهِ اگر ایک ہی دن یا دن رات میں پڑھ لیں تو عجیب تاثیر ہے۔

پانچ منٹ میں خوشیوں کا خزانہ

غم اور پریشانی دور کرنے کیلئے سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت عجیب مجرب عمل ہے۔ یہ سورۃ قرآن پاک کا دل ہے۔ اگر اسے دل کی توجہ سے پڑھا جائے تو عجیب اثرات محسوس ہوتے ہیں۔ صبح پڑھنے والا رات تک اور رات کو پڑھنے والا صبح تک غموم وہموم سے محفوظ رہتا ہے۔

سر درد کا مسنون دم

سر یا جسم کے جس حصے میں درد ہو، وہاں اپنا دایاں ہاتھ رکھ کر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سات بار یہ دعا پڑھیں: اَعُوۡذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدۡرَتِهٖ وَسُلۡطَانِهٖ وَ اُحَاذِرُ مِنۡ شَرِّ مَا اَجِدُ۔ اگر اپنے اوپر دم کریں تو آخری لفظ اَجِدُ پڑھیں اگر کسی دوسرے مرد پر دم کریں تو آخری لفظ یَجِدُ پڑھیں اور اگر کسی محرم عورت پر دم کریں تو آخری لفظ تَجِدُ پڑھیں۔ (تنبیہ) کسی غیر محرم عورت کو ہاتھ نہ لگائیں۔

خشکی سے پریشان ہیں تو انڈا فریج سے نکال لیجئے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ایک ٹوٹکہ لیکر حاضر ہوئی ہوں۔ سر کی خشکی دور کرنے کیلئے ایک انڈا توڑ کر تھوڑا سا (تقریباً تین چمچ سرسوں کا تیل شامل کرلیں) اچھی طرح پھینٹ لیں اور بالوں کی جڑوں میں اچھی طرح لگا کر انگلیوں سے مساج کریں تاکہ جذب ہوجائے اور دو سے تین گھنٹوں تک لگا رہنے دیں' بعد میں تھوڑے سے نیم گرم پانی سے سر کو اچھی طرح گیلا کر کے اسی انڈے سے بالوں کو ملیں' جھاگ بھی بنے گی' پھر نیم گرم پانی سے دھولیں' اچھی طرح سر صاف ہوجائے کہیں انڈا لگا نہ رہ جائے' یہی آپ کا شیمپو بھی ہے' بس جب بال ہلکے نمی والے ہوں تو عبقری کے طب نبوی ہیئر آئل کو بالوں میں لگائیں۔ بال سلکی' خوبصورت اور وزنی ہوجائیں گے۔ نوٹ: فریج والا انڈا لگانے سے پہلے باہر نکال کر رکھ دیں' جب نارمل ٹمپریچر ہو تو پھر استعمال کریں۔ (م۔ا، لاہور)

روزی کی تنگی دور کرنے کے سریع الاثر عمل

جو شخص چاہے کہ روزی کی تنگی دور ہو اور رزق خوب فراخی سے نصیب ہو۔ اسے چاہئے کہ پابندی کے ساتھ جمعہ کی نماز فرض کے بعد بحالت تشہد قبلہ رخ بیٹھے بیٹھے ستر بار توجہ کے ساتھ پڑھے: اَلۡمُعۡطِیۡ هُوَ اللّٰهُ اوّل و آخر سات سات بار درود شریف۔

سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ کا اکسیر عمل: روزانہ پانچ سو مرتبہ سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ پڑھیں روزی کے دروازے کھل جائیں گے۔ روایات سے ثابت ہے کہ اس کلمہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ساری مخلوق کو روزی عطاء فرماتے ہیں۔

سورۂ فلق کا لاجواب عمل: جو شخص کثرت سے سورۂ فلق پڑھے گا۔ اس پر روزی ان شاء اللہ بارش کے قطروں کی طرح برسے گی۔ یقین اور توجہ شرط ہے۔

یَاغَنِیُّ یَامُغۡنِیُ کا مجرب عمل: فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان گیارہ سو مرتبہ یَاغَنِیُّ یَامُغۡنِیُ پڑھیں روزی کا مسئلہ ان شاء اللہ حل ہو جائے گا۔ اوّل آخر طاق عدد میں درود شریف۔

روزی کا اصل الاصل عمل: مغرب کی نماز کے بعد سورۂ واقعہ کا معمول بنائیں اور روزی کے معاملے میں قدرت الٰہی کا مشاہدہ دیکھیں۔

روزی میں فراخی کیلئے مجرب ترین ترپھلا: تین کام کرلیں اور روزی کے متعلق بے فکر ہو جائیں اور حاسدوں کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگیں۔ (الف) رازق (روزی دینے والا) صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کو مانیں اور دل میں کسی اور کے بارے میں یہ خیال تک نہ آنے دیں کہ میری روزی اس کے ہاتھ میں ہے۔ (ب) دو رکعت پڑھ کر مسجد میں بیٹھ کر اللہ تعالیٰ سے پکا عہد کریں کہ کبھی حرام روزی کو اختیار نہیں کریں گے۔ (ج) تھوڑا یا زیادہ جتنا مال اور رزق ملے اس میں سے سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کا حصہ نکالیں اور اسے نہایت خوشدلی سے فی سبیل اللہ کاموں میں خرچ کریں۔

فٹنس فولاد ٹانک
مکمل دماغی اور جسمانی ٹانک
چہرے کو گلنار بنائے
فٹنس فولاد ٹانک بچوں کیلئے انمول تحفہ
کاروباری' ملازم پیشہ مردوں' عورتوں اور بچوں کیلئے قابل اعتماد ٹانک
لیکوریا کی مریضہ کیلئے بہترین ٹانک۔ حاملہ عورت کا بہترین ساتھی
خون بڑھانے کیلئے توانائی بخش ٹانک
قیمت 120 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آئیے! مربے بنانے کے آسان طریقے سیکھتے ہیں!

مربے ہمیشہ ثابت چھوٹے یا بڑے پھلوں کے ٹکڑوں کو چینی کے شربت میں ابالنے سے تیار کئے جاتے ہیں جب پھل نرم ہو جائے تو اتار لیتے ہیں ہر دو پونڈ پھلوں کے لئے تین پونڈ پانی اور ڈیڑھ سے دو پونڈ چینی استعمال کریں۔ پہلے آدھی چینی کو پانی میں حل کریں اور پھلوں کو اس میں ابالیں پھر پندرہ سے بیس منٹ کے بعد باقی ماندہ چینی بھی اس میں ڈال دیں پھل کو اس وقت تک ابالتے رہیں جب تک وہ نرم نہ ہو جائے اور شربت گاڑھا نہ ہو جائے۔

سیب کا مربہ

بے داغ، خوب پختہ، تازہ اور نفیس قسم کے سیب چن لیں ان کی رنگت، جسامت ایک جیسی ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ پھل کو پانی سے اچھی طرح دھولیں اور تیز چاقو سے اس صفائی کے ساتھ چھلکا اتاریں کہ چھیلے ہوئے سیب کی سطح برابر اور ہموار ہو پھر نوکدار تنکے یا کانٹے سے پھل کو چھید لیں اس کے بعد پھل کو فوراً نمکین پانی میں ڈال دیں تاکہ ہوا لگنے سے سیب کا رنگ خراب نہ ہو۔

قوام بنائیے: ایک کلو سیب کے لیے ہم وزن چینی درکار ہوتی ہے۔ ایک کلو چینی میں تین چار چھٹانک پانی ڈال کر پکائیں حتیٰ کہ قوام تیار ہو جائے۔ پھل کو اس قوام میں ڈال کر پندرہ سے 20 منٹ تک اچھی طرح پکائیں اور آگ سے اتار کر 12 سے 18 گھنٹے تک پڑا رہنے دیں۔ دوسرے دن قوام اور پھل دونوں تقریباً 20 منٹ تک پکائیں تاکہ قوام گاڑھا ہو جائے۔ اگر تیسرے روز بھی یہی عمل دہرائیں تو اور بھی اچھا ہے۔ مربہ تیار ہو جائے تو اسے مرتبانوں میں بھر لیں۔

احتیاط: (1) مربوں کے لئے پھل ہمیشہ صاف ستھرے ہونے چاہئیں۔ کوشش کریں کہ یہ ذرا سخت ہوں۔ (2) مربے کو محفوظ رکھنے کے لئے دھات کے برتن ہرگز استعمال نہ کریں۔ (3) چند دن بعد قوام بدل دیں تو مربہ زیادہ دیر تک محفوظ رہے گا۔ (4) مربے کو ٹھنڈی اور خشک جگہ پر رکھیں۔

آلو بخارے کا مربہ

آلو بخارہ آدھا کلو، چینی آدھا کلو، عمدہ پکے ہوئے آلو بخارے کو دھو کر دیگچے میں ڈالیں اور آگ پر رکھ دیں یہاں تک کہ وہ پلپلے ہو جائیں۔ پھر چینی کی چاشنی میں انہیں ابالیں اور ساتھ ہی ساتھ چینی ملاتے اور ہلاتے رہیں۔ جب پانی سوکھ جائے تو گٹھلیاں نکال کر بوتلوں میں بھر لیں۔ بعد میں ایک کاغذ پر انڈے کی سفیدی مل کر اس پر لگا دیں اور اچھی طرح بند کر دیں۔

گاجر کا مربہ

چھوٹی گاجر آدھا کلو، چینی آدھا کلو، لیموں دو عدد (چھنا ہوا رس)، لیموں کا چھلکا ایک عدد (کترے ہوئے)، بادام چھ عدد (کترے ہوئے)۔ گاجروں کو چھیل کر دھولیں پھر انہیں پانی میں ڈال کر پکائیں یہاں تک کہ وہ نرم و گداز ہو جائیں پھر پانی پھینک کر انہیں چھلنی میں ڈالیں تاکہ رہا سہا پانی بہہ جائے اب ان کا وزن کر کے اتنی ہی چینی ملا کر ہلکی آنچ پر پانچ منٹ تک ابالیں اور ساتھ ہی ساتھ ہلاتے بھی جائیں۔ جب وہ سرد ہو جائے تو بادام اور لیموں کا چھلکا اور رس اس میں ڈال کر کھلے منہ کی بوتلوں میں بند کر کے ٹھنڈی خشک جگہ پر رکھیں۔

ادرک کا مربہ

ادرک آدھا کلو، زعفران ایک ماشہ، میٹھا (شکر، گڑ، چینی) دو کلو، گلابی سجی 2 ماشہ، عرق کیوڑا چھٹانک بھر، عرق لیموں چھٹانک بھر، چوکیہ سہاگہ 2 ماشہ، پہلے بڑی بڑی ادرک کو چھیل لیں پھر اسے ایک پہر تک چونے کے پانی میں پڑا رہنے دیں پھر اس میں سے نکال کر حسب اندازہ پانی ڈال کر مع سجی و سہاگہ اور چینی کے آگ پر رکھ دیں۔ ادرک جب گل جائے تو اسے نکال کر ایک کپڑے پر پھیلا دیں تاکہ پانی بالکل خشک ہو جائے۔ پھر شیرے کا قوام درست کر کے زعفران ایک ماشہ، عرق کیوڑا چھٹانک بھر اور عرق لیموں چھٹانک بھر ڈال کر تھوڑی دیر آگ پر رکھ کر اتاریں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے تو کسی برتن میں رکھ لیں۔

آم کا مربہ

آم کی پھانکیں ڈیڑھ کلو، چینی ڈیڑھ کلو، پانی آدھا کلو، سٹرک ایسڈ (ٹاٹری) ایک گرام، پورے تیار شدہ مگر نیم پختہ آم چن لیں۔ ان کو دھو کر چھیل لیں اور تین فیصد نمک کے محلول میں ڈبو دیں۔ پھر حسب منشا ان کی کاشیں کاٹ لیں اور انہیں پانچ منٹ تک ابلتے پانی میں ڈال کر نرم کر لیں۔ بعد میں ان کو ململ کے کپڑے پر پھیلا دیں تاکہ فالتو پانی نکل جائے۔ اب مربہ کے لئے قوام تیار کر لیں۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ پھانکوں کے وزن کے برابر مقدار میں شکر (چینی) لیں اور اس میں شکر کا 1/3 حصہ پانی ڈال کر پکائیں۔ پھر ایک گرام میٹھا سوڈا آدھا کلو شکر کے حساب سے قوام میں ڈالیں۔ ان چیزوں کو اتنا گرم کریں کہ چینی پانی میں حل ہو جائے۔ اب قوام کو ململ کے کپڑے میں چھان لیں اور دوبارہ گرم کریں تاکہ گاڑھا ہو جائے۔ اب آم کی قاشیں اس قوام میں ڈال دیں اور 225 فارن ہائیٹ تک پکائیں۔ جوش کے وقت شیرے کی جھاگ اتارتے رہیں۔ قوام کو اتار لیں اور رات بھر اسی طرح پڑا رہنے دیں صبح کو دوبارہ گرم کریں اور جراثیم اور گرد و غبار سے پاک جار یا مٹی کے مرتبانوں میں بھر دیں۔

خوبانی کا مربہ

عمدہ پکی ہوئی خوبانیاں لے کر ان کا چھلکا اتاریں اور دو ٹکڑے کر کے ان کی گٹھلیاں نکال ڈالیں۔ پھر پھل کا وزن کر کے اتنی ہی چینی رکھ لیں۔ ہر تہہ پر چینی چھڑک کر خوبانیوں کو یکجا کریں اور بارہ گھنٹے تک اس طرح پڑا رہنے دیں۔ اس اثناء میں کیتلی سے نکال کر ان کو چھیل لیں اور سب چیزوں کو ملا کر ہلکی آنچ دیں۔ جھاگ اور میل اتارتے جائیں جب خوبانیاں ڈالیں اور اوپر سے شیرہ انڈیل دیں پتلے عکسی کاغذ پر انڈے کی سفیدی مل کر اس کے مرتبان پر جما دیں۔ جب مربہ ٹھنڈا ہو گا تو کاغذ پوری طرح سے چمٹ جائے گا۔

معجون شفایابی
گزشتہ 70 سال سے اپاہج اور معذور افراد کو تندرست اور توانا بنانے والی کامیاب ترین دوا
بیماری کے بعد کی کمزوری کیلئے
لولے لنگڑے، اپاہج، معذور، سر میں پانی بھر جانا، مسلسل بے ہوش یا غنودگی میں رہنا، اس مرض میں مبتلا بچے ہوں یا بڑے سب کیلئے یکساں مفید
پولیو کے شکار، مہروں کا درد اور خاص طور پر بوڑھوں کیلئے تو معجون شفایابی بڑھاپے کا سہارا ہے
قیمت صرف 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کالے جادو سے تڑپتے سسکتے انوکھے خط اور شافی علاج | روحانی بیماریوں کا روحانی علاج | کالے جادو سے ڈسی دکھی عبقری کہانیاں

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو سے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جس کا معاوضہ دعا ہے۔ براہِ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں۔ توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا، جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں۔ خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ کسی فرد کا نام موبائل نمبر اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں

کاش! میری شادی بھی اسی سال ہو جائے!

حضرت صاحب السلام علیکم! بہت بے بس ہوں، آپ کو اللہ جزا دے، میں بہت پریشان ہوں عمر گزرتی جا رہی ہے میری، بہت خواہش ہے کہ میرا نکاح اسی سال ربیع الاول میں ہو جائے ہر سال ربیع الاول ایسے ہی گزر جاتا ہے۔ بڑی آس لے کر آج آپ کو خط لکھ رہی ہوں۔ میری طلاق کو آٹھ سال ہو چکے ہیں۔ نہ بھائی ہے نہ ہی والد ہیں ایک ماں ہے جو بیمار ہے جسے میرا دکھ ختم کر رہا ہے۔ آپ سے التجا ہے کہ کوئی وظیفہ بتائیں اسی سال میری شادی ہو جائے اور مجھے بھی زندگی کی خوشیاں مل جائیں۔(پوشیدہ)

جواب: شادی کیلئے اگر سچے دل اور سچی لگن سے یہ عمل کیا جائے تو ان شاء اللہ کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔ مدت عمل 11 دن ہے، بدھ کو نماز عشاء کے بعد گیارہ تسبیح روزانہ اسم الٰہی یَامُعْطِیُ کا ورد کریں۔ اول و آخر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ دوران عمل کھانا، پینا، بولنا نہیں چاہیے ورنہ عمل باطل ہو جائے گا۔ روزانہ لباس، جگہ اور جائے نماز بھی ایک ہو۔ ان شاء اللہ نکاح کے پیغام کے علاوہ شادی کے اخراجات کا بھی بندوبست ہو جائیگا۔ اس کے علاوہ یہ عمل لازم کریں۔ اپنے وزن کے برابر سب سے سستا ٹوٹا چاول لے کر اس میں سے ایک مٹھی چاول نکال کر اس کے ہر دانے پر اللہ الصمد پڑھنا ہے اور پھر اس مٹھی کو باقی چاولوں میں ملا کر اس صاف بہتے پانی میں جہاں مچھلی اور آبی جانور ہوں بہا دیں۔ ان شاء اللہ ان اعمال کو لگن، توجہ اور یقین کے ساتھ کریں، آپ کی شادی اسی سال ہو جائیگی۔

ایسے مرد کے ساتھ زندگی کیسے گزاروں؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! مجھے تو کچھ سمجھ نہیں آئی کیا کروں۔ خاوند ٹھیک سے نوکری نہیں کرتا، میں کرتی تھی چھڑوا دی، جب چھوڑ دی تو اب کہتے ہیں کرو۔ چوبیس گھنٹے نوک جھونک، طنز، ڈانٹ، بہتان، الزام تراشی کرتے رہتے۔ بہت پریشان ہوں ان ساری باتوں کو برداشت کر کر کے تھک گئی ہوں، میرے اندر بھی دن بدن ان کے خلاف نفرت بڑھتی جا رہی ہے کچھ سمجھ نہیں آ رہی ایسے مرد کے ساتھ زندگی کیسے گزاروں، خدارا مجھے کوئی راہ دکھائیں۔(پوشیدہ)

جواب: آپ اٹھتے بیٹھتے، چلتے پھرتے وضو بے وضو سارا دن بیت الخلاء کی مسنون دعا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ پڑھیں۔ اس کے علاوہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے ساتھ ایک تسبیح یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھیں۔ ان شاء اللہ شوہر کا رویہ بہتر ہو جائے گا۔ جتنا زیادہ یقین توجہ اور دھیان سے پڑھیں اتنا جلد مسئلہ حل ہو گا۔

قرض اور کاروباری زوال کے شکار خزانہ لے لیں!

جناب حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ پانچ سالوں سے جو بھی کام کرتا ہوں اس میں نقصان ہو جاتا ہے حتیٰ کہ بیرون ملک بھی کافی سفر رہا لیکن کامیابی نہ ہوئی اور کافی قرضہ کے نیچے آ گیا ہوں۔ کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں کہ میرے قرض ادا اور کاروباری معاملات حل ہو جائیں۔(ندیم انصاری، لاہور)

جواب: آپ نیچے لکھی گئی دعا کو صبح و شام دیوانہ وار پورے یقین کیساتھ پڑھیں۔ جتنا زیادہ یقین اور توجہ ہوگی اتنا جلد آپ کے کاروباری معاملات ٹھیک اور قرض اترے گا۔ جو احباب بھی قرض اور کاروباری معاملات سے پریشان ہیں ان سے صرف اتنی گزارش ہے کہ اس وظیفہ میں واقعی خزانہ ہے کوئی لینے والا ہو تو۔ اس خزانے کے الفاظ یہ ہیں: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْاَلُکَ وَاَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِنَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ یَامُحَمَّدُ اِنِّیْٓ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلٰی رَبِّکَ اَنْ تُقْضٰی حَاجَتِیْ۔(بحوالہ کتاب الحج)

ایک مجبور مایوس اور بیمار کا خط

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! میں بے حد مجبور مایوس اور بے بس ہو کر آپ کو خط لکھ رہی ہوں میں تقریباً بیس سال سے مختلف بیماریوں میں گھری ہوئی ہوں ایک بیماری چھوڑتی ہے تو دوسری پکڑ لیتی ہے بہت علاج کرائے ہیں جس نے جو ڈاکٹر بتایا ہم نے وہیں دکھایا لیکن وقتی آرام آتا ہے میرا مسئلہ یہ ہے کہ پہلے مجھے بہت چکر آتے تھے اور آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا تھا ہر طرف سے علاج کروایا بالآخر ڈاکٹر نے آپریشن بتایا تو پچھلے سال آپریشن بھی کروایا اس کے کچھ ہی عرصے کے بعد دونوں ٹانگوں میں شدید درد شروع ہو گیا ہے۔ سوجن بھی پورے بدن پر ہو جاتی ہے۔ میں بے حد پریشان ہوں خدا کے لیے مجھے کوئی وظیفہ عنایت فرمائیں۔ مجھے کسی نے بتایا ہے کہ تمہارا مسئلہ جسمانی نہیں بلکہ روحانی ہے۔(ایک بیمار دکھی)

جواب: حٰمٓ لَایُنْصَرُوْنَ کو گیارہ دن، اکیس دن، اکتالیس یا اکانوے دن میں سوا لاکھ مکمل کریں۔ جب تک مسئلہ حل نہیں ہوتا اسی طرح ایک، تین، پانچ، سات، سوا لاکھ جتنے زیادہ کر سکتے مکمل کریں۔ دن زیادہ ہو جائیں تو گھبرائیں نہیں عمل جاری رکھیں۔ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں۔ جتنی توجہ زیادہ ہوگی اتنا نفع اور اتنی بیماریاں، بندشیں، سفلی عمل، بیماریاں اور مشکلات زیادہ جلدی ختم ہوں گی۔ ہر قاری کو اجازت ہے۔

کالے سفلی جادو کی کارستانیاں

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! گزشتہ عیدوالے دن کی بات ہے کہ میں بہن کے گھر بیٹھی تھی تو دیکھتے ہی دیکھتے میری قمیض کے سامنے والا دامن میں سوراخ ہونا شروع ہو جیسے کہ کوئی کیمیکل لگ کر قمیض دائرے کی شکل میں پھٹ جائے تین سال پہلے بھی میری سولہ سالہ بیٹی کے کپڑوں کے ساتھ بھی ایسا ہی ہوا تھا اب دوبارہ ایسا شروع ہوا ہے۔ حکیم صاحب دل ویران سا لگتا ہے کوئی آسرا سہارا نہیں شوہر بلڈ پریشر اور دل کے مریض بن گئے ہیں خود نوکری کرتی ہوں، حالات دن بدن خراب ہوتے جا رہے ہیں۔ کچھ سمجھ نہیں آ رہی یہ سب کیا ہو رہا ہے؟(ن۔ح)

جواب: آپ تمام گھر والے صبح و شام اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ گیارہ تسبیح اسم الٰہی یَاقَھَّارُ پڑھیں۔ اس کے علاوہ سارا دن کھلا زیادہ سے زیادہ وضو بے وضو پڑھیں۔ اس کے علاوہ حسب توفیق بڑا گوشت غریبوں کو یا چیل کوؤں کو ڈال دیں۔ عمل میں کوتاہی نہ کریں۔ گوشت چاہے اپنی چھت پر یا کہیں بھی ڈال دیں۔

عبقری کی ادویات کے سو فیصد رزلٹ پر لوگوں کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید اس میں اسٹرائیڈ یا انگریزی ادویات پیس کر شامل کی گئی ہیں لیکن الحمدللہ عبقری ادویات خالص دیسی جڑی بوٹیوں سے پوری مقدار اور مکمل نگرانی میں تیار کی جاتی ہیں۔ کئی لوگوں نے اپنے اطمینان کیلئے عبقری ادویات کے لیبارٹری ٹیسٹ بھی کروائے اور الحمدللہ عبقری کی ادویات ہر قسم کے اسٹرائیڈ سے پاک ثابت ہوئی ہیں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

جسمانی بیماریوں کا شافی علاج — طبی مشورے

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ صفحے کے ایک طرف لکھیں۔ نام موبائل نمبر اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔

شوہر کی صحت سے پریشان بیوی کا خط

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے شوہر کی آنکھوں کی بینائی ختم ہوگئی ہے۔ بہت کم اور دھندلا نظر آتا ہے۔ وہ اپنی زندگی سے سخت بیزار ہیں کیونکہ آنکھوں کے ساتھ ساتھ اعصابی کمزوری میں بھی مبتلا ہے اور شوگر کے مریض بھی ہیں۔ نوکری ختم ہوگئی ہے عمر ساٹھ سال ہے۔ میں عبقری رسالہ ہر ماہ لیتی ہوں بہت ہی مفید رسالہ ہے۔ (ف۔ع، کراچی)

مشورہ: آپ اپنے شوہر کو عبقری دواخانہ کی قوتی گولیاں کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کروائیں۔ شوگر کنٹرول کیلئے یہ نسخہ استعمال کریں۔ ھوالشافی: گڑمار، جامن گٹھلی، پہاڑی کریلا، کڑوے جو تمام ایک ایک چھٹانک۔ سناءمکی۔ پودینہ اور کلونجی تمام آدھ چھٹانک ان تمام ادویات کو کوٹ کر سفوف بنا کر کیپسول میں بھر لیں۔ اس کے علاوہ نو عدد بادام کی گریاں، اکیس عدد کالی مرچ کو چبا کر کھائیں اور ساتھ درج بالا کیپسول ہمراہ پانی استعمال کریں۔ ان شاءاللہ صرف پچاس دنوں میں لبلبہ خوب کام کرے گا اور شوگر کنٹرول رہے گی۔

بچوں کی وجہ سے پریشان ماں

محترم حکیم صاحب السلام وعلیکم! اللہ پاک آپ کو صحت و تندرستی دے اور لمبی زندگی دے۔ میرے بیٹے کی عمر تقریباً پونے دو سال ہے لیکن ابھی تک وہ چلتا نہیں ہے۔ سہارا لے کر کھڑا ہو جاتا ہے لیکن جلدی تھک کر بیٹھ جاتا ہے۔ چارپائی کے ساتھ بھی بہت کم چلتا ہے۔ فوراً ہی گر کر بیٹھ جاتا ہے اسے بخار بھی بہت تیز ہوا ہے۔ میں سکول ٹیچر ہوں بچوں کو امی کے پاس چھوڑ کر جاتی ہوں۔ بچے کے نہ چلنے کی وجہ سے انہیں بھی بہت پریشانی ہوتی ہے۔ اللہ آپ کو اجر دے مجھے بچے کے لیے کوئی دوا تجویز کریں اور وظیفہ بھی بتائیں۔ (س، ساہیوال)

مشورہ: بچے کو عبقری دواخانہ کا ''فٹنس فولاد ٹانک'' ''چلڈرن سیرپ'' مستقل مزاجی سے چند ماہ پلائیں اور عبقری دواخانہ کی ''معجون شفاء یابی'' کالی مرچ کے دانے کے برابر دن میں پانچ سے سات مرتبہ کھلائیں۔ اس کے علاوہ موسمی پھل جتنا کھا سکے پاس بیٹھ کر کھلائیں۔ بچے کی ٹانگوں اور جسم کی عبقری دواخانہ کے ''کراماتی تیل'' سے مالش کریں۔ چند ہفتوں میں واضح فرق نظر آئے گا۔

بواسیر نے بُرا حال کر رکھا ہے تو یہ ٹوٹکہ آزمائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! رسالہ عبقری کا عرصہ پانچ سال سے قاری ہوں۔ مجھے بواسیر کی تکلیف ہے۔ خون بھی آ رہا ہے اب اگر بہت زیادہ گرم چیز کھالوں تو خون آتا ہے ورنہ نہیں، اب مقعد میں سے لیسدار پانی آتا ہے جس سے کپڑے خراب رہتے ہیں نماز بھی نہیں پڑھ سکتا۔ اور دوسرا مجھے کمر میں درد رہتا ہے اور کمر کے مہرے ملے ہوئے ہیں آسانی سے چل پھر نہیں سکتا۔ پاؤں سوئے رہتے ہیں ان کے واسطے کوئی وظیفہ یا دوائی بتائیں۔ (ایم آر بیگ، کہروڑپکا)

مشورہ: بواسیر کیلئے یہ نسخہ استعمال کریں۔ ھوالشافی: کلونجی 70 گرام، سرسوں کے بیج جن سے کڑوا تیل نکلتا ہے۔ 100 گرام، نیم کی نمولی کا اندرونی مغز 100 گرام۔ تمام اجزاء کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں اور بڑے کیپسول بھر کر ایک سے دو کیپسول دن میں تین یا چار بار پانی کے ہمراہ کھانے سے قبل استعمال کریں۔ یہ نسخہ بادی، خونی اور پرانی بواسیر کیلئے بہت مفید اور موثر ہے۔ ایسے مریض جو بواسیر کے عارضہ سے تنگ آچکے ہوں۔ ان کیلئے یہ اکسیر لاجواب دوا ہے۔ کمر درد اور کمر کے مہروں کے لیے عبقری دواخانہ کا ''کمر درد کورس'' کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔

66 سال کی عمر میں جوانی کی امنگ

محترم حکیم صاحب السلام علیکم! بہت عرصہ سے آپ کو خط لکھنے کی کوشش کرتا رہا ہوں شرمندگی کے باعث جھجک رہا ہوں میری عمر تقریباً 66 سال ہے چار سال پہلے انجیو پلاسٹی کرائی تھی میرے چار بچے بھی ہیں مسئلہ یہ ہے کہ میں ازدواجی طور پر بہت زیادہ کمزور ہو گیا ہوں۔ میں نے ایک ڈاکٹر سے مشورہ کیا اس نے کہا کہ کیونکہ تیری انجیو پلاسٹی ہوئی ہے کوئی دوائی کھانے والی نہ لینا۔ کیونکہ یہ ہارٹ کیلئے نقصان دہ ہے کیونکہ یہ دوائی کھانے سے خون میں جوش آتا ہے اور یہ تیرے لئے نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ برائے مہربانی میرے لیے کوئی نسخہ تجویز کریں۔ (خ۔م۔ز، جہلم)

مشورہ: آپ عبقری دواخانہ کی ''اکسیر البدن'' اور ''دل شفاء'' چند ماہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ اس کے ساتھ اپنی خوراک میں موسمی پھل، سبزیاں خوب شامل کریں اور کسی پر فضا مقام یا پارک میں صبح کی سیر کو اپنا معمول بنائیں۔ ان شاءاللہ چند ہفتوں میں فرق محسوس ہوگا۔

گینگرین ہے تو یہ نسخہ لگائیے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہاتھ پر چھری سے زخم ہوگیا جو بعد میں شدید انفیکشن کا باعث بن گیا جس کا فوری آپریشن کرانا پڑا۔ ڈاکٹر نے گینگرین کے شک کا اظہار کیا۔ آپ سے خصوصی کی درخواست ہے۔ (ف۔ا، لاہور)

مشورہ: زخم چنبل ہو، داد ہو، شوگر کا ہو یا کینسر کا، چوٹ کا ہو یا کیڑوں کا جسم کے کسی حصے میں پرانے سے پرانا زخم جو ناسور، بھگندر، یا فسچولہ کی شکل اختیار کر چکا ہو نہایت آزمودہ سالوں سے آزمودہ ایک بہترین مرہم ہے۔ بس ایک چھٹانک ثابت گندم کے دانے لیں اور ایک چھٹانک ناریل یا خشک کھوپرا لیں اور ایک پاؤ دیسی گھی لیں۔ خشک کھوپرا کے چھوٹے ٹکڑے کرلیں، گندم اور کھوپرا دیسی گھی میں جلائیں۔ جلنے کے بعد اس سب کو رگڑ دیں۔ بس مرہم تیار ہے۔ آپ دنیا کی آخری سے آخری مرہم لگا کر تھک چکے ہیں اور عاجز آچکے ہیں اور سمجھتے ہیں اس کا کہیں اور کوئی علاج نہیں، بس کچھ عرصہ لگا تار یہی مرہم استعمال کریں۔

چہرہ کتنا ہی بدصورت ہو، داغ دار ہو یا چہرے کے کیل مہاسے نہ جاتے ہوں بس خون صفاء

☆ جلد کی خرابی پرانی خارش اس کی وجہ خون کی خرابی ہو کسی قسم کا انفیکشن ہو الرجی ہو یا شوگر کی وجہ سے ہو بس خون صفا کے استعمال سے ہر جلدی امراض سے چھٹکارا۔

جڑی بوٹیوں کا ایسا لاجواب مرکب ہے جو نہایت بے ضرر اور بغیر کسی سائیڈ ایفیکٹ کے لاکھوں نے آزمایا اور مفید پایا۔

قیمت -/120 روپے

خون صفاٗ (بڑوں، بچوں کیلئے یکساں مفید) نکھری بے داغ جلد کو داغدار کرنے کی اصل وجہ کا اصل علاج

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

یہ کہانی سچی اور اصلی ہے۔ تمام کردار احتیاط سے دانستہ فرضی کر دیئے گئے ہیں' کسی قسم کی مماثلت محض اتفاقیہ ہوگی۔

میری زندگی کیسے بدلی؟

25 سال پرانا جادو ظاہر یہ وظیفہ تو ایٹم بم ہے

قارئین! حضرت جی کے درس' موبائل (میموری کارڈ)' نیٹ وغیرہ پر سننے سے لاکھوں کی زندگیاں بدل رہی ہیں' انوکھی بات یہ ہے چونکہ درس کے ساتھ اسم اعظم پڑھا جاتا ہے جہاں درس چلتا ہے وہاں گھریلو الجھنیں حیرت انگیز طور پر ختم ہوجاتی ہیں' آپ بھی درس سنیں خواہ تھوڑا سنیں' روز سنیں' آپ کے گھر' گاڑی میں ہر وقت درس ہو۔

دفتر ماہنامہ عبقری پہنچی تو دیکھا یہ تو دنیا ہی اور ہے

محترم شیخ الوظائف السلام علیکم! عبقری رسالہ اور تسبیح خانہ سے جڑنے سے پہلے زندگی بہت ویران تھی' ہر طرف اداسی' الجھن' چڑچڑاپن' شوہر کی بے وفائی و جدائی' گھر اجڑ چکا تھا' شوہر مہینوں گھر نہ آتے' میں اپنی زندگی سے تنگ آچکی تھی' میرے شوہر کو ایک عورت نے اپنے جال میں پھنسا رکھا تھا اور نجانے کیسے کیسے جادو ٹونے کروا رکھے تھے میری خود کی طبیعت ہر وقت خراب رہتی۔ مجھے ایک مرتبہ بک سٹال پر عبقری رسالہ نظر آیا' ٹائٹل پر لکھی ہیڈنگز پڑھیں اور خرید لیا۔ گھر جا کر پڑھا جیسے جیسے پڑھتی گئی دل کو ایک سکون ملتا گیا کہ اب میری زندگی بدل جائے گی' میرے بھی اچھے دن آجائیں گے' چونکہ گھر کے قریب ہی عبقری کا آفس تھا' اگلے دن وہاں پہنچ گئی' وہاں دیکھا تو دنیا ہی اور تھی' تسبیح خانہ اور درس کا معلوم ہوا۔ جمعرات والے دن درس میں گئی' بس اس دن مجھے راستہ ملا جس پر چل کر مجھے کامیابی ملنا تھی۔ اب میں تقریباً پانچ سال سے تسبیح خانہ سے جڑی ہوں' میری زندگی کیسے بدلی؟ ضرور پڑھیے:۔

میں ہر وقت بے چین' مضطرب اور گھٹے ماحول میں رہتی تسبیح خانہ اور عبقری رسالہ کے وظائف سے روحانی سکون ملا' دنیاوی حاجات آپ کے بتائے اعمال' وظائف' درس' روحانی اجتماع کی برکات' اسم اعظم کے روحانی دم' درس حلقہ کشف المحجوب اور ہر جمعرات کو امن و روحانیت کا ہونے والا درس بلاناغہ شرکت سے پوری ہوتی ہیں۔ آج تک ایک بھی درس میں ناغہ نہیں ہوا ہے۔

شوہر بوجہ جادو کسی اور کی زلفوں کے اسیر تھے!

ان پانچ سالوں میں بذریعہ ٹوکن آپ سے بے شمار ملاقاتیں ہوئیں جن میں آپ نے مجھے اعمال وظائف بتائے جن کو میں نے باقاعدگی سے یقین سے' عشق سے کیا۔

چونکہ میرا سب سے بڑا مسئلہ شوہر سے علیحدگی کا تھا اور میں اپنے والدین کے گھر بھائی کے پاس رہتی تھی چونکہ بوجہ جادو شوہر کسی اور کی زلفوں کے اسیر بن چکے تھے مگر کبھی کبھار مجھ سے ملنے میرے بھائی کے گھر بھی آجاتے مگر میں اپنا گھر آباد کرنا چاہتی تھی۔ میری شادی کو پانچ سال ہوگئے اور میں صرف چار ماہ اپنے شوہر کے ساتھ ان کے گھر رہی تھی' باقی چار سال اور چھ ماہ سے در در کے دھکے کھا رہی تھی' میرے شوہر میری شکل دیکھنا بھی گوارا نہ کرتے' آپ سے کلینک میں پہلی ملاقات ہوئی' آپ نے میرے سارے معاملہ کو غور سے سنا اور مجھے باقاعدگی سے درس اور اعمال کرنے کو کہا' الحمدللہ! میں نے یقین کے ساتھ کیا' آپ نے فرمایا کہ طلاق نہیں ہوگی اور وہی ہوا۔

اب اپنے گھر میں خوش اور آباد ہوں!

تسبیح خانہ میں آنے اور عبقری رسالہ کو گھر لگوانے اور عبقری روحانی اجتماع میں دوران خدمت بار بار یہی دعا کرتی رہی کہ میرا شوہر مجھے واپس میرے گھر لے جائے' بس یہی مانگتی اور روتی رہتی۔ شوہر کی جدائی نے میرا بُرا حال کر رکھا تھا۔ بس تسبیح خانہ میں رونے کی ہی برکت تھی کہ میرے شوہر جو مجھے دیکھنا گوارا نہ کرتے مجھے واپس میرے گھر لے گئے' میرا گھر ایک عورت نے ہی خراب کیا جو شدید کالا جادو کرتی تھی اور اس نے ہم دونوں میاں بیوی پر جادو کرایا تھا جس کا علاج شیخ الوظائف کے درس اور عبقری رسالہ میں دیئے گئے اعمال سے کیا۔ اب میں اپنے گھر میں خوش اور آباد ہوں' شوہر مجھ سے پہلے سے زیادہ محبت کرتے ہیں دعا ہے کہ وہ بھی تسبیح خانہ آجایا کریں وہ مجھے بخوشی اجازت دیتے ہیں لیکن ابھی خود نہیں آرہے۔

میرے دن' میری راتیں میری زندگی بدل گئی

میرے بے شمار مسائل تھے' ذہنی' پریشانی اور گائنی کے مسائل تھے' 12 سال پرانا لیکوریا ختم ہوا۔ نماز کی پابندی ملی ہے' وضو کے تین گھونٹ' روحانی عطر سے بہت فائدہ ملا ہے' جناتی چیزیں جو مجھے تسبیح خانہ میں آنے سے روکتی تھی اور وہ سب ہار گئیں' شوہر کی محبت ڈھونڈنے نکلی وہ بھی ملی اور ساتھ مجھے اللہ کریم کی محبت مل گئی جو تسبیح خانہ اور ماہنامہ عبقری کی نسبت سے ہوا' اللہ تعالیٰ مجھے میری نسلوں کو تسبیح خانہ سے جوڑے رکھے کیونکہ میں نے تسبیح خانہ اور عبقری سے ملے وظائف کے ساتھ تن تنہا گھر کو بچانے کے لیے جنگ لڑی اور سفلی طاغوتی' جناتی جادوئی چیزوں کا مقابلہ کیا۔ آج بھی سوچتی ہوں کہ اگر عبقری رسالہ نہ ملتا تو میں آج کہاں ہوتی؟ میں آج بھی سسک رہی ہوتی' تڑپ رہی ہوتی۔ مگر نہیں! آج میری زندگی بدل چکی' میرے دن میری راتیں بدل چکیں' آج میں خوش اور خوشحال ہوں۔

25 سال پرانا جادو ظاہر' یہ وظیفہ تو ایٹم بم ہے

سورۃ الم نشرح اور والضحیٰ کے 'ک' کے عمل سے 25 سال پرانا جادو ظاہر ہونا شروع ہوا اور اسم اعظم کا روحانی دم کروایا۔ یہ پورا وظیفہ جادو کیلئے ایٹم بم کی طاقت رکھتا ہے' اس لیے کالا جادو جو بہت ہی پرانا اور پیچیدہ ہو اس کیلئے تیر بہدف ہے۔ سفر کی دعا یَاحَفِیْظُ یَاسَلَامُ سے حفاظت ہوتی ہے۔ عبقری رسالہ' تسبیح خانہ سے ملے وظائف سے میرے خاوند کی علیحدگی محبت میں بدل گئی اور میرا گھر اعمال کی وجہ سے میرا گھر آباد ہوگیا۔ ایک خاص واقعہ جو میرے ساتھ پیش آیا جو میں قارئین سے شیئر کرنا چاہوں گی۔

گزشتہ سال کا واقعہ ہے کہ میرے شوہر کچھ کاروباری مصروفیت کی وجہ سے دو دن نہ آئے اور میں نے جمعرات کا درس تو مس نہیں کرنا تھا میرے پاس ایک سو روپیہ تھا اور میری ضرورت کیلئے تھے۔ میں بہت پریشان تھی' پیدل درس پہنچی واپسی پر میں نے رکشہ لیا اور مزنگ چونگی سے میرے گھر کے 70 روپے لگتے ہیں' میں رکشہ میں بیٹھ گئی مگر جب میں گھر اتری تو وہ رکشہ والے بزرگ باریش تھے اور میں نے ان کو پیسے دیئے مگر انہوں نے کہا کہ ''بیٹی ہم تسبیح خانہ کی سواری سے پیسے نہیں لیتے'' میں دم بخود حیران رہ گئی' میں نے دینا چاہے مگر وہ پیسے لیے بغیر ہی چلے گئے۔ یہ سب درس کی برکات اور میرے یقین کی قوت تھی جو پریشانی میں اللہ تعالیٰ نے میری غیبی مدد کی۔ اللہ تعالیٰ تسبیح خانہ کو آباد رکھے اور میرے شوہر بھی اب تسبیح خانہ سے جڑ جائیں۔ (ح۔ا، لاہور)

عبقری سے پڑھنے' درس سننے سے آپ کی زندگی میں مثبت تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں تو ضرور لکھیے! عبقری کے صفحات آپ کیلئے ہی ہیں!

اصلاح معدہ وجگر پیکیج

معدہ اور آنتوں کی کمزوری دور کر کے پیٹ اور آنتوں میں خون کی فراہمی بحال کرے۔

معدے اور جگر کے تمام امراض کا آزمودہ علاج

معدہ کے کینسر کو ختم کرتی ہے معدے کے زخم کی خاص دوا

قیمت صرف 440/- روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

بی ایس سی کی طالبہ نے زہر پی لیا! اذان پڑھی بچی صحت مند

(ذکیہ اقتدار، بہاولنگر)

مجھے اللہ کے ولی نے عمل دیا تھا کہ ہر بیماری کیلئے اذان لاتعداد پڑھیں بیماری غائب ہوجائے گی۔ راقمہ نے باوضو اذان پڑھنی شروع کیں اور بچی کے دائیں اور بائیں کان میں دم کرتی رہی ایک گھنٹے مسلسل اذان پڑھتی رہی۔ اور بچی منہ سے کے ذریعے وہ زہر اُگلتی رہی۔

یہ زہر بچی کو ختم کردے گا

(1) کچھ دن ہوئے ایک ساتھی کی عیادت کی غرض سے جانا ہوا۔ ان کی قیام گاہ پر پہنچ کر صحیح طریقے سے بیٹھ بھی نہ پائی تھی کہ فرسٹ فلور سے بڑی خوفناک آواز آرہی تھی۔ یوں لگ رہا تھا جیسے کسی کا نرخرہ دبایا جارہا ہے۔ ساتھ ہی مزید آوازیں آرہی تھیں۔ رونے دھونے کی اور ساتھ ہی وہ کہتی جاتی تھیں اب کیا ہوگا تمام کلینک بند ہیں چھ بجے ڈاکٹر آئے گا جون کے تین بجے کی تپتی دوپہر ایسے وقت میں کس کو بلائیں۔ اتنی دیر میں تو زہر بچی کو ختم کردے گا۔ یہ کیا ماجرا ہے۔ راقمہ نے میزبان بہن سے پوچھا انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا لیکن فکرمند بھی ہوئیں چلیں فرسٹ فلور پر جاکے دیکھتے ہیں ان پر کیا مصیبت آن پڑی۔ میزبان بہن کا فرسٹ فلور رینٹ پر تھا۔ جب اطمینان ہوگیا کہ وہاں صرف خواتین ہیں یہ سننا تھا کہ تقریباً بھاگتے ہوئے زینہ چڑھا۔ جو دیکھا اور سنا تو میرے رونگھٹے کھڑے کردینے والا منظر تھا۔ B.S.C کی طالبہ نے اپنی دوا پی لیکن وہ دوا ابھی حلق ہی میں پہنچی تھی کہ تکلیف کی شدت سے قے شروع ہوئی دیکھنے پر معلوم ہوا کہ وہ اصل دوا کے بجائے کوئی زہریلی یا کیڑے مار زہر تھا۔ جلدی میں بچی نے اپنی دوا کے بجائے بنا دیکھے وہ پی لی۔

لیکن حلق کی نالی تک ہی پہنچا تھا کہ واش بیسن پر پہنچ کر زہر اُگل رہی تھی، مجھے اللہ کے ولی نے عمل دیا تھا کہ ہر بیماری کیلئے اذان لاتعداد پڑھیں بیماری غائب ہوجائے گی۔ راقمہ نے باوضو اذان پڑھنی شروع کی اور بچی کے دائیں اور بائیں کان میں دم کرتی رہی ایک گھنٹے مسلسل اذان پڑھتی رہی۔ اور بچی منہ کے ذریعے وہ زہر اُگلتی رہی۔ راقمہ کی مسلسل اذان پڑھنے سے کیفیت کچھ یوں تھی کہ اپنی گردن ہی مڑتی ہوئی محسوس ہورہی تھی جس کی وجہ سے شدید تکلیف محسوس کررہی تھی۔ دم کرتی رہی اور بچی زہر نکالتی رہی ایک گھنٹہ مسلسل عمل کے بعد بچی کا تمام زہر اللہ نے نکال دیا۔ اب بچی بالکل نارمل تھی۔ اس عرصے میں اپنی تکلیف بھول چکی تھی۔ ایک موقعہ اللہ نے عطا کیا مریضہ بہن کی عیادت اور دوسرا اسکا کرم کہ اللہ کی غیبی مدد سے بچی صحت یاب ہوگئی۔ وہ لوگ بے حد خوش بھی تھے اور مشکور بھی ان کو آفت کے وقت ہی عمل کرنے کا طریقہ بتایا۔ صدقہ دینے کیلئے کہا، نوافل ان سب لوگوں نے ادا کیے۔ زہر کا ایک ایک قطرہ اللہ نے نکال دیا۔ اللہ انہیں جزا دے جنہوں نے یہ عمل بتایا۔

سفر میں قے ہرگز نہیں آئے گی! صرف یہ پڑھ لیں!

(2) اسی طرح ایک مرتبہ راقمہ سفر میں تھی بلکہ اسٹینڈ پہ کھڑی تھی۔ ایک بچی بار بار کوچ میں جاتی اور پھر واپس اتر آتی۔ اے سی کوچ سے اترنا اور جون کی شدید گرمی میں اسٹینڈ پر کھڑے ہونا سمجھ سے بالاتر تھا آخر بچی کی والدہ سے معلوم کیا کہ ایسا کیا مسئلہ ہے کہنے لگی کہ یہ میری بیٹی ہے اسکو مسئلہ ہے جیسے ہی یہ کوچ میں بیٹھتی ہے اس کو قے ہوتی ہے اور مسلسل ہوتی رہتی ہے ان سے گزارش کی اگر کہیں تو اس بچی کو دم کردوں۔ انہوں نے کہا کہ ہر قسم کا دم اور تعویذ اب تک کروا چکے ہیں۔ شاید آپ کا کیا ہوا دم ہی کام آجائے اسکے دائیں اور بائیں کان میں سات سات مرتبہ اذان پڑھ کر دم کیا اور دعا کی۔ انہوں نے میرا فون نمبر لے لیا کافی عرصہ گزر گیا۔ ان کا فون آیا بچی کی والدہ کہہ رہی تھیں کہ جب سے اذان پڑھ کر دم کیا ہے اسکے بعد میری بچی کو کبھی بھی سفر میں قے نہیں ہوتی۔ اللہ کے کلام میں بہت شفا ہے یقین ہونا چاہیے۔

(3) ایک اور واقعہ ایک خاتون جب بھی سفر کرتیں انہیں ہمیشہ قے ہوتی کچھ کھا پی بھی نہیں سکتی تھیں۔ وہ میرے گھر سے روانہ ہونے لگیں خاصا لمبا تھا۔ سفر کیلئے کھانا دیا تو کہنے لگیں مجھے تو سفر میں بے حد قے ہوتی ہے۔ کھانا تو میں کھا ہی نہیں سکتی۔ ان سے معلوم کیا اگر وہ اجازت دیں تو دم کردیتی ہوں۔ انہوں نے خوشی سے حامی بھر لی۔ انکو دم کردیا اور بعد میں صدقہ بھی دیدیا۔ اپنی منزل پر پہنچنے کے بعد فون کیا اور بتایا کہ انکا سفر بہت آرام سے گزرا کھانا بھی کھایا اس کے بعد ان کو کبھی قے والا مسئلہ نہیں ہوا۔ قارئین واقعات تو بہت سے ہیں لیکن چند عرض کیے ہیں آپ کو کوئی مشکل ہو تو یہ اعمال کرلیا کریں۔ اللہ شفا دے گا۔

آئیڈیل بیوی کی تلاش

(مولانا وحیدالدین خاں)

وہ بڑھاپے کی منزل پر تھا مگر اس نے شادی نہیں کی تھی' اس لیے کہ اس کو ایک آئیڈیل رفیقہ حیات کی تلاش تھی لوگوں نے پوچھا: کیا آپ کو زندگی بھر کوئی ایسی خاتون نہیں ملی جو آئیڈیل رفیقہ حیات بن سکتی ہو۔ اس نے جواب دیا: ایک خاتون ایسی ملی تھی مگر مشکل یہ تھی کہ وہ بھی اپنے لیے ایک آئیڈیل شوہر تلاش کررہی تھی اور بدقسمتی سے میں اس کے معیار پر پورا نہ اتر سکا۔ لوگ عام طور پر دوسروں کی کمیوں کو جاننے کے ماہر ہوتے ہیں اس لیے ان کا کسی سے نباہ نہیں ہوتا۔ اگر آدمی اپنی کمیوں کو جان لے تو اس کو معلوم ہو کہ وہ بھی اسی بشری مقام پر ہے جہاں وہ دوسرے کو کھڑا ہوا پاتا ہے۔

اپنی کمیوں کا احساس آدمی کے اندر تواضع اور اتحاد کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ اس کے برعکس اگر وہ صرف دوسروں کی کمیوں کو جانتا ہو تو اس کے اندر گھمنڈ پیدا ہوگا اور کسی سے نباہ کرنا اس کے لیے مشکل ہوجائے گا۔ نفسیات کا مطالعہ بتاتا ہے کہ کسی ایک آدمی میں ساری خصوصیات جمع نہیں ہوتیں۔ کسی میں کوئی خصوصیت ہوتی ہے اور کسی میں کوئی خصوصیت پھر جس شخص میں کوئی ایک خصوصیت ہوتی ہے اس کے اندر اسی نسبت سے کچھ اور خصوصیات پیدا ہوجاتی ہیں جو گویا اس خصوصیت کا ضمنی نتیجہ ہوتی ہیں۔ مثلاً ایک شخص اگر بہادر ہے تو اسی نسبت سے اس کے اندر شدت ہوگی۔ ایک شخص شریف ہے تو اسی نسبت سے اس کے اندر نرمی ہوگی ایک شخص حساس ہے تو اسی نسبت سے اس کے اندر غصہ ہوگا۔ ایک شخص ذہین ہے تو اسی نسبت سے اس کے اندر تنقیدی مادہ ہوگا۔ ایک شخص عملی صلاحیت زیادہ رکھتا ہے تو اسی نسبت سے اس کے اندر فکری استعداد کم ہوگی۔ وغیرہ۔ ایسی حالت میں قابل عمل بات صرف ایک ہے ہم جس شخص کے ''روشن پہلو'' سے فائدہ اٹھانا چاہتے ہوں اس کے ''تاریک پہلو'' کو نظرانداز کریں۔ یہی واحد تدبیر ہے جس سے ہر کسی کی صلاحیتوں کو اپنے لیے کارآمد بنا سکتے ہیں۔ میاں بیوی کے تعلقات ہوں یا مالک اور ملازم کے تعلقات یا دکان دار اور شراکت دار کے تعلقات ہر جگہ اسی اصول کو سامنے رکھنے کی ضرورت ہے۔ اگر ہم کو ''پھول'' لینا ہے تو ہم کو ''کانٹے'' کو بھی برداشت کرنا ہوگا۔ جس کے اندر کانٹے کی برداشت نہ ہو اس کیلئے اس دنیا میں پھول کا مالک بننا بھی مقدر نہیں۔

چاند جیسے مکھڑے کے متلاشی عبقری کی چہرہ شفاء کیوں بھول گئے؟
آزمودہ طبی فارمولہ کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں قیمت 150 روپے
دانے' کیل مہاسے' جھائیاں' داغ' گڑھے' پیپ دار الرجی' رنگت میں تبدیلی ہو یا چہرے کا سیاہ ہوجانا اعتماد سے استعمال کریں۔
چہرہ شفاء صدیوں سے آزمودہ طبی فارمولہ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

نوجوان اپنی کھوئی توانائیاں دوبارہ حاصل کرسکتے ہیں!

سید رشید الدین احمد

نوجوانوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینی چاہیے کہ دور شباب خود بہت اچھا معالج ہوتا ہے۔ فطرت کے اصول اپناتے ہوئے صحیح غذا، ورزش اور پاکیزہ خیالات، مثبت سوچ اور صاف ستھرے طرز حیات اختیار کرکے وہ اپنی کھوئی ہوئی تمام توانائیاں دوبارہ حاصل کرسکتے ہیں۔

اپنی توانائیاں ضائع کرنے والے نوجوانوں کا علاج یہ نہیں کہ وہ رنگ برنگی گولیاں کھائیں۔ یہ بھی علاج نہیں کہ جن غارت گر صحت مشغلوں میں وہ مبتلا ہیں، وہ جاری رہیں۔ علاج یہ بھی نہیں کہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے شرم و حیا کے پیکر بنے کسی مخلص شخصیت و معالج سے مشورہ نہ کریں۔ نوجوانوں کو یہ بات اچھی طرح ذہن نشین کرلینی چاہیے کہ دور شباب خود بہت اچھا معالج ہوتا ہے۔ فطرت کے اصول اپناتے ہوئے صحیح غذا، ورزش اور پاکیزہ خیالات، مثبت سوچ اور صاف ستھرے طرز حیات اختیار کرکے وہ اپنی کھوئی ہوئی تمام توانائیاں دوبارہ حاصل کرسکتے ہیں۔ نوجوانوں کو حکماء اور ویدوں کا یہ قول گرہ میں باندھ لینا چاہیے کہ ہر نوجوان کو اچھی صحت اور توانائی اور کامیاب زندگی کیلئے اپنی توانائیوں کی حفاظت کی کوشش اور جتن کرنا چاہیے۔ اسباب: گرم غذاؤں، مرچ مصالحوں، زیادہ گوشت، چائے، کافی، کولا مشروبات وغیرہ کے کثرت استعمال کا جوہر حیات پر مضر اثر مرتب ہوتا ہے۔ آنتوں کی سستی، قبض، پانی کے کم پینے سے اندرون شکم واقع جنسی مراکز کی حرارت میں اضافہ کے بھی اس پر منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ فحش لٹریچر کا مطالعہ، سوشل میڈیا میں فحش تصاویر اور ویڈیوز کی بھرمار اور ان پر توجہ کرنا۔ تمباکو اور دیگر نشوں کے استعمال کا بھی اس میں بڑا دخل ہوتا ہے۔ ان سے تحریک، خودلذتی اور دیگر غیر فطری طریقوں کے اختیار کرنے کا سبب بنتی ہے اور پھر ان میں کثرت جوہر حیات کے بے تحاشا خرچ کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے۔ مذہب سے بے پروائی اور اخلاق و کردار کی کمی بھی اس کا ایک اہم سبب ہوتی ہے۔

اچھی عادات اپنائیے

رات جلد سونے اور صبح تڑکے بیدار ہونے کی عادت ڈالیے۔ نیند سے بیدار ہوتے ہی لیٹے لیٹے پیٹ سے گہرے سانس لیجئے یعنی سانس لیتے وقت پیٹ بھی اوپر اٹھے۔ تھوڑی دیر سانس روک کر دھیمی رفتار سے سانس مکمل طور پر اس طرح خارج کیجئے کہ پیٹ اندر کو بھنچے۔ سانس کا یہ عمل کم از کم چھ مرتبہ دہرائیے۔ اب سانس لیتے ہوئے دونوں پیر بالکل سیدھے بستر سے ایک بالشت اوپر اٹھائیے اور اسی حالت میں سانس لیتے رہیے۔ چھ تک گنتی کرکے پیر واپس رکھ دیجئے۔ یہ ورزش دو سے چھ مرتبہ کیجئے۔ ان دونوں ورزشوں سے نیند اور سستی غائب ہوجائے گی۔ سانس ٹھیک ہونے پر غسل خانے کا رخ کیجئے اور منہ ہاتھ دھوکر ٹھنڈے یا نیم گرم پانی سے غسل کیجئے۔ صاف ستھرے کپڑے پہن کر ایک دو گلاس تازہ پانی ٹھہر ٹھہر کر پیجئے، مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کیجئے اور پاک صاف اور بااصول زندگی گزارنے کا عزم کرکے اس میں استقامت کی دعا کیجئے۔

مراقبہ کیجئے

مسجد سے نکل کر کسی صاف ستھری اور پرسکون جگہ پر یا پھر اپنے کمرے میں بالکل سیدھے بیٹھ کر مراقبہ کیجئے یعنی اپنی جسمانی اور ذہنی حالت کا جائزہ لیجئے۔ ایسے افراد بالعموم مستقل مزاجی سے عاری ہوتے ہیں اور ان کے ذہن پرسکون اور آسودہ نہیں ہوتے۔ پریشان خیالی انہیں تنگ کرتی ہے۔ ایسے افراد کو مراقبے کے وقت اپنا جائزہ لینے کے بعد عہد کرنا چاہیے کہ جو گزر گیا وہ ماضی کا قصہ بن چکا ہے اب ہر آنے والی صبح بہتر حالات، اچھی صحت اور کامرانیوں کی نوید لائے گی۔ یہ خیال بار بار دہرائیے کہ آپ کی قوت ارادی مضبوط ہوتی جارہی ہے۔ ذہن صاف اور روشن ہوتا جارہا ہے۔ جسم میں قوت بڑھ رہی ہے۔ آپ کا مادۂ حیات صحت مند ہورہا ہے۔ اب آپ ایک پاکیزہ عادات کے حامل نوجوان اور انسان ہیں۔ زندگی میں طہارت اور تقویٰ جگہ پاتے جارہے ہیں۔ آپ نے برے خیالات، برے دوست، برا ماحول ترک کردیا ہے اور ان سے ہمیشہ کیلئے تائب ہوگئے ہیں۔ اس دوران میں گہرے سانس لیتے رہیے اور ان نکات کو کم از کم 21 مرتبہ دہرائیے۔ صبح اس مراقبے کا موقع نہ ملے تو سونے سے پہلے یہ عمل کیجئے۔ یہ بھی بہترین وقت ہوتا ہے اس کے بعد بستر میں دراز ہوکر جو آیات اور سورتیں یاد ہوں ان کا ورد کرتے ہوئے سو جائیے۔

اچھی غذا کھائیے!

ان عادات اور امراض سے نجات کیلئے ضروری ہے کہ تازہ زود ہضم اور اچھی غذا کھائی جائے۔ اچھی غذا سے مراد بھاری اور مرغن غذائیں نہیں بلکہ حیاتین، پروٹین اور معدنیات سے پر قدرتی غذائیں ہیں۔ دن میں جب بھی موقع ملے اور موافق ہو تو تازہ پانی میں ایک لیموں نچوڑ کر پی لیا جائے۔ اس کا بہترین وقت ناشتے اور ورزش سے پہلے ہوتا ہے۔ قبض کی شکایت ہو تو اس میں تھوڑا سا نمک ملا لیا جائے۔ یہ مشروب خصوصاً حیاتین ج اور دیگر معدنی نمک جسم کو فراہم کرے گا جس سے قوت مدافعت مستحکم ہوتی جائے گی۔

کچھ عرصہ تک ناشتہ میں انڈوں اور گوشت سے پرہیز کرنا مناسب ہے۔ دلیہ، دودھ، دہی، سادہ روٹی، ساگ کا ناشتہ مناسب رہے گا۔ اس وقت کوئی موسمی پھل بھی کھانا اچھا ہوتا ہے۔ روٹی بے چھنے آٹے کی ہونی چاہیے۔ رات بھگوئے ہوئے چنوں کو ابال کر یا بھون کر خوب چبا کر کھانا بھی بہت مفید ہوتا ہے۔ چنوں سے جسم کو نباتاتی پروٹین ملتی ہے اور توانائی بڑھتی ہے۔ ان میں حسب پسند پیاز، لہسن، کھیرا، لیموں، ہرا دھنیا وغیرہ ڈالنے سے ایک بہترین زود ہضم ڈش تیار ہوجاتی ہے۔ غذا خوب چبا کر کھانی چاہیے تاکہ منہ کا لعاب اس میں خوب شامل ہوجائے۔ اس طرح یہ اچھی طرح ہضم بھی ہوجائے گی۔

کھانوں کے درمیان پانی خوب پینا چاہیے۔ دن میں دس سے بارہ گلاس پانی پینے کی عادت ڈالنی چاہیے جب بھی پیشاب وغیرہ کی حاجت محسوس ہو اسے ٹالنے کی کوشش ہرگز نہیں کرنی چاہیے۔ اجابت اگر دن میں دو بار ہو تو زیادہ بہتر ہے۔ اس کیلئے کھانے میں موسمی سبزیاں، سلاد اور چھلکے والی دالیں رغبت سے کھانی چاہئیں۔ کم مصالحہ جات والی غذاؤں اور پانی زیادہ پینے سے بڑی آنت صاف اور ہلکی رہے گی۔ یعنی اس میں فضلے کے نہ ہونے سے اندرونی جنسی اعضاء پر دباؤ کم ہوگا تو مثانے کے بروقت خالی ہونے سے بھی یہی فائدہ ہوگا۔ فرصت کے اوقات میں اچھی کتب کے مطالعہ کی عادت ڈالنی چاہیے۔ سیرت النبی ﷺ، احادیث مبارکہ، تفسیر اور نیک سیرت کامیاب افراد کی سوانح اور اخلاقی واقعات و کہانیوں کے مطالعے سے ذہن و عزم صاف اور قوی ہوں گے۔ تفریح کے اوقات میں کھیلنا بھی چاہیے اور اچھے ذی علم اور صاحب کردار لوگوں کی صحبت اختیار کرنی چاہیے۔

خون افزا ٹانک
خون بنانے والی گولیاں
☆ کمی خون کی ہر وجہ کا حل۔ ☆ صالح خون پیدا کرے، جسم کو فربہ اور توانا بنائے ☆ چہرے کا رنگ نکھارے۔ دل کو فرحت اور معدہ و جگر کو تازگی دے۔ ☆ سالہا سال کی تھکاوٹ، اسٹریس، ڈیپریشن کا چند ڈبوں سے خاتمہ ☆ بھوک بحال اور صحت شاندار بنائے ☆ خواتین کیلئے آب حیات سے کم نہیں۔
قیمت: 120/- روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHID KHAN AFSHAR

غلط جوتے کا انتخاب آپ کو بیمار کرسکتا ہے!

(ڈاکٹر رشید، فیصل آباد)

جب آپ جوتے کا انتخاب کریں تو جوتا پہننے کے بعد کھڑے ہو کر دیکھیں کہ آپ کا انگوٹھا جوتے کی ٹو سے نہیں ٹکرا رہا ہے۔ یاد رکھئے کہ آپ کے پہنے ہوئے جوتے کی ٹو اور انگوٹھے کے درمیان ایک انگوٹھے کی موٹائی جتنا فاصلہ ہونا چاہئے۔

پاؤں کی نگہداشت کیسے کی جائے

پاؤں جسم کا وہ حصہ ہیں جو پوری زندگی پورے جسم کا بوجھ اٹھائے پھرتے ہیں۔ اس کے باوجود جسم کے تمام حصوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ عدم توجہی کا شکار ہوتے ہیں۔ ہنستی کھیلتی زندگی میں کسی کو کبھی بھی پاؤں کی دیکھ بھال کا خیال نہیں آتا۔ پاؤں کی جانب توجہ صرف اس وقت کی جاتی ہے جب پاؤں میں تکلیف ہوجائے یا پاؤں میں کوئی خرابی پیدا ہوجائے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ جسم اور چہرے کی طرح پاؤں کو بھی نگہداشت کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہوسٹن کے بائلر کالج آف میڈیسن کے آرتھوپیڈک سرجن جان میری فونٹ کا کہنا ہے کہ پاؤں کی زیادہ تر خرابیاں غلط جوتوں کے انتخاب کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ خاص طور پر تنگ جوتے پہننے سے نہ صرف پاؤں میں خرابیاں پیدا ہوجاتی ہیں بلکہ پاؤں اور انگلیاں بدنما اور بھدی ہوجاتی ہیں۔ جان میری فونٹ کا کہنا ہے کہ نرم، آرام دہ اور کشادہ جوتوں میں پاؤں محفوظ رہتا ہے اور بہت سی بیماریوں سے بچا رہتا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جوتوں کا انتخاب کرتے ہوئے اگر چند احتیاطی تدابیر اختیار کرلی جائیں تو جوتوں کے غلط انتخاب سے بچا جاسکتا ہے۔

پاؤں کے ماپ میں عمر کے ساتھ تبدیلی

پاؤں کے ماپ میں عمر کے ساتھ تبدیلی آتی رہتی ہے اس لئے ضروری ہے کہ ہر بار نہیں تو کم از کم سال میں ایک مرتبہ ضرور پاؤں کا ماپ چیک کرلینا چاہیے۔ تقریباً 66 فیصد لوگوں کا ایک پاؤں دوسرے پاؤں سے قدرے بڑا ہوتا ہے۔ ایسے لوگوں کو جوتا خریدتے ہوئے بڑے پاؤں کے ساتھ کا جوتا خریدنا چاہیے۔ دوسرے پاؤں کے جوتے میں انرسول ڈال کر اس کا سائز کم کیا جاسکتا ہے۔

دن بھر کے کام کاج اور دوڑ بھاگ کے دوران صبح کے مقابلے میں پاؤں شام تک قدرے سوج جاتے ہیں جسے عام طور پر محسوس نہیں کیا جاتا تاہم جوتا خریدنے کا بہترین وقت شام کا ہی ہے جب آپ کا پاؤں اپنے انتہائی سائز پر پہنچا ہوا ہو۔ ایسے وقت میں خریدے ہوئے جوتے کبھی تنگ محسوس نہیں ہوتے اور پاؤں کو آرام ملتا رہتا ہے۔

پاؤں کا ماپ ساتھ رکھئے

ممکن ہے یہ بات آپ کو احمقانہ لگے کہ جوتوں کی خریداری کیلئے گھر سے نکلنے سے پہلے ایک کاغذ پر اپنے پاؤں کا نقشہ اتار لیں جس میں پاؤں کی لمبائی چوڑائی درست انداز میں ظاہر ہو۔ جوتوں کا انتخاب کرتے ہوئے اپنے ساتھ لائے ہوئے ماپ سے جوتے کی چوڑائی کو ناپ کر دیکھئے۔ اگر یہ چوڑائی آپ کے ماپ سے کم ہے تو کسی ایسے دوسرے جوتے کا انتخاب کیجئے جس کی چوڑائی آپ کے پاؤں کے چوڑائی کے برابر ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جوتوں کی لمبائی کے ساتھ ان کی چوڑائی مختلف ہوتی ہے۔ ایک ہی سائز کے جوتے کی چوڑائی تین انچ سے ساڑھے تین انچ یا چار پانچ تک ہوسکتی ہے۔ آپ ایسے جوتے کا انتخاب کریں جو آپ پاؤں کی چوڑائی کے مطابق ہو۔

فٹنگ چیک کریں

جب آپ جوتے کا انتخاب کریں تو جوتا پہننے کے بعد کھڑے ہو کر دیکھیں کہ آپ کا انگوٹھا جوتے کی ٹو سے نہیں ٹکرا رہا ہے۔ یاد رکھئے کہ آپ کے پہنے ہوئے جوتے کی ٹو اور انگوٹھے کے درمیان ایک انگوٹھے کی موٹائی جتنا فاصلہ ہونا چاہئے۔ اونچی ایڑی کے جوتوں میں اس فرق کو ضرور ملحوظ رکھنا چاہئے کیونکہ چلتے ہوئے پاؤں کا بوجھ انگوٹھے کی جانب ہوتا ہے۔

نئے جوتے کے انتخاب کے بعد جوتے پہن کر چہل قدمی کرکے دیکھئے تاکہ آپ کو اندازہ ہوسکے کہ جوتا کہیں سے تنگ تو نہیں ہے۔ اس کے علاوہ اپنے پنجے اونچے کرکے بھی دیکھئے تاکہ آپ کو اندازہ ہوسکے کہ آپ کے پاؤں اٹھا کر چلنے سے انگوٹھا ٹو سے نہ ٹکرا رہا ہو۔

پاؤں کا سائز

واشنگٹن ڈی سی کے پوڈیاٹرسٹ (پاؤں کا معالج) آرنلڈ ریوک کا کہنا ہے کہ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ پاؤں کا سائز بھی بڑھتا رہتا ہے اور یہ سائز نصف سے تین سائز تک پہنچ سکتے ہیں۔ عمر کے علاوہ پاؤں بڑھنے کے اسباب میں حمل اور وزن بڑھنے کا سبب بھی شامل ہے۔ مہناٹن پیچ کے آرتھوپیڈک فٹ اینڈ اینکل سینٹر کی ڈائریکٹر کورل فرلے کا کہنا ہے کہ حاملہ خواتین میں حمل کے دوران رطوبتوں اور خون کے حجم میں اضافہ کی وجہ سے جسم کے بہت سے حصے بڑھ جاتے ہیں۔ اس بڑھوتری کا اثر پاؤں پر بھی ہوتا ہے اور اس سے پاؤں کے سائز میں 25 فی صد تک اضافہ ہوسکتا ہے۔ کورل فرلے کا کہنا ہے کہ عموماً وضع حمل کے بعد خواتین کے پاؤں چوڑے ہو جاتے ہیں بعض خواتین میں تین چار بچوں کی پیدائش کے بعد پاؤں کا سائز مستقل طور پر بڑھ سکتا ہے۔

پاؤں میں ایڑھی اور انگلیوں کے جوڑوں کے ابھار کے درمیان اندرونی جانب قوس نما خلا ہوتا ہے۔ یہ قوس پاؤں میں لچک پیدا کرتا ہے اور اسپرنگ کا کام کرتا ہے۔ لیکن عمر بڑھنے کے ساتھ اس قوس کی گہرائی کم ہونے لگتی ہے اور پاؤں کا تلوا سیدھا ہونے لگتا ہے جس کی وجہ سے پاؤں کی چوڑائی اور لمبائی بڑھ جاتی ہے۔

لاس اینجلس کے سیڈرز سنائی میڈیکل سینٹر کی پوڈیاٹرسٹ نورین اوسویل کا کہنا ہے کہ جب جسم کا وزن بڑھنے لگتا ہے تو پاؤں کے سائز پر بھی اثر ہوتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عموماً 20 پونڈ یا اس سے زیادہ وزن بڑھنے کی وجہ سے تھوڑے عرصے میں ہی پاؤں میں ٹوٹ پھوٹ کا عمل شروع ہوجاتا ہے جس سے پاؤں کا سائز تبدیل ہوجاتا ہے۔

پاؤں کے امراض اور تدارک

عدم توجہی اور نگہداشت نہ ہونے کی وجہ سے بیشتر لوگوں کے پاؤں مختلف عارضوں کا شکار رہتے ہیں جبکہ تھوڑی سی توجہ اور کوشش سے ان تکالیف سے نجات حاصل کرنا کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

دل کا حال جاننے کیلئے یہ پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے پاس ایک عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کرتی ہوں:۔ جو شخص چاہے کہ اسے دوسرے کے دل کا حال معلوم ہو یا دلوں کو تسخیر کرنا چاہے تو اسے چاہیں کہ روزانہ بعد نماز فجر یَاوَلِیُّ 140 مرتبہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔ (تاج چیمہ، لاہور)

ستر سے زائد لاعلاج، پیچیدہ اور انوکھی بیماریوں کیلئے سو فیصد شفاء
ستر شفائیں
دل کے والو کھولنے میں اتنی لاجواب کہ سرجن حیران
جسم کی ضائع شدہ قوتوں کی فوری بحالی کیلئے ایک انوکھا تریاق
معدے کے تمام امراض میں یکساں مفید
لاعلاج مریض صرف چند ڈبیوں سے ہمیشہ کیلئے صحت یاب
جوڑوں کے ہر قسم کے امراض کا بارہا کا آزمودہ علاج
(قیمت صرف 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

پاکستان میں طلاق کی 7 اہم وجوہات ضرور جانیے

محمد ریحان، راولپنڈی

ایک بہترین ازدواجی زندگی کے لیے ضروری ہے کہ ہر معاملے پر کھل کر بات چیت کی جائے اور اپنے شریک حیات کو اعتماد میں لیا جائے۔ سرد رویے صرف تعلقات کو خراب کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ خواتین عام طور پر جذباتی اور حساس ہوتی ہیں اس لیے وہ آسانی سے کسی چیز کو نظر انداز نہیں کرتیں۔

دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی دن بہ دن طلاق کی شرح میں اضافہ ہوتا جارہا ہے۔ طلاق کی شرح میں اضافہ ہونے کی کئی اہم وجوہات ہیں۔ اگر ان باتوں پر بروقت دھیان نہ دیا گیا تو ممکن ہے کہ آنے والے دنوں میں دنیا بھر سمیت پاکستان میں بھی طلاق کی شرح میں قابو پانا مشکل ہی نہیں ناممکن ہوجائے گا۔ آئیں طلاق کی شرح میں اضافہ ہونے کی کچھ اہم وجوہات پر نظر ڈالتے ہیں۔

غصہ اور تکرار

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ لوگوں کے اندر غصہ اور تکرار کا عمل بڑی تعداد میں پایا جاتا ہے۔ بعض میاں بیوی کے درمیان معمولی سی لڑائی بڑی بحث میں تبدیل ہوجاتی ہے اور ایسے میں غصہ حاوی ہوجاتا ہے اور یوں میاں بیوی کے درمیان ایک چھوٹی سی نوک جھونک طلاق کی شکل اختیار کرلیتی ہے۔ بات طلاق تک نہ پہنچے اس کے لیے ضروری ہے کہ میاں یا بیوی میں سے کوئی ایک خاموشی اختیار کرلے تاکہ لڑائی پہ قابو پایا جاسکے۔

غیر حقیقی توقعات

عموماً میاں بیوی کے درمیان غیر ضروری خواہشات یا غیر حقیقی توقعات جنم لیتی ہیں۔ بعض اوقات بہت زیادہ امیدیں یا توقعات وابستہ کرلی جاتی ہیں اور جب وہ پوری نہیں ہوتیں تو جوڑوں کے درمیان تناؤ کی کیفیت پیدا ہونے لگتی ہے۔ اور یہی تناؤ بڑھتے بڑھتے طلاق کی صورت اختیار کرلیتا ہے۔

میاں اور بیوی کو چاہیے کہ وہ اپنی غیر ضروری خواہشات کو قابو میں رکھیں اور صبر و شکر کریں تاکہ سکون کی زندگی بسر کرسکیں۔

تشدد

پاکستانی معاشرے میں طلاق کی ایک بڑی وجہ گھریلو تشدد بھی ہے۔ اکثر چھوٹی سی بات پر کی جانے والی بحث تبدیل ہوکر تشدد کی صورت اختیار کرلیتی ہے۔ تشدد کی بنیادی وجہ برداشت کی کمی ہوتی ہے۔ اور یہی تشدد جب حد سے بڑھتا ہے یا ناقابل برداشت ہوجاتا ہے تو بیوی تنگ آکر طلاق لے لیتی ہے۔ ایسی صورت میں مرد حضرات کو بھی چاہیے کہ وہ اپنے غصے اور اپنی عدم برداشت کی کیفیت پر قابو پانے کی کوشش کریں۔ اس کے علاوہ خواتین بھی ایسی باتوں اور بحث سے گریز کریں جن میں تشدد یا لڑائی کا اندیشہ ہو۔

اڈھیر عمر میں شادی

ایک سب سے اہم مسئلہ کم عمری میں ہی شادی کا ہوجانا ہے۔ پاکستان میں تقریباً 40 فیصد لڑکیوں کی شادیاں کم عمری میں کردی جاتی ہیں۔ جب ان کی عمر پڑھنے لکھنے کی یا کچھ سیکھنے کی ہوتی ہے تو انکی شادیاں کروادی جاتی ہیں۔ کم عمر لڑکی کے اندر شعور کی کمی ہوتی ہے اور وہ شادی جیسے رشتے میں بدگمانی کا شکار ہوجاتی ہے اور بنا سوچے سمجھے غلط فیصلے لے کر طلاق کی جانب اپنا قدم بڑھاتی ہے۔ اس لیے شادی کا صحیح عمر میں ہونا ضروری ہے۔

بات چیت کی کمی

ایک بہترین ازدواجی زندگی کے لیے ضروری ہے کہ ہر معاملے پر کھل کر بات چیت کی جائے اور اپنے شریکِ حیات کو اعتماد میں لیا جائے۔ سرد رویے صرف تعلقات کو خراب کرنے کا باعث بنتے ہیں۔ خواتین عام طور پر جذباتی اور حساس ہوتی ہیں اس لیے وہ آسانی سے کسی چیز کو نظر انداز نہیں کرتیں۔

سوشل میڈیا ایک بڑی وجہ

سماجی رابطوں کی ویب سائٹس سماجی رابطوں کی ویب سائٹ کے بڑھتے ہوئے استعمال سے ممکن ہے، کچھ لوگوں کو فائدہ بھی ہو رہا ہو، لیکن اس کا ایک بہت بڑا نقصان یہ ہے کہ ہر تیسری طلاق کی وجہ سماجی رابطوں کی ویب سائٹس ثابت ہو رہی ہیں۔ عام طور پر ہوتا یہ ہے کہ شادی شدہ مرد معصومیت میں اپنی کسی ''پرانی دوست'' سے بات چیت کا آغاز کرتے ہیں، لیکن کب یہ دوستی محبت میں بدل جاتی ہے، کسی کو کچھ علم نہیں ہوتا۔ اس کے علاوہ مخالف جنس کے ساتھ یہ سب سے آسان ترین پلیٹ فارم ثابت ہوتا ہے، پھر جب یہ باتیں شوہر یا بیوی کے سامنے آتی ہیں، تو تعلق خراب ہوتے ہیں، شک و شبہات میں اضافہ ہوتا ہے اور بدقسمتی سے بات طلاق تک پہنچ جاتی ہے۔

غیر سنجیدگی کی وجہ سے طلاق

آج کل کے نوجوانوں میں یہ رواج بہت زیادہ بڑھ گیا ہے۔ اس کی مثال تائیوان میں ہونے والے ایک واقعے سے دے سکتے ہیں، جہاں شادی صرف ایک ہی گھنٹے میں ختم ہوگئی۔ ہوا کچھ یوں کہ شادی کی تقریب کے بعد بیوی نے شوہر سے مطالبہ کیا کہ اسے ایک نئی گاڑی خرید کردی جائے، جس پر شوہر نے کہا کہ وہ اس بارے میں سوچے گا۔ بس یہ کہنے کی دیر تھی کہ بیوی نے کہا کہ اگر وہ اسے گاڑی نہیں دلاسکتا، تو بس پھر طلاق دے دے اور یہ اہم ترین رشتہ ختم ہوگیا۔

قارئین! جس طرح تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی، بالکل اسی طرح طلاق بھی کسی ایک کی غلطی سے نہیں ہوتی بلکہ شوہر اور بیوی دونوں ہی اس کے کہیں نہ کہیں ذمہ دار ہوتے ہیں چونکہ یہ بہت نازک اور خطرناک موڑ ہوتا ہے، اس لیے آپ کو درج بالا وجوہات بتائیں تاکہ خدانخواستہ زندگی کے کسی بھی موڑ پر اگر آپ یہ غلط فیصلہ لینے کی کوشش کریں تو رک جائیں۔ اگر آپ کے ساتھی میں آپ کی نظر میں دس برائیاں ہیں تو صرف ایک لمحے کیلئے سوچیں آپ کو اس کی کوئی ایک اچھائی تو نظر آہی جائے گی۔ بس! اسی اچھائی کے سہارے آپ ہنسی خوشی اس کے ساتھ زندگی گزار سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ آپ چاہیں تو آپ کی نظر میں آپ کے جیون ساتھی میں جو برائیاں ہیں وہ بھی ختم کرسکتے ہیں۔ مگر کبھی بھی ایسا بھیانک فیصلہ ہرگز نہ کیجئے کیونکہ اس فیصلے سے دو انسان نہیں، دو خاندان نہیں بلکہ نسلیں برباد ہوجاتی ہیں۔

سیپیوں کے سفوف کا گوری رنگت سے کیا تعلق؟

سیپیوں کو گرم پانی میں ڈال کر برش سے صاف کرلیں پھر تھوڑا سا نمک ڈال کر تقریباً پانچ منٹ تیز آگ پر ابال لیں۔ ابال آنے کے بعد کسی چھلنی میں سیپیاں ڈال دیں جب پانی خشک ہوجائے تو انہیں تیز آگ پر جلائیں، سوئی گیس کے چولہے پر انہیں اچھی طرح سرخ ہونے دیں جب سرخ ہوجائیں تو کسی برتن میں پانی ڈال کر سیپیاں اس برتن میں ڈال دیں جب سیپیاں ٹوٹ جائیں تو ان کو ہاون دستہ میں کوٹ کر گرائنڈر میں پیس لیں۔ ایک چمچ سفوف تھوڑے سے دودھ میں مکس کرکے رات کو سونے سے پہلے اچھی طرح سے چہرے پر لگائیں صبح تازہ پانی سے منہ دھولیں چہرے کی تازگی کیلئے یہ سفوف نہایت موزوں ثابت ہوگا۔ (بنت عنایت الرحمٰن، کوئٹہ)

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولائتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل، مہاسے، چھائیاں، داغ دھبے دور کرنے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت:-/500 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بارش کے پانی کا کرشمہ! شوہر کا فالج ڈیڑھ ماہ میں بالکل ٹھیک

میرے شوہر کو ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے فالج ہوگیا۔ جمعہ کا دن تھا اور میرے شوہر روزے سے تھے۔ دائیں طرف والی سائیڈ نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ میں نے پھر بارش کا پانی دم کرکے پلانا شروع کردیا۔ اس کے ساتھ شہد سنت سمجھ کر، حاجت کے نفل، صدقہ اور دوائی میں جاری رکھی۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کی جان مال، عزت میں اضافہ فرمائے اور مخلوق خدا آپ سے فائدہ حاصل کرتی رہے۔ پچھلے رمضان میں دو دفعہ انتھک کوشش کرکے تسبیح خانہ گئی (اپنے بچوں اور شوہر سمیت)۔ بڑا سکون ملا۔ عبقری کی کئی سالوں سے قاری ہوں آج تک اس میں شائع شدہ وظائف سے فائدہ حاصل کرتی ہی ہوں۔ عبقری پڑھنے سے بھی پہلے (یاد نہیں کبھی وظائف کی) کتاب میں بارش کے پانی پر دم کرکے استعمال کرنے کا پڑھا اس پر عمل کیا اور سوفیصد مفید پایا۔

جگر کے مریض بارش کا پانی استعمال کریں

آج سے اٹھارہ سال قبل میرے شوہر کے پتے میں پتھریاں تشخیص ہوئیں۔ ان کے آپریشن کے لیے انہیں آپریشن تھیٹر لے جایا گیا تو یرقان نکل آیا اور ڈاکٹرز نے دوسرے ٹیسٹ لکھ دیئے۔ ٹیسٹ کروائے تو کالا یرقان نکل آیا اس کے بعد میں نے بارش کے پانی پر دم کیا یعنی 70 دفعہ آیت الکرسی، 70 دفعہ سورۂ فاتحہ، 70 دفعہ سورۃ الاخلاص، 70 دفعہ سورۃ الفلق، 70 دفعہ سورۃ الناس پڑھ کر دم کیا اور سات دن نہار منہ پانی استعمال کروایا ساتھ ہی بچوں کو بھی دیا۔ اس کے بعد آج تک میرے شوہر کا ٹیسٹ کروانے پر پازیٹو تو آتا ہے مگر جگر کا کوئی نقصان نہیں ہوا۔

فالج کے مریض کی شفاء یابی اور بارش کا پانی

اس کے بعد 2013 میں میرے شوہر کو ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے فالج ہوگیا۔ جمعہ کا دن تھا اور میرے شوہر روزے سے تھے۔ دائیں طرف والی سائیڈ نے کام کرنا چھوڑ دیا۔ میں نے پھر بارش کا پانی دم کرکے پلانا شروع کردیا۔ اس کے ساتھ شہد سنت سمجھ کر، حاجت کے نفل، صدقہ اور دوائی بھی جاری رکھی۔ اللہ کے کرم سے اور سب کی دعاؤں سے میرے شوہر کو شفا ملی اور تقریباً ڈیڑھ ماہ میں انہوں نے اپنی دائیں سائیڈ پر وزن ڈالنا شروع کردیا۔ اپنے میاں جی کا ہر کام میں خود کرتی تھی۔ واش روم لے کر جانا، نہلانا، کھانا پلانا، کپڑے بدلنا غرض ہر کام اس کے بعد تقریباً تین ماہ بعد یہ خود چلنے لگے بغیر کسی سہارے کے اپنے سب کام بھی خود کرنے لگے۔ آج یہ اپنی ڈیوٹی پر بھی جاتے ہیں اور کوئی بہت ہی غور کرے تو جان پاتا ہے کہ کوئی مسئلہ ہے۔ اللہ پاک کی ذات عالی پر یقین رکھتے ہوئے اور لوگوں کو بھی بارش کا پانی دم کرکے دیا اور اللہ پاک نے سب کو شفاء دی۔ (مسز شکیل، گوجرانوالہ)

جلد از جلد بیروزگاری کا خاتمہ چاہیے تو یہ پڑھیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میری نوکری کا مسئلہ تھا' بہت پریشانی تھی' لاکھ کوشش کرنے کے باوجود بھی نوکری نہیں ملتی تھی۔ میں نے آپ کے درس میں سنا تھا کہ آپ کے مرشد پاک رحمۃ اللہ علیہ نے ایک عمل بتایا تھا کہ قرآن پاک کی ہر سطر پر نَسْتَغْفِرُكَ وَنَتُوْبُ اِلَيْهِ پڑھتے جائیں اور انگلی پھیرتے جائیں۔ پریشانی کا تصور کرکے پڑھنے سے بڑے سے بڑا مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ جتنا جلد اور جتنے زیادہ قرآن پاک اس طریقے سے پڑھیں گے اتنا زیادہ جلد کام بنتا ہے۔ میں نے تو صرف ڈیڑھ مرتبہ ہی پڑھا تھا کہ میرا مسئلہ حل ہوگیا۔ (م۔س، میاں چنوں)

قبض کیلئے یہ نسخہ استعمال کررہا ہوں! کمال ہے!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں گزشتہ کئی سال سے قبض جیسے مرض کا شکار تھا' بے شمار ٹوٹکے اور ادویات استعمال کیں مگر افاقہ نہ ہوا۔ اس صورتحال میں سخت پریشان رہتا تھا' عبقری رسالہ کافی عرصہ سے ہمارے گھر میں آتا ہے' ایک مرتبہ صوفے پر پڑا تھا' اٹھا کر پڑھنا شروع کیا تو اس میں قبض کیلئے ایک نسخہ چھپا تھا میں اسی وقت پنساری کی دکان پر گیا' دوستی سی چیزیں لایا اور بنا کر استعمال شروع کردیا' ابھی صرف ایک ہفتہ ہی استعمال کیا ہے کہ پرانی قبض میں ستر فیصد افاقہ محسوس کررہا ہوں۔ ھوالشافی: سرسوں کے بیج اور ثابت اسپغول ہم وزن لیکر مکس کرلیں' ایک چمچ ہر کھانے کے بعد۔ (توصیف احمد' لاہور)

اس ماہ کا نورانی مراقبہ

مراقبے سے علاج

مراقبے کے جب کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سوفیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردے گا۔

Meditation یعنی مراقبہ جہاں ازل سے روحانیت کی ترقی اور مشکلات کے حل کا علاج رہا ہے وہاں جدید سائنس نے اسے امراض کا یقینی علاج بھی قرار دیا ہے۔ ہزاروں تجربات کے بعد عبقری کے قارئین کے لئے مراقبے سے علاج پیش خدمت ہے۔ سوتے وقت اگر باوضو اور پاک سوئیں تو سب سے بہتر ورنہ کسی بھی حالت میں صرف 10 منٹ بستر پر بیٹھ کر بلا تعداد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھیں۔ اول و آخر 3 بار درود شریف پڑھیں پھر لیٹ جائیں۔ جس مرض کا خاتمہ یا الجھن کا حل چاہتے ہوں اس کو ذہن میں رکھ کر یہ تصور کریں کہ" آسمان سے سنہرے رنگ کی روشنی میرے سر سے سارے جسم میں داخل ہوکر اس مرض کو ختم یا الجھن کو حل کررہی ہے اور اس وظیفے کی برکت سے میں سو فیصد اس پریشانی سے نکل گیا/گئی ہوں" یہاں تک کہ اس تصور کو دہراتے دہراتے نیند آجائے۔ شروع میں تصور بناتے ہوئے آپ کو مشکل ہوگی لیکن بعد میں آپ پر جب اس کے کمالات کھلیں گے تو حیرت کا انوکھا جہان اور مشکلات کا سو فیصد حل خود آپ کو حیرت زدہ کردیگا۔

مراقبہ نے زندگی میں سکون بھر دیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ رب العزت آپ سے یوں ہی دین کی خدمت لیتے رہیں اور آپ کا سایہ ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین! عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتی ہوں۔ اس میں موجود چھوٹے سے عمل "مراقبہ" نے میری زندگی میں سکون بھر دیا ہے۔ مجھے بواسیر کی سخت تکلیف تھی' موکے بنے ہوئے تھے' جب واش روم آتا' مجھے موت نظر آتی' میری ایک دوست نے مجھے مراقبہ کے متعلق بتایا' میں نے بتائے گئے طریقے پر مراقبہ کرنا شروع کردیا' حالانکہ ابھی میرا تصور بھی صحیح بننا شروع نہیں ہوا تھا اس کے باوجود رب کا کرم ہوا اور میری عرصہ پرانی بواسیر صرف دو دنوں میں ہی ٹھیک ہوگئی۔ الحمدللہ اب میں بڑی سہولت کے ساتھ بیت الخلاء سے فارغ ہوجاتی ہوں۔ اب تو مجھے کوئی مسئلہ' کوئی مجبوری' کوئی الجھن ہو سخت تصور کے ساتھ مراقبہ کرتی ہوں اللہ رب العزت کی مدد آجاتی ہے۔ (ج، گجرات)

تندرستی ٹانک
شاہی ٹانک جسم وجان کیلئے
تمام اعضاء کیلئے آب حیات
گھر بھر کی ضرورت
چند دنوں کے استعمال سے صحت قابل رشک بنائیں
چند روز کا استعمال اور برسوں کی بھولی باتیں یاد آجائیں
ذہنی اور جسمانی کام کرنے والوں کیلئے بہترین تحفہ
(قیمت 440 روپے)

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آپ کا سوال۔ حضرت علامہ لاہوتی کا جواب

1۔ جو وظیفہ آپ کو دیا جائے صرف اسی پر یقین کریں' اپنی مرضی سے وظائف تبدیل نہ کریں۔ **2**۔ وظیفے کے دوران اگر مسئلہ مزید بڑھ جائے تو گھبرا کر وظیفہ نہ چھوڑیں بلکہ مزید توجہ' یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل جاری رکھیں۔ وظیفے کے دوران اکتاہٹ' بے چینی وغیرہ اس بات کی علامت ہے کہ وظیفہ اپنا کام کررہا ہے۔ **3**۔ جو وظیفہ دیا گیا ہے اسے پابندی اور توجہ سے پڑھیں۔ بے یقینی وظیفہ کی تاثیر کو ختم کردیتی ہے۔ **4**۔ مستقل پڑھیں' جلدی نہ کریں۔ **5**۔ تمام گھر والے پڑھیں' ورنہ جتنے زیادہ افراد ممکن ہو پڑھیں۔ **6**۔ بعض جادو' جنات' بندشیں' اثرات' مسائل اور مشکلات خاندانی ہوتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے میں کچھ وقت لگ جاتا ہے۔ **7**۔ عمل شروع کرنے کے چالیس یا نوے دن بعد دوبارہ کوپن کے ہمراہ اپنی کیفیات لکھیں۔ **8**۔ اگر آپ کو علامہ صاحب نے پہلے وظیفہ دیا ہوا ہے اور دوبارہ خط لکھنے کے بعد آپ کو وظیفہ مل جاتا ہے تو پہلے وظیفہ سے اگر آپ کو فائدہ پہنچ رہا ہے تو علامہ صاحب سے اجازت کے بعد پہلے وظیفے کے ساتھ دوسرا وظیفہ بھی جاری رکھیں۔

مریم صادق' سیالکوٹ۔ ساجدہ شاہین' لکی مروت۔ مہرالنساء' لکی مروت۔ غلام مجتبیٰ' قاضی احمد۔ شمیم اختر' چکوال۔ نادیہ شاہین' سیالکوٹ۔ حافظ محسن رضا' کبیروالا۔ صبیحہ خان' اسلام آباد۔ محمد سلطان' کراچی۔ ہما محمود' حیدرآباد۔ مبشر عزیز' راولپنڈی۔ راحت' ٹنڈوالہ یار۔ مقدس جمیل' بھمبر آزاد کشمیر۔ حافظ ظفر اقبال' راجن پور۔ حافظ محمد ذیشان' لاہور۔ چنداں ناز' لاہور۔ شگفتہ انجم' بہاولپور۔ حیات بی بی' خوشاب۔ سمیرا نعیم' بھکر۔ نزہت کریم' لاہور۔ امیر خان' سرگودھا۔ عائشہ کائنات' دینہ۔ بشریٰ تنویر' کراچی۔ ماریہ بی بی' حبیب آباد۔ جاوید صدیق' اوکاڑہ۔ عائشہ فرحی' چیچہ وطنی۔ انجم زاہد' ڈیرہ اسماعیل کان' محمد بلال' چکوال۔ محمد امان' کراچی۔ راحیلہ یٰسین' لاہور۔ فرخ شہزاد' ملتان۔ نور محمد' کراچی۔ طاہرہ جبین' واہ کینٹ۔ پروین کوثر' بہاولپور۔ سیدہ شہاب حسین' کراچی۔ گل شیر' کراچی۔ محمد جمیل احمد' خان پور۔ ایاز امبرین' فیصل آباد۔ خالد محمود' کراچی ملیر۔ نوشید افضل' لالہ موسیٰ۔ محمد فہد خان' کوٹلی۔ صائمہ ناز' نوشہرہ۔ غوشیہ حمید' ایبٹ آباد۔ محمد لطیف بیگ' سیالکوٹ۔ شہزاد احمد' حیدرآباد۔ سید شاکر حسین' اسلام آباد۔ مومنہ بیگم۔ محمد سلیم' کراچی۔ رضیہ سلطانہ' بھکر۔ یاسمین محمود اعوان' نوشہرہ۔ گل ناز فاطمہ' بہاولنگر۔ مسز فرزانہ انجم' راولپنڈی۔ کشور سلطانہ' بورے والہ۔ مومنہ گل' پشاور۔ محمد ریحان جٹ' راولپنڈی۔ رضوانہ کنول' کراچی۔ محمد بلال سلیم' اسلام آباد۔ محمد افضل' منچن آباد۔ تسلیم کوثر' ڈیرہ اسماعیل خان۔ ماجدہ قمر جہاں' منڈی بہاوالدین۔ بشیر احمد' حاصل پور۔ کوثر بانو' کراچی۔ فوزیہ' لاہور۔ جاوید اقبال' خانیوال۔ محمد انیس قریشی' کراچی۔ زبیر سلیم' لاہور۔ سلمان علی سلامت' لاہور۔ غزالہ فردوس' ڈیرہ اسماعیل خان۔ زہرہ مسعود' ڈیرہ اسماعیل خان۔ نسیم بی بی' لاہور۔ حلیمہ بیگم' لاہور۔ نورین' کراچی۔ نسیم زہرہ' منڈی بہاؤالدین۔ چن بی بی' ہری پور۔ نادر علی مہر' خان پور مہر۔ ثمر فاطمہ' کراچی۔ شگفتہ شاہین' ڈیرہ اسماعیل خان۔ فرحت ناز' لاہور۔ نادیہ کنول' راولپنڈی۔ عبدالسلام رحمانی' جھڈو۔ سعیدہ طاہرہ بتول گردیزی' ملتان۔ راجہ سرفراز اختر' جولیے سکھو۔ ثمینہ بدر' اسلام آباد۔ فریحہ شبیر' لاہور۔ محمد عابد سلیم' پشاور۔ نادیہ طیب' راولپنڈی۔ محمد وسیم صدیقی' کراچی۔ بشریٰ' کراچی۔ جواد احمد' جھنگ۔ محمد شعیب اکوڑہ خٹک۔ شفیق الرحیم' واہ کینٹ۔ رضیہ خاتون' بورے والا۔ حنیفہ بیگم' لاہور۔ ندیم اقبال' لاہور۔ ثانیہ عظیم' لاہور۔ بسمہ عمر' لاہور۔ اقراء خرم' لاہور۔ عبدالوہاب' میانی۔ ضیاء السلام صوفی' پشاور۔ فرحت رزاق' سمندری۔ زینب اقبال' دیپالپور۔ فوزیہ یاسمین' ملتان۔ محمد گلزار' راولپنڈی۔ افشاں کنول' شورکوٹ۔ کوثر شاہین' گلگت۔ روبینہ شاہین' کوٹ ادو۔ آصف علی' میرپور ماتھیلو۔ فرزانہ' گوجرانوالہ۔ شازیہ بی بی' گاؤں کونٹ۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

ایک دفعہ کلمہ پڑھیں اور جب مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ پر پہنچے تو اس کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو ناوضو' پاک ناپاک۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

امبر امین' رحیم یار خان۔ محمد اویس' پنڈی گھیپ۔ اقرار حسین' راولپنڈی۔ آمنہ ملک' لاہور۔ ثناء انعم' مظفر گڑھ۔ خدیجۃ الکبریٰ' ہری پور ہزارہ۔ فیضان علی' سعودی عرب۔ رابعہ شہباز' یوکے۔ ام ایمن' چیچہ وطنی۔ مریم بی بی' کلرسیداں۔ سخی سلطان' موضع سیری اوگی۔ نبیلہ اشفاق' کراچی۔ شگفتہ' جھنگ۔ جاوید اقبال' جہلم۔ سمیرا فیصل آباد۔ اعظم جمیل کراچی۔ شاہدہ' بورے والا۔ حاجی محمد نواز' بہاولپور۔ محمد شہباز جوئیہ' کھاریاں۔ سیدہ رباب فاطمہ' رینالہ خورد۔ جاوید اقبال' منڈی بہاؤالدین۔ منزہ' کراچی۔ رقیہ' گجرات۔ نسیم زہرہ' منڈی بہاؤالدین۔ گل ناز بی بی' اٹک۔ اختر نواز' ہری پور۔ عمار طاہر' گوجرانوالہ۔ عبدالرحمٰن' کنری سندھ۔ نائلہ نوشین' ڈیرہ اسماعیل خان۔ صائمہ شہزاد' لاہور۔ گل فاطمہ' لاہور۔ کشور سلطانہ' لاہور۔ روبینہ کوثر' چکوال۔ عمران حسین بھٹی' اسلام آباد۔ سونیا اکرم' فیصل آباد۔ ثناء اللہ خان' بنوں۔ عبدالرحمٰن' کراچی۔ رفعت رشید' لاہور۔ بشریٰ ناہید' راولپنڈی۔ خالد محمود' جھنگ۔ شازیہ عارف' نگری ٹوٹیاں۔ سلمیٰ محمود' چکوال۔ محمد سلیم' کارساز۔ عروسہ ندیم' ہری پور۔ بشریٰ بتول' کراچی۔ ندیم پرویز' کراچی۔ محمد سلمان خان' کراچی۔ مصباح طلعت' کراچی۔ شمائلہ سلمان' کراچی۔ نسرین' کراچی۔ افشاں' مردان۔ ثمینہ' لندن۔ عظمت عظیم' فیصل آباد۔ آسیہ' جیکب آباد۔ زہرا نذیر' لاہور۔ صدف امین' راولپنڈی۔ وحیدہ بانو' کراچی۔ شہلا خورشید' واہ کینٹ۔ نادر علی' مہر خان پور۔ سعدیہ خان' راولپنڈی۔ نیر سلطانہ' کراچی۔ صغراں بی بی' کسووال۔ محمد سلیم' لاہور۔ محمد عثمان' جھنڈ۔ مسعود احمد' واہ کینٹ۔ معافیہ سلیم' علی پور۔ سرتاج بیگم' لکی مروت۔ ثمینہ گل' لکی مروت۔ زاہدہ پروین' لکی مروت۔ حافظ طاہر عزیز' میلسی۔ نیلم نور بانو' کچاکھوہ۔ عائشہ صادق' سیالکوٹ۔ خدیجہ صادق' سیالکوٹ۔ راحیل احمد' سرگودھا۔ حرا جنت' راولپنڈی۔ یاسمین ارشاد حسین' کراچی۔ عمرانہ' دریا خان۔ عارفہ صدیق' لیہ۔ احسان علی' ملتان۔ راجہ سکندر' لالہ موسیٰ۔ نسیم اختر' خیرپور ٹامیوالی۔ سیدہ عظمیٰ جبین' راولپنڈی۔ ناصر عباس' جھنگ۔ سید طاہر حسین شاہ' لاہور۔ منظور احمد' بورے والا۔ اقصیٰ' کراچی۔ فاخرہ شمیم' شجاع آباد۔ محمد جاوید' کراچی۔ محمد رفیق غلام جیلانی' دائرہ دین پناہ۔ وفا ہاشم' شجاع آباد۔ صفیہ بی بی' گگھو منڈی۔ محمد خاور علی' چشتیاں۔ محمد ذیشان' راولپنڈی۔ عمار طاہر' گوجرانوالہ۔ محمد اسلم کھوکھر' اسلام آباد۔ کوثر شاہین' گلگت۔

آپ تمام درج ذیل وظیفہ پڑھیں۔

صرف لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ کو لاکھوں کی تعداد میں پڑھیں۔ یہ ہر حالت میں پڑھ سکتے ہیں' وضو ناوضو' پاک ناپاک۔ رمضان المبارک میں کم از کم سوا لاکھ پڑھیں۔ یہ عمل چند دن' چند ہفتے اور چند مہینے ضرور کریں۔

انوکھی شفاء
مغلیہ دور کے شاہی پہلوانوں کا خفیہ راز
1۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا اور اس کا نہ جڑنا۔ 2۔ ایسے لوگ جن کی ہڈیاں اور جوڑ بغیر کسی تکلیف اور چوٹ کے نکل جاتی ہیں اور جوڑ پھسل جاتے ہیں۔ 3۔ کسی ایکسیڈنٹ اور چوٹ کے بعد درد اور ورم کا نہ جانا۔ 4۔ دوران کھیل کود چوٹ' موچ' ورم یا جسم کے کسی حصے کا مڑ جانا' اس کا چند دن استعمال ہمیشہ کیلئے اس جوڑ کو محفوظ کردیتا ہے۔ بڑی بات کوئی سائیڈ ایفیکٹ نہیں کوئی کیمیکل نہیں خالص جڑی بوٹیوں کا حیرت انگیز جوڑ اور امتزاج ہے (قیمت 250 روپے علاوہ ڈاک خرچ)
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHWAR

مرضی کی قیمت پر جانور بیچنے کا عمل جان لیں!

کسانوں کے روزمرہ مسائل اور عبقری کے آسان ٹوٹکے

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرا تعلق سرگودھا کے ایک گاؤں چھنی تاجہ ریحان ہے۔ ہم تمام گاؤں والے ماہنامہ عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں‘ اس میں موجود وظائف اور نسخہ جات کو آزماتے بھی ہیں دوسروں کو خوشی خوشی بتاتے ہیں۔ تمام گاؤں والے عبقری میں آئے وظائف اور ٹوٹکوں کو بے دھڑک استعمال کرتے ہیں اور خوب فیض یاب ہوتے ہیں۔ جب سے ماہنامہ عبقری میں ’’کسان دوست عبقری‘‘ شائع ہونا شروع ہوا ہے عجب خوشی ملتی ہے پڑھ کر۔ اس میں موجود جانوروں کے نسخہ جات اور ٹوٹکے‘ فصلوں کے متعلق وظائف بہت کام آرہے ہیں۔

میرا بھی ایک مشاہدہ ہے جو میں ماہنامہ عبقری کے کسان قارئین کی نذر کررہی ہوں:۔ ایک بار ہم نے بھینس خریدی‘ کچھ عرصہ بعد وہ بیچنا چاہی تو اس کی قیمت بہت تھوڑی لگ رہی تھی‘ میرے والد اس وجہ سے بہت پریشان تھے کہ قیمت خرید بھی نہیں مل رہی تھی اور بھینس بھی بہت اچھی حالت میں‘ صحت مند اور خوبصورت تھی۔ عبقری میں ایک مرتبہ ایک عمل چھپا تھا ولا المستعان اور سورۂ یٰسین کی مبین والا میں نے دونوں عمل کیے۔ عمل اس طرح ہیں: دو نفل پڑھ کر سو مرتبہ ولا المستعان پڑھیں اور پھر سورۂ یٰسین کی تلاوت شروع کریں جب مبین پر پہنچیں تو دوبارہ پھر سے سورۂ شروع کریں‘ پھر دوسری مبین پر پہنچیں تو دوبارہ پھر سے شروع کریں‘ پھر تیسری مبین پر پہنچیں تو دوبارہ پھر سے شروع کریں‘ اسی طرح سات مبین پوری کریں۔ میں نے یہ عمل کرکے تصور میں بھینس کو دم کردیا۔ میں یہ سن کر حیران رہ گئی کہ ادھر دم کیا اور اس کے کچھ دیر بعد ہی ایک گاہک نے خود ہی بہت اچھی قیمت لگائی اور بھینس لے گیا۔ میرے والد کے تصور میں بھی نہ تھا کہ بھینس اتنی اچھی قیمت میں بک جائے گی۔(مائدہ بتول‘ سرگودھا)

گائے کے زہرباد کا علاج

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں ایک جگہ بیٹھا وہاں ایک بزرگ بیٹھے تھے انہوں نے مجھے گائے کی بیماریوں کے حوالے سے دو آزمودہ نسخہ جات بتائے جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ اگر کسی گائے کو زہرباد ہوجائے تو اسکو لال مرچ پانی میں گھول کر پلائیں اور اوپر سے ایک پاؤ دیسی گھی پلادیں‘ یہ طریقہ دو سے تین مرتبہ کرنے سے زہرباد ختم ہوجائیگا۔

حقہ کا پانی بہترین ٹانک

ایک بیماری اور بھی جانوروں میں جو خاص کر دودھ دینے والے ہوتے ہیں ان میں گائے بھینس کا شمار عام ہوتا ہے‘ اس بیماری میں جانور کے دودھ دینے والے حصے جسے تھن کہا جاتا ہے اس میں سے ایک تھن میں دودھ آنا بند ہوجاتا ہے‘ اس کیلئے حقہ کا پانی بہترین ٹانک ہے‘ حقہ جو گاؤں میں لوگ عام پیتے ہیں اس کے نیچے والے حصہ میں جو پانی استعمال ہوا ہو وہ پانی جانور کو استعمال کرایا جائے اس سے جانور کی اس بیماری پر قابو پایا جاسکتا ہے۔(اسامہ زاہد‘ کھوکھرکی‘ گوجرانوالہ)

جانور شفاء: سالہا سال کے مسلسل تجربات کے بعد عبقری کی جانور شفاء جانوروں کیلئے اور ان کی تمام بیماریوں کیلئے ہے۔ جانور کو موٹا تازہ صحت مند‘ سدا بہار رکھنے کیلئے جانور شفاء مویشی پال حضرات کیلئے بہت ضروری ہے۔(قیمت-/130 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

کسان دوست عبقری کا ساتھ دیں

قارئین! آپ نے کوئی ٹوٹکہ روحانی ہو یا طبی جانوروں‘ فصلوں کی بیماری میں آزمایا ہو یا سنا ہو‘ یا آپ نے گھر میں پودے لگائے ہیں یا گھر میں پرندے یا کوئی پالتو جانور رکھا ہے تو اپنے آزمودہ ٹوٹکے ضرور بھیجیں۔ بیماری کا نام اور دوائی کا نام واضح لکھیں تاکہ دوسرے بھی آسانی سے پہچان سکیں۔ آپ کے چھوٹے سے ایک ٹوٹکے سے لاکھوں کا بھلا ہوگا اور آپ کیلئے قیامت تک کیلئے صدقہ جاریہ اس عمل میں غفلت نہ کریں۔

قسط:6

عبقری حویلی آئے مشکلات دور نہ ہوئیں! یہ ناممکن ہے!

حویلی میں تین دن ایام بیض کے روزوں کی ترتیب کیا چلی مخلوق خدا تو شاید انتظار میں تھی یہ چیز چلے اور ہم اپنے مسائل کے حل مشکلات کی دوری ناکامیوں کا خاتمہ اور پریشانیوں کو بھگانے کے لیے حویلی کا رخ کریں۔ مرد ہو یا عورت بس انہیں ایک سچا راستہ چاہیے تھا۔ یک سچی منزل اور ایک سچی ترتیب وہ سچا راستہ سچی منزل اور سچی ترتیب کسے نہیں ملتی؟ کون نہیں پاتا؟ دراصل لوگوں کو اب بھی وہ راستہ منزل اور ترتیب چاہیے جس پر بھروسہ ہو اعتماد ہو جہاں مال بچے جان کی حفاظت ہو اور عزت اور آنچل کا تحفظ ملے۔ جب سے یہ ترتیب اور اس سے آگاہی ہوئی ہے اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی دعائیں بڑھ گئی ہیں اور ان کی توجہ بڑھ گئی ہے وہاں گڑگڑانا مانگنا حتیٰ کہ بعض لوگوں کو سچے اور مخلص خواب ایسے ملے ہیں کہ جب انہوں نے بیان کیے تو منہ سے بے ساختہ سبحان اللہ نکلا کہ یااللہ یہ سب کچھ تیرے نام کی برکت ہے رات بھر سورۂ فاتحہ کا پڑھنا اور اللہ تعالیٰ کا عرشوں پر اس بندے کے لیے فیصلے کرنا فرشتوں کا رب کے حضور اس بندے کے لیے سفارش کرنا کہ یااللہ پردیسی ہے کہاں کہاں سے آیا حویلی میں تیری جناب میں اپنے مسائل کے حل اور مشکلات کو دور کرنے‘ تجھ سے راحت رحمت خیر عافیت اور برکت چاہتا ہے یااللہ یہ بندہ وہ ہے جو غیر کے در پر نہیں گیا بلکہ تیرے در پر آیا ہے غیر کی راہوں پر نہیں بلکہ تیری سچی راہوں پر یہ شخص لوٹ کر آیا ہے اللہ پاک اس شخص کے آنے کو قبول فرماتا ہے اور اس شخص کے آنے کو محبوب فرماتا ہے اور ایسا شخص کبھی خالی نہیں لوٹتا کیونکہ وہ رب کے بھروسہ پر آیا ہے۔ بتانے والے نے بتایا جنہوں نے حویلی سے جھولیاں بھریں‘ کشکول بھرے ہم جب بھی حویلی آئے ایک روحانیت تھی‘ نور تھا جو حویلی میں ہمیں چاروں طرف نظر آیا ایک سکون تھا جس نے ہمیں ہر طرف سے گھیر لیا اور طبیعت کی ایک راحت تھی جو ہمارے دل میں ٹھنڈی ہوا اور بہار کے موسم کی طرح اتر گئی بلکہ تین دن کے بعد حویلی سے جانے کا دل نہیں چاہتا تھا اور طبیعت چاہتی تھی کہ حویلی میں ہی رہوں۔ ایک صاحب نے تو یہاں تک اپنے مشاہدات اور تجربات بیان کیے کہ میں پہلے بے یقینی کی کیفیت کے ساتھ حویلی میں آیا تھا کسی نے منفی کسی نے مثبت لیکن منفی بہت کم مثبت بہت زیادہ لوگوں نے حالات اور واقعات بتائے تھے ڈگمگاتے قدموں کے ساتھ جب میں حویلی آیا پہلا قدم اندر رکھتے ہی میرا سارا شک شبہ اور بے یقینی ختم ہوتی چلی گئی اور میں ایک سچی دنیا کے سچے نظام کو پانے کے بعد خود کو جنت کی فضاؤں میں محسوس کرنے لگا۔ قارئین! دل کی گہرائیوں سے اندر کے درد سے جو بھی حویلی میں ایام بیض کے روزے رکھنے آیا اسے کبھی خیر نہ ملی ہو اور اسے کبھی سچائی نہ ملی ہوئی مسائل حل نہ ہوئے ہو مشکلات دور نہ ہوئی ہوں یہ ناممکن ہے کیونکہ حویلی کچھ نہیں دیتی حویلی میں کیے جانے والے اعمال ہی سب کچھ ہیں اور انہی کے اندر طاقت اور قوت ہے۔

جوہر شفاء مدینہ
موت کے علاوہ ہر مرض کا علاج
شفاء کا ایسا بیش بہا خزانہ جس کا انتخاب جیتنہ نبوی جڑی بوٹیوں سے کیا گیا سالہا سال کے تجربات نے اسے خود کار نخی اور کسوٹی بنادیا ہے
معدہ کا مسئلہ‘ بلڈ پریشر‘ جگر‘ گردے یا دل کے امراض صرف چند ڈبیاں آپ کو ان امراض سے نجات دلاسکتی ہیں
بڑی سے بڑی قیمتی ادویات جہاں ناکام ہوجاتی ہیں وہاں یہ دوا کام کرتی ہے۔
قیمت 150 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ہمارا خاندانی نہیں بلکہ ہندوستانی ٹوٹکہ ہے!

بختاور ظہور، بہاولپور

آنکھوں کے امراض نظر کی کمزوری' وبائی امراض' آنکھوں کا انفیکشن' آنکھوں میں درد' جلن' چبھن اور جن کی نظر کمزور ہو' عینک لگی ہوئی ہو' چشمہ نہ اترتا ہو ان سب کیلئے بہت مفید پایا۔ داغ، چنبل' پھوڑے پھنسی' چہرے' جسم کے کیل مہاسے' دانے ان سب کیلئے اس کے فائدے تسلیم شدہ ہیں۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! حضرت اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ جس نے اپنی مخلوق کی خدمت کے لیے آپ جیسے نیک اور سچے انسان پیدا فرمائے حضرت آپ جو دکھی انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں اللہ پاک ہی آپ کو اس کا اجر عظیم عطا فرمائے گا۔ ان شاءاللہ

ننھا سا ٹوٹکہ لیکن شفایابی بہت جلد

حضرت آپ نے اپنے ستمبر 2016ء کے عبقری رسالہ کے صفحہ نمبر 24 پر اپنے ذاتی کالم میں ''صبح کے باسی لعاب'' کے فوائد بیان کیے ہیں اور آخر میں نوٹ یہ تھا کہ قارئین اگر آپ کے پاس بھی باسی لعاب کے فوائد ہوں تو ضرور لکھیں۔

حضرت ہمارے پاس صبح کے باسی لعاب کا بہت ہی آزمودہ خاندانی بلکہ ہندوستانی ٹوٹکہ ہے چونکہ ہم ہندوستان سے ہجرت کر کے پاکستان آئے ہیں تو ہندوستان میں بھی نسل در نسل ہمارا خاندان یہی ٹوٹکہ استعمال کرتا رہا ہے اور اب تک استعمال ہو رہا ہے۔ میں خلوص دل کے ساتھ عبقری قارئین کو ہدیہ کرتی ہوں۔ حضرت ٹوٹکہ تو کوئی خاص نہیں عام سا ہے لیکن میں نے سوچا کہ کیا پتہ میری نظر میں عام سا ہو لیکن اس سے کسی کا بھلا ہو جائے تو میرے لیے اس سے بڑھ کر کیا بات ہوگی۔ ٹوٹکہ بہت ہی چھوٹا سادہ اور آسان لیکن بہت ہی پر تاثیر اور لاجواب ہے: ٹوٹکہ یہ ہے کہ جب کوئی لڑکی اپنے کان یا ناک چھدوائے تو وہ یہ عمل کرے کہ اپنی ناک یا کان چھدوانے کے بعد روزانہ صبح اٹھ کر اپنا باسی لعاب تھوڑا سا لے کر اپنے کان یا ناک کی اس جگہ پر لگائے جہاں سے کان سلا ہوا ہو (یعنی کان میں دھاگہ جا رہا ہو) لعاب کان کے آگے، پیچھے دونوں طرف لگا کر جس دھاگے سے کان سلا ہوا ہو اس دھاگے کو ہلکا سا آگے پیچھے حرکت دیں تا کہ لعاب دھاگے کے ذریعے جلد کے اندر چلا جائے ایسا صرف چند دن تک روزانہ کرنا ہے ایسا کرنے سے ناک، کان بغیر پکے بہت ہی جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں بس عمل ختم۔ اس ٹوٹکے کی وجہ سے ناک کان بہت جلد ٹھیک ہو جاتے ہیں ورنہ تو زیادہ تر دیکھنے میں آتا ہے کہ لڑکیوں چھدے ہوئے' ناک کان کافی کافی عرصے میں ٹھیک ہوتے ہیں زیادہ تر لڑکیوں کے تو برے طریقے سے پک جاتے ہیں جو بڑی اذیت کا باعث بنتا ہے پھر مہنگی مہنگی ادویات کھانی اور زخم پر لگانی پڑتی ہیں لیکن اس سادہ سے اور نہایت آسان ٹوٹکے کو آزمانے سے نہ تو کوئی دوا لگانی پڑتی ہے اور نہ ہی کوئی دوا کھانی پڑتی ہے تو پھر ٹوٹکہ آسان ہے یا مشکل۔ بڑی لڑکیاں خود کر سکتی ہے جبکہ چھوٹی بچیوں کی والدہ یا بہن بچی کا باسی لعاب لے کر یہ عمل کر سکتی ہیں۔ حضرت یہ ہمارا آزمودہ خاندانی ٹوٹکہ ہے جس نے بھی اس کو کیا اس نے سو فیصد اس عمل سے نفع پایا۔

اس کے علاوہ آپ نے اس کے درج ذیل فوائد اپنے کالم میں لکھے تھے جو کہ سو فیصد سچ اور آزمودہ ہیں۔ آنکھوں کے امراض نظر کی کمزوری' وبائی امراض' آنکھوں کا انفیکشن' آنکھوں میں درد' جلن' چبھن اور جن کی نظر کمزور ہو' عینک لگی ہوئی ہو' چشمہ نہ اترتا ہو ان سب کیلئے بہت مفید پایا۔ داغ، چنبل' پھوڑے پھنسی' چہرے' جسم کے کیل مہاسے' دانے ان سب کیلئے اس کے فائدے تسلیم شدہ ہیں۔ بس صرف شرط یہ ہے رات مسواک کریں' صبح اٹھ کر اپنا لعاب خود لگائیں دوسرے کا لعاب نہیں۔ پھر قدرت ربی کا کمال دیکھیں۔

پھوڑے پھنسی سے نجات کا گھریلو ٹوٹکہ

(1) میرے بھائی کی بازو پر ہاتھ کے قریب ایک سوراخ ہوا پھر اس کے اندر ریشہ بھر گیا اور منہ بالکل بند ریشے کی وجہ سے ہاتھوں کی انگلیوں سے لیکر کندھے تک پوری بازو سرخ اور ریشہ اندر تھرتھراتا رہا' کئی دن گزر گئے لیکن اس پھوڑے کا منہ ہی نہ کھلے میرے بھائی نے ڈاکٹر سے دوائی لی مگر کوئی فرق نہ پڑا اور درد اتنا شدید کہ پوری رات نہ سو سکے۔ ہم نے کسی عورت کے آگے ذکر کیا اس نے بتایا کہ اسکے اوپر ایک پٹی پر پیاز پھوڑ کر آگ پر سینک کر بازو پھر پھوڑے کے اوپر باندھ دو' ہم نے ایسا ہی کیا کچھ دن بعد پھوڑے کا منہ بنا اور بھائی نے پٹی کھول دی اس کے اندر سے تمام ریشہ نکل گیا اور بہت ہی گہرا سوراخ نظر آنے لگا تمام درد سوزش بالکل ختم ہوگئی اور پھر اس سوراخ کے اندر بھائی نے سرسوں کا تیل بھر دیا اور اوپر سے بیٹا ڈرم ٹیوب لگا دی جس سے بازو بالکل ٹھیک ہوگیا کچھ دن کے استعمال سے۔

مچھر قریب بھی نہیں آتے

میری پھپھو جو کہ مبارک پور میں رہتی ہیں۔ وہ رات کو سوتے وقت ہاتھ پاؤں پر یا پھر کسی کپڑے پر مٹی کا تیل لگا کر پائے کے ساتھ باندھ لیتی ہیں جس سے مچھر بالکل بھی قریب نہیں آتے اور میرے کزن جو کہ حکیم ہیں ان کے سب گھر والے رات کو چار پائیوں پر مچھر دانی لگا کر سوتے ہیں وہ صرف مٹی کا تیل ناریل کا تیل اور کاربن مکس کر کے لگاتے ہیں جس سے مچھر بالکل بھی قریب نہیں آتے اور میں یہ دعا پڑھ کر سوؤں تو مچھر ان شاءاللہ بالکل بھی قریب نہیں آتے۔ بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِیۡ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡاَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ یہ تینوں عمل ہر روز کے آزمودہ ہیں ان شاءاللہ مچھر بالکل بھی قریب نہیں آئیں گے۔

بے اولاد آج چار بچوں کی ماں! گارنٹی شدہ عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ کریم آپ کو مزید ترقی' عزت' برکت اور سکون دے۔ میں ایک عمل ان لوگوں کو دیتی ہوں جو بیرون ملک جا کر پھنس جائیں' یا جن لوگوں کو کام نہ مل رہا ہو یا جن لوگوں کی اولاد نہ ہو' الحمدللہ! جس کو بتایا اس کا کام ہوا۔ یہ تو سب سے پہلے میرا آزمایا ہوا وظیفہ ہے۔ عمل صرف یہ ہے: اول و آخر گیارہ بار درود شریف کے درمیان بارہ ہزار مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ پڑھنی ہے۔ ان شاءاللہ بارہ دن کے اندر اندر کام ہوتا ہے۔ میری اولاد نہ تھی' میں نے ابھی چھ دن ہی پڑھا' میری ایک دوست مجھے زبردستی ڈاکٹر کے پاس لے گئی' حمل کا خیال تک ذہن میں نہ تھا' جب ڈاکٹر نے چیک کیا تو وہ بولی اس کو حمل ٹھہرا ہوا ہے' سارے حیران پریشان' میرے رب نے اپنے نام کی طاقت برکت سے مجھے بہت پیارا بیٹا دیا ہے۔ آج الحمدللہ! میں چار بچوں کی اماں جان ہوں۔ میرے پاس ایک عورت آئی' وہ بہت روئی' کہنے لگی: میرے بھائی کو سات سال ہوگئے بیرون ملک پھنسا ہوا ہے' پیچھے ابو بھی فوت ہوگئے' بیوی بھی رو رہی تھی' میں نے انہیں یہی وظیفہ بتایا' انہوں نے رمضان المبارک میں پڑھا' ابھی پڑھتے بارہ دن ہی ہوئے تھے کہ بھائی کا فون آگیا کہ میرے کاغذات بن گئے ہیں' وہ بہت خوش ہوئے' ڈھیروں دعائیں دیں۔ (پوشیدہ' سیالکوٹ)

دردی ہربل بام

پٹھوں کا درد ہو یا کوئی اعصابی درد ہو' بدن کے کسی بھی جوڑ میں درد ہو' فالج' لقوہ' رعشہ' کمر کا درد' پانی میں بھیگنے سے سردی لگ جائے' کسی عضو کا پھڑکنا' پنڈلیوں کا درد' نقرس' لاغری' ہاتھ پاؤں کا سوکھ جانا' موچ آجانا' بجلی کا شاک لگنا' کمر میں ڈسک پرابلم ہو یا کسی ہڈی کا ٹوٹ جانا' جوڑ جوڑ درد کرتا ہو' بس دردی ہربل بام کا استعمال کریں

قیمت =/80 روپے

ایسا بام جو جسم کے انگ انگ سے درد نکال پھینکے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHWAR

عناب کا قہوہ! میری والدہ محترمہ کے آزمودہ تجربات

(قسط 1)

قارئین! آپ کیلئے قیمتی موتی چن کر لاتا ہوں اور چھپاتا نہیں' آپ بھی سخی بنیں اور ضرور لکھیں (ایڈیٹر: شیخ الوظائف حضرت حکیم محمد طارق محمود مجذوبی چغتائی)

میری والدہ صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا کا یہ آزمودہ اور نہایت آزمودہ ٹوٹکہ تھا جس کو بھی دیکھا پرانا سر درد ہے فوراً فرمایا عناب' سپستان' بہی دانہ پی لیں۔ کسی کو دیکھا کہ اسے رات بھر نیند نہیں آتی نیند کی گولیاں بھی اس پر اثر کرنا چھوڑ گئی ہیں اور سر جکڑا رہتا ہے' دماغ کھچا رہتا ہے' اعصاب الجھے رہتے ہیں تو فوراً اسے کہا کہ تو بس عناب والا قہوہ پی لے۔

ہائی بلڈ پریشر' مار کٹائی' گالم گلوچ! ہر دوسرے گھر کی کہانی

میں چھوٹا سا تھا مجھے یاد ہے ہمارے دور پرے کے رشتہ دار ہمارے گھر آئے' خاتون نے سر پر پٹیاں باندھی ہوئی تھیں باتوں ہی باتوں میں یہ بات سامنے آئی تو پتہ چلا شوہر ہر وقت غصہ میں رہتا ہے اور جب زیادہ غصہ آتا ہے تو کہتا ہے تجھے پتہ تو ہے مجھے ہائی بلڈ پریشر ہے۔ مار کٹائی' گالی گلوچ' چیزوں کا توڑنا گھر کی کوئی چیز محفوظ نہیں اور انوکھی بات یہ ہے کہ بعد میں بیٹھ کر خود پچھتاتا ہے اور سبھی سے معافی مانگتا ہے۔ ڈھیروں گولیاں کھاتا ہے۔ کئی بار نفسیاتی ڈاکٹروں کو بھی دکھا چکے لیکن افاقہ نہ سمجھ آتا ہے نہ نظر آتا ہے اگر زیادہ گولیاں دیں تو موصوف غنودگی میں پڑے رہتے ہیں اور پھر اسی غنودگی میں صبح اور شام نہ کام نہ کاج' نہ زندگی کے معمولات کچھ بھی نہیں۔ اولاد جوان ہو رہی ان کے مسائل جوان ہو رہے ہیں ان کی شادیاں کرنی ہیں ان کیلئے گھر میں دو کمرے اور ڈالنے ہیں پھر کچھ کمیٹیاں ڈالی ہوئی ہیں وہ کیسے پوری ہوں گی؟ ایک بیٹی تعلیم حاصل کر رہی اور ایک ہاسٹل میں رہتی ہے اس کے اخراجات کیسے پورے ہوں۔ حالانکہ آمدنی کا ذریعہ بہت اچھا ہے لیکن شوہر ٹینشن کی گولیاں کھا کر ہر وقت سویا رہتا ہے جس کی وجہ سے کاروبار ملازموں کے رحم و کرم پر ہے اور وہ مسلسل گھاٹا اور نقصان دکھا رہے ہیں جبکہ کاروبار کبھی گھاٹے اور نقصان میں آیا ہی نہیں۔ خود اپنی کیفیت بتا رہی تھی کہ ہر وقت سر درد رہتا ہے' دماغ جکڑا رہتا ہے یہی باتیں سوچ سوچ کر جب میں سوتی ہوں تو میرا دماغ جاگتا رہتا ہے اور ایک احساس میرے اندر ہوتا ہے کہ مجھے کچھ ہو جائے گا' میرے بیٹوں کو کچھ ہو جائے گا' گھر تباہ و برباد اور اولاد سڑکوں پر پھرے گی' فٹ پاتھوں پر سوئے گی۔ میاں کا کیا ہوگا؟ کبھی صبح اٹھوں گی تو دیکھوں گی میاں مرا ہوا ہے' پھر اس کی قبر' اس کا کفن دفن کیسے ہوگا پھر سوچتی ہوں تو کانپ جاتی ہوں اور لرز جاتی ہوں۔ یہی سوچیں دن رات مجھے تڑپاتی ہیں' باپ کی توجہ نہ ہونے کی وجہ سے اولاد کی تربیت نہیں ہو رہی' دن رات اولاد آپس میں الجھتی رہتی ہے' لڑتے ہیں بعض اوقات ایک دوسرے کا سر پھاڑ دیتے ہیں پچھلے دنوں تین ٹانکے لگے اور افسوس ہوا کہ اولاد ایک دوسرے کی خون کی پیاسی ہے۔ بس یہی زندگی ہے میں تو تھک گئی ہوں اب تو ہسپتال کا نام آتے ہی بے چینی پریشانی شروع ہو جاتی ہے اور طبیعت میں ایک الجھاؤ ہے' میں تو خود اپنے آپ کو بھول گئی ہوں اب تو دن رات میاں' اولاد' ان کی شادیاں' گھر اور ان کی خوشیاں دیکھنا چاہتی ہوں۔ گھر ہے بہت چھوٹا سا میں کچھ کر نہیں پا رہی' آخر کیا کروں؟ کیسے کروں؟ تھک گئی ہوں!

چائے' کافی' مصالحہ دار چیزیں چھوڑ دو!

میری والدہ صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا کا مزاج تھا کہ وہ تسلی سے بات سنتی تھیں' سنتی رہیں سنتی رہیں' پھر میری بڑی ہمشیرہ صاحبہ سے فرمانے لگیں اس کو عناب والا قہوہ بتادو' اور پھر اسے خود بتایا کہ دیکھ باہر کی چیزیں نہ کھانا' چائے' کافی' مصالحہ دار تلی ہوئی چیزیں چھوڑ دو' بس سادہ غذا کھاؤ اور یہ قہوہ سارا گھر پیئے دن میں جتنا زیادہ پی سکیں' تین بار' پانچ بار' سات بار' کوتاہی نہ کرنا اسے مستقل پیتے رہنا۔ اسے اچھی طرح سمجھایا جاتی بڑی بڑی ادویات بڑے بڑے ڈاکٹر بڑے ہسپتال دیکھ چکی تھی اسے عناب سپستان بہی دانے کی سمجھ نہیں آ رہی تھی لیکن والدہ نے اسے کئی واقعات سنائے کئی مشاہدات بتائے حتیٰ کہ ایک واقعہ جب سنایا تو فوراً بول اٹھی اس گھر کو تو میں جانتی ہوں۔ انہوں نے مجھے نہیں بتایا کہ وہ کیسے ٹھیک ہوئی؟ ان کا گھر بھی ایسا تھا بلکہ مجھ سے زیادہ الجھا ہوا تھا۔ کہنے لگی: اچھا اب پتہ چلا انہیں بھی اسی چیز سے نفع ملا اور اسی چیز سے فائدہ ملا اب اس کا یقین کچھ بنا۔ اور اس کا اعتماد کچھ بحال ہوا بہتر ہوا۔ پھر والدہ نے اسے پورا طریقہ بتایا اسے دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔ کوئی دو مہینے یا اس سے کم و بیش میں نے والدہ سے تذکرہ سنا کہ وہ آئی تھی بس تھوڑی دیر کیلئے بیٹھی (میں اس وقت سکول گیا ہوا تھا اور ساتویں جماعت میں پڑھتا تھا) اور کہنے لگی کہ مجھے تو بہت فرق ہے' بس بچے پینے میں پس وپیش کرتے ہیں لیکن مجھے فرق ہے۔

میرے گھر کے حالات بہتر ہو گئے

میرے شوہر کو فرق ہے ہمارے گھر کے حالات بہتر ہو گئے ہیں اور ہماری طبیعت اور نظام بہتر ہو گیا ہے۔ ایک بار ایسا ہوا کہ جمعہ کا دن تھا' سکول سے چھٹی تھی' میں گھر میں تھا تو وہ سارا خاندان آیا اور ان کے ہاتھ میں ایک چھوٹی سی ٹوکری تھی جس میں جامن تھے دراصل ان کے گھر میں جامن تھے' انہوں نے بہت اچھے اچھے جامن چنے اور ہدیہ کے طور پر وہ جامن لے آئے۔ ان کے گھر کا ہر فرد خوش تھا اور کہہ رہے تھے کہ ہمارا غصہ ختم ہو گیا' آپس کا الجھاؤ' تناؤ ایک دوسرے کے ساتھ تو تکار ایسے گئی کہ کبھی تھی ہی نہیں۔ ان کے میاں کہنے لگے: میرا بلڈ پریشر بہت نارمل رہنے لگا میرے اندر پہلے جو غصہ آتا تھا اور مجھے خود پتہ نہیں چلتا تھا اور جس کا بعد میں مجھے پچھتاوا ہوتا تھا وہ سارا ختم ہو گیا اور میں بالکل اب ایک صحت مند زندگی گزار رہا ہوں۔ خاتون مزید کہنے لگیں: پہلے میرا دماغ بہت چلتا رہتا تھا گھومتا رہتا تھا اعصاب کھچے رہتے تھے' طبیعت میں ہر وقت گھبراہٹ رہتی تھی' نیند نہیں آتی تھی' جسم ٹوٹا' اعصاب الجھے اور ہر وقت بچوں کو ڈانٹ ڈپٹ' گالم گلوچ یہ سب ٹھیک ہو گیا۔

یہ دوا نہیں شفاء ہے' تریاق ہے' اکسیر ہے

کہنے لگیں: میں نے تو آج تک اس دوا کو سمجھا ہی نہیں تھا میرے سامنے رنگ برنگی گولیوں کی بہت زیادہ حیثیت تھی اس دوا کی کوئی حیثیت نہیں تھی لیکن اب پتہ چلا یہ دوا نہیں شفاء ہے' تریاق ہے' اکسیر ہے اور اس کی افادیت اور کمال ہمارے خاندان پر کھلا اب خاندان نہیں بلکہ اور بہت لوگوں کو بتایا اور جس کو بتایا اور اس نے کیا اور چند دن چند ہفتوں میں بہترین نتائج برآمد ہوئے۔ بہت خوش تھیں' بہت مسرور تھیں مجھے بچپن کی آج وہ خوشی' چہرے کی مسکراہٹ اور اس کے خاوند کے چہرے پر اطمینان آج تک نہیں بھولا اور مجھے اعتماد' اطمینان رہا اور تسلی رہی اور جی میں آیا کہ اس سے اور سوال کروں کہ تجھے اور کیا فائدہ ہوا اور کیا نفع ہوا لیکن بڑوں کی بات ہو رہی تھی' میں چھوٹا بول نہیں سکتا تھا لیکن آج بھی ان کی فرحت' سکون' خوشی اور راحت واقعتاً میں نے جو بھی دیکھی خوب دیکھی۔ اور لاجواب دیکھی۔ (جاری ہے)

شوگر کورس
بے شمار کا آزمودہ! شوگر سے پیدا شدہ تمام عوارضات ہمیشہ کیلئے ختم
آج ہی سے استعمال شروع کریں اور مردہ زندگی میں جان ڈالیں
قدرتی خالص اجزاء پر مشتمل ہر سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
شوگر کا خاتمہ ممکن
قیمت 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

پریشان اور بدحال گھرانوں کے چبھتے خطوط اور سلجھے جواب

- بھائی پر کسی نے کچھ کروا دیا
- بیوہ خاتون سے شادی کا وعدہ
- صرف دو سال کا تو فرق ہے!
- کالج چھوڑو! گھر کے کام دیکھو
- غصے میں کسی کو قبول یا مسترد نہ کریں
- تیز مزاجی شوہر کے انتقال کی وجہ

بھائی پر کسی نے کچھ کروا دیا

ہم دو بہنیں اور ایک بھائی ہے۔ آٹھویں تک وہ ٹھیک رہا لیکن اس کے بعد اس نے بغیر کسی وجہ کے کئی کئی دن غائب رہنا شروع کر دیا اور اب ایک ماہ بعد گھر آیا ہے۔ امی نفسیاتی مریضہ ہیں، ابو بہت بیمار رہتے ہیں، بڑی بہن جاب کرتی ہے، جیسے تیسے گھر چل رہا ہے۔ کوئی کہتا ہے بھائی پر کسی نے کچھ کروا دیا ہے۔ ایک روز اس کے دوست نے بتایا کہ وہ نشہ کرنے لگا ہے لیکن اس نے کبھی ہم سے کوئی رقم نہیں مانگی۔ وہ تو اپنا خرچ بھی نہیں لیتا۔ بال بڑھ گئے ہیں، کپڑے میلے رہتے ہیں، کھانے پینے کا ہوش نہیں، ہم دونوں بہنیں اس کو دیکھ کر رو ہی سکتی ہیں۔ ابو بتاتے ہیں ایک زمانے میں امی بھی اسی طرح گھر سے نکل جایا کرتی تھیں۔ (ع، راولپنڈی)

مشورہ: بھائی بھی نفسیاتی مریض معلوم ہوتا ہے۔ اس کو اپنے حلیے کی فکر نہیں، گھر اور باہر کا احساس نہیں، بات بھی صحیح طرح نہیں کر رہا۔ یہ ساری علامات شدید ذہنی نفسیاتی مرض کو ظاہر کر رہی ہیں۔ ایسے لوگوں کو ان کے حال پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ آپ دونوں بہنوں کے لیے اس کا خیال رکھنا، علاج کروانا، حلیہ درست کروانا بے حد مشکل کام ہے خاندان کے کسی فرد سے مدد لی جاسکتی ہے۔ دراصل شدید ذہنی مریضوں کو لوگ لاعلاج سمجھ کر ان کے حال پر چھوڑ دیتے ہیں۔ اسی طرح آپ کی والدہ معلوم ہوتی ہیں۔ جب شدید حالت بگڑی تو ان کو ان کے بھائی نے سنبھال لیا، بعد میں اس طرح خیال نہیں رکھا گیا۔ شدید ذہنی امراض کا شکار بعض لوگ بہت بہتر ہو جاتے ہیں لیکن ان کا علاج طویل عرصہ تک ہوتا ہے۔

بیوہ خاتون سے شادی کا وعدہ

گھر والے کہتے ہیں کہ تم ہمیں برادری میں بیٹھنے اور نظریں ملانے کے قابل نہیں چھوڑو گے۔ میرا قصور صرف اتنا ہے کہ اپنے ساتھ جاب کرنے والی ایک بیوہ خاتون سے شادی کا وعدہ کر بیٹھا ہوں۔ ان کے دو بچے ہیں دونوں ہوسٹل میں رہتے ہیں۔ وہ عمر میں مجھ سے کافی بڑی ہیں۔ کتنی بڑی ہیں یہ نہیں معلوم۔ کبھی کبھی میں ان کی باتوں سے گھٹن محسوس کرتا ہوں۔ یہ بھی سوچتا ہوں کہ ان کی تیز مزاجی شوہر کے انتقال کی وجہ ہو گی مگر میں ان کے سامنے مجبور ہو جاتا ہوں اور انکار نہیں کر سکتا۔ (حسن۔ ملتان)

مشورہ: آپ نے گھر والوں کی ناپسندیدگی کے حوالے سے بات شروع کی مگر دراصل ناپسندیدگی آپ کی طرف سے بھی ہے۔ جس رشتے کی بنیاد گھٹن، گھبراہٹ، مجبوری پر رکھی جائے وہ کس طرح نبھایا جاسکے گا۔ اپنے قصور پر معذرت طلب کر لیں۔ ایک ساتھ مرد و خواتین کام کرتے ہیں، ان سے ذاتی معاملات پر گفتگو نہ ہی ہو تو زیادہ پرسکون ہو کر ذمہ داریاں انجام دی جاسکتی ہیں۔

صرف دو سال کا تو فرق ہے!

گھر کے حالات سے مجبور ہو کر میٹرک کرتے ہی ایک دفتر میں کمپیوٹر آپریٹر کے فرائض انجام دینے شروع کر دیئے، دو سال ہو گئے میرے دوست انٹر کر کے مختلف یونیورسٹیوں کا ذکر کرتے ہیں، میں ان کے سامنے چپ رہتا ہوں کیونکہ اب وہ مجھ سے بہت آگے نکل گئے ہیں، میں ساری زندگی یہ چھوٹی سی ملازمت نہیں کرنا چاہتا مگر کام کیے بغیر گزارہ بھی نہیں۔ اگر اپنی تعلیم کے برابر لڑکوں سے دوستی رکھتا ہوں تو اس قسم کا تکلیف دہ احساس نہیں ہوتا۔ (خرم شاہ، لاہور)

مشورہ: آپ کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے والے لڑکے بہت آگے نہیں نکلے صرف دو سال کا فرق آیا ہے۔ آپ بھی شام کے اوقات میں پڑھنا شروع کر دیں، دو سال میں انٹر کر لیں گے اس کے بعد شام کو ہی کسی یونیورسٹی میں داخلہ لے لیں۔ اپنی کیریئر پلاننگ کرتے وقت رجحان کا اندازہ بھی لگائیں۔ اگر آپ نے ایسا پیشہ اپنا لیا جو ذہنی صلاحیتوں اور دلچسپی کے مطابق ہوا تو زندگی زیادہ بہتر گزرنے کی امید کی جاسکے گی کیونکہ مرضی کا کام کرتے ہوئے انسان اعصابی تناؤ سے دور رہتا ہے۔

کالج چھوڑو! گھر کے کام دیکھو

میں نے اپنی خواہش پر کالج میں داخلہ لیا، اب گھر کی ذمہ داریوں کے ساتھ پڑھائی نہیں ہو پا رہی۔ آئے دن مہمان آتے رہتے ہیں کبھی ایک کام کرتی ہوں وہ پورا نہیں ہوتا کہ دوسرا کام شروع کر دیتی ہوں وہ بھی ادھورا رہ جاتا ہے، اس دوران کسی کا ٹیلیفون آجاتا ہے۔ باتیں کرتے کرتے گھنٹہ گزرتا ہوا پتہ نہیں چلتا۔ دوسرے دن کالج جانے کے لیے تیار ہوتی ہوں تو یونیفارم ڈھونڈنا پڑتا ہے۔ امی بار بار کہتی ہیں تم اب گھر دیکھو، کوئی کام ڈھنگ سے نہیں کرتیں۔ (عائزہ، لاہور)

مشورہ: آپ کا ذہن منتشر ہے، ایسی حالت میں کارکردگی متاثر ہوتی ہے۔ چوبیس گھنٹوں کو کاموں میں تقسیم کریں۔ ان میں نیند کے آٹھ گھنٹے ضرور رکھیں۔ گھر کے کچھ کام اپنے ذمہ لے لیں اور توجہ کے ساتھ انجام دیں۔ ایک کام ختم کرنے کے بعد دوسرا کام کریں، اس کے لیے وقت کی پاسداری ضروری ہے۔ فون پر لمبی گفتگو وقت ضائع کرنے کا سبب ہوتی ہے اپنی کتابوں اور یونیفارم پر توجہ دیں، اس طرح تعلیم کی رغبت ہو گی۔ سارے کام ایک ساتھ نہیں بلکہ ایک ایک کر کے کریں اور مکمل بھی ہوں۔

غصے میں کسی کو قبول یا مسترد نہ کریں

گزشتہ ایک سال سے دبئی میں ہوں۔ اچھی جاب ہے، کسی برائی میں نہیں۔ اب گھر والے کہیں رشتہ طے کرتے ہیں تو لڑکی والے اپنے جاننے والوں کو میری چھان بین کے لیے بھیجتے ہیں۔ کئی بار لوگ مجھ سے مختلف طرح کے سوالات کر کے جا چکے ہیں، ان سے ان کی تسلی تو ہو جاتی ہو گی مگر مجھے اچھا نہیں لگتا۔ میرے دوست کتنے رشتے بتا چکے ہیں، دل نہیں مانتا، گھر والے ہی اچھا فیصلہ کریں گے۔ لوگوں کے عجیب سوالات سے پریشان ہو کر میں خود ان لوگوں کو مسترد کر دیتا ہوں۔ (جہانزیب۔ دبئی)

دراصل جو لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں وہ آپ کو جانتے نہیں، اس لیے برا نہ مانیں۔ شادی پوری زندگی کا تعلق ہوتا ہے، جب تک شناسائی نہ ہو گی لوگ اپنی بیٹی کو کس طرح آپ سے منسوب کریں گے۔ برا نہ مانیں، گفتگو آپ کے تعارف کا بہترین ذریعہ ہے، اس سے آپ کی سوچ کے معیار کا اندازہ ہوتا ہے اور آپ دوسروں کو بھی آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ غصے میں آکر کسی کو قبول یا مسترد نہیں کرنا چاہیے۔

عبقری تلبینہ
عورتوں بچوں اور مردوں کے تمام امراض کیلئے نبوی ٹانک
عبقری تلبینہ نا صرف مریضوں بلکہ صحت مندوں کیلئے بہت بہترین چیز
ٹینشن ڈپریشن تھکان جسمانی کمزوری ٹانگوں کا درد پٹھوں کا کھچاؤ ہر کمزوری کا علاج
قیمت 100
بچوں بڑوں بوڑھوں اور گھر بھر کے افراد کیلئے غذا ٹانک بھی دوا بھی شفاء بھی اور عطا بھی
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANPESHAWAR

تنخواہ بڑھانے کا ہزارہا کا آزمودہ آسان عمل

چالیس روز کے اندر اندر غضب کی طاقت وتاثیر آنکھ میں پیدا ہوجائے گی جس شخص پر نظر ڈال کر بسم اللہ کا ل ورد کرے اور خیال کرے کہ فلاں شخص میری طرف چلا آئے تو وہ دوڑتا ہوا حاضر ہوجائے گا۔ خدا تعالیٰ کے غضب سے ڈرے اور ناجائز وحرام کام کے لیے ہرگز استعمال نہ کرے۔

ترقی تنخواہ کا سریع الاثر آزمودہ عمل

بروز جمعۃ المبارک بعد از نماز عصر آیت الکرسی شریف 313 مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے انشاء اللہ بہت جلد ترقی ہوگی۔ اگر بہت جلد چاہتا ہے تو لگا تار تین جمعے اسی طرح پڑھے اوّل و آخر طاق اعداد میں درود شریف لازمی پڑھنا چاہیے، کامیاب ہوگا ہزار ہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ کبھی خطا نہیں جاتا۔

تسخیر خلائق کا تیر بہدف عمل

طلوع آفتاب کے وقت روزانہ لگا تار سورج پر نظر جما کر یعنی آنکھ قائم رکھ کر 100 مرتبہ بسم اللہ پڑھیں۔ شروع شروع میں پلک جھپکے گی لیکن کچھ دن بعد پلک جھپکنا بند اور روشنی متحرک ہونا شروع ہو جائے گی ناغہ نہ ہونے دیں ناغے سے عمل باطل ہوجائے گا۔ چالیس روز کے اندر اندر غضب کی طاقت وتاثیر آنکھ میں پیدا ہوجائے گی جس شخص پر نظر ڈال کر بسم اللہ کا ورد کرے اور خیال کرے کہ فلاں شخص میری طرف چلا آئے تو وہ دوڑتا ہوا حاضر ہوجائے گا۔ ناجائز ہرگز استعمال نہ کرے‘ سخت نقصان ہوتا ہے۔

ہر حاجت فوری بَر آئے

کلام پاک میں چودہ سجدے ہیں ہر سجدہ کی آیت کو پڑھنا چاہیے اور پھر سجدہ کرنا چاہیے اس طرح چودہ سجدے پورے کرکے پندرہواں سجدہ اپنے دلی مقاصد کا کرے اور سجدے میں دعا مانگے انشاء اللہ مطلب حل ہوجائے گا۔ شرط اس میں یہ ہے کہ اوّل دودھ، چاول، شکر، گھی کا شکرانہ بنا کر بچوں کو کھلا دے پھر اس کو عمل میں لائے اور اپنی آنکھوں سے کامیابی و کامرانی کا مشاہدہ کرے۔

مفرور ایک ہفتہ کے اندر واپس آئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو سورۂ والضحیٰ سات مرتبہ پڑھے اور دعا مانگ لے مفرور ایک ہفتہ میں واپس آجائے گا۔ اور اگر آیت الکرسی پڑھ کر تصور میں دم کرکے چاروں طرف حصار کر دے تو جہاں تک گیا ہوگا اس سے آگے نہ بڑھ سکے گا وہیں سے الٹے پاؤں گھر لوٹ آئے گا۔ (ڈاکٹر محمد عمر شہزاد، جھنگ صدر)

بچے کی پہلی بال اتروائی کے عمل کا کمال

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم تمام گھر والے عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتے ہیں۔ درس تو کسی صورت نہیں چھوڑتے۔ ایک مرتبہ آپ نے درس میں بچے کی پیدائش کے بعد جو پہلی مرتبہ بال اترواتے ہیں ان بالوں کا ایک عمل بتایا تھا کہ جب بچے کے پہلی مرتبہ بال اتروائے جائیں تو ان بالوں کے وزن کے مطابق چاندی صدقہ کی جائے اور پھر ان بالوں پر سورۂ تغابن کی پہلی پانچ آیات اکتالیس مرتبہ اول و آخر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرنا ہے اور اس کو صاف پانی یا قبرستان میں دفن کرنا ہے۔ میں نے اپنے دونوں بچوں پر یہ عمل کیا ہے۔ میری بیٹی اڑھائی سال اور بیٹا چھ ماہ کا ہے۔ میری بیٹی کے پاؤں کا انگوٹھا کٹ گیا جسم سے صرف ایک یا دو سوتر رہ کر لٹک گیا۔ ہم ایسے ہی ساتھ لگا کر جوڑ دیا اور پٹی باندھ دی‘ ڈاکٹر سے دوائی لی‘ اس نے ٹانکے لگا دیئے‘ اس عمل کی برکت سے انگوٹھا دو سے تین ہفتوں میں ایسے جڑ گیا جیسے کبھی کوئی زخم ہوا ہی نہیں۔ ڈاکٹر خود حیران ہوگیا کہ اتنی جلدی زخم کیسے ٹھیک ہوگیا۔ بچے بیمار بہت کم ہوتے ہیں‘ اگر کبھی بیمار ہوجائیں یا کوئی مسئلہ ہو تو کسی قسم کی کوئی پریشانی نہیں ہوتی فوراً مسئلہ حل ہوجاتا ہے دل کو اطمینان رہتا ہے‘ ہم نے سورۂ تغابن کا عمل کیا ہوا ہے۔ بچے بہت پیارے اور صبر والے ہیں‘ کسی قسم کی کوئی ضد نہیں کرتے‘ نافرمانی نہیں کرتے‘ ہر بات مانتے ہیں۔ کوئی مجھ سے پوچھتا ہے کہ آپ کے بچے اتنے فرمانبردار کیسے ہیں؟ تو میں انہیں یہی عمل بتاتا ہوں۔ (محمد ساجد‘ میاں چنوں)

گھر بیٹھے کتب اور ادویات منگوانے کیلئے صرف یہی نمبر
0332-7552382

عبقری کی سابقہ فائلوں سے موتی چنیں
گھریلو ناچاقیوں‘ رزق کی تنگی‘ پریشانیوں سے نجات کیلئے اور صدیوں سے چھپے صدری رازوں اور طبی معلومات سے مکمل طور پر

گھریلو مسائل کا انسائیکلو پیڈیا

شوگر ہمیشہ کنٹرول! نسخہ جات

علاج نسخہ نمبر 1: ھوالشافی: کلونجی 20 گرام‘ کاسنی کا بیج 15 گرام‘ میتھی کے بیج 10 گرام اور حب الرشاد 10 گرام۔ طریقہ استعمال: سب کا سفوف بنا کر آدھا چمچ کھانے کے بعد صبح وشام ہر ماہ دس روز استعمال کریں۔ نسخہ نمبر 2: چرائتہ اور کلونجی کا مدر ٹنکچر ہم وزن ملالیں۔ مذکورہ بالا چار چار قطرے پانی میں ملا کر صبح وشام ہر ماہ دس دن استعمال کریں۔ شوگر کی علامات: مریض کے گردوں میں سوزش ہوجاتی ہے جس سے گردوں میں جلن اور درد محسوس ہوتا ہے۔ مریض کو پیاس شدت سے لگتی ہے اور بار بار اس کا منہ خشک ہوجاتا ہے۔ اس مرض میں پیشاب بار بار آتا ہے مریض کو بھوک زیادہ لگتی ہے کھانا صحیح طور پر ہضم نہیں ہوتا۔ مریض قبض کا شکار ہوجاتا ہے کبھی بخار بھی ہوجاتا ہے۔ مریض دن بدن کمزور اور دبلا ہونے لگتا ہے اس کی نبض سست ہوجاتی ہے۔ کھانے کی تدابیر: روزانہ صبح 15 بادام اور 150 گرام بھنے چنے کھانا تقویت بخش ہے۔ سبز ترکاریاں ساگ‘ کھیرا‘ ٹماٹر اور بند گوبھی، کریلے فائدہ مند ہیں۔ بکرے کا گوشت‘ مرغی اور مچھلی کھانے میں حرج نہیں ہے۔ ایسے پھل جو میٹھے ہوں مثلاً آلوچہ‘ لوکاٹ‘ شہتوت سرخ‘ سیب وغیرہ

ہر قسم کی مشکل اور جائز حاجات کیلئے

میرے بچوں کا معمول ہے کہ شام کے چھ بجے دفتر سے گھر آجاتے ہیں۔ مگر ایک دفعہ انہیں دیر ہوگئی‘ جب طبیعت پریشان ہونے لگی تو یہ قرآنی آیات ملا کر پڑھنا شروع کیں۔ ایک سو ایک مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ اول و اخر تینتیس مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ اس وظیفے کے پڑھنے کے دوران ہی بچوں نے دروازے پر دستک دیدی اور میں نے اللہ رب العالمین کا شکر ادا کیا۔ (بحوالہ: جلد نمبر 10)

استفادہ کیلئے عبقری کے گزشتہ سالوں کے تمام رسالہ جات مجلد دیدہ زیب فائل کی صورت میں دستیاب ہیں۔ یہ رسالہ جات آپ کی نسلوں کیلئے روحانی‘ جسمانی‘ نفسیاتی معالج ثابت ہونگے۔
قیمت فی جلد 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ

نورتن شفاء
بواسیر‘ الرجی‘ بڑھا پیٹ‘ اٹھرا‘ خون کی خرابی‘ پھوڑے پھنسی‘ شوگر کے زخم‘ رسولی لاعلاج بیماریوں کا
چاہے کینسر کی ہی ہو دائمی قبض اور گیس کیلئے انوکھی دوا ہے اس کے علاوہ بھی آزمودہ شافی علاج
150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

بچوں کا صفحہ

اقراء ندیم، اسلام آباد

بچو! لالچی شاگرد کا انجام تفصیل سے ذرا پڑھیں!

پھر آپ وہاں سے چلے راستے میں ہرنوں کا ایک غول گزر رہا تھا آپ نے ایک ہرن کو اشارہ کیا وہ آپ کے پاس چلا آیا آپ نے ذبح کر کے اس کا گوشت کھایا اور اپنے شاگرد کو بھی کھلایا۔ پھر آپ نے ہرن کی کھال پر ٹھوکر مار کر کہا اللہ کے حکم سے زندہ ہو جا۔

ایک روٹی کی لالچ

اسلامی کتب میں یہ واقعہ اکثر پڑھنے کو ملتا ہے۔ عبقری کے قارئین بچوں کیلئے خصوصی طور پر لکھ رہی ہوں۔ ضرور پڑھیں اور لالچی لوگوں اور لالچ کرنے سے ہمیشہ کیلئے توبہ کریں۔

حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے ایک شاگرد کو ساتھ لے کر کسی سفر پر نکلے، راستے میں ایک جگہ رکے اور شاگرد سے پوچھا کہ تمہاری جیب میں کچھ ہے؟ اس نے کہا میرے پاس دو درہم ہیں۔ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی جیب سے ایک درہم نکال کر اسے دیا اور فرمایا یہ تین درہم ہو جائیں گے۔ قریب ہی آبادی ہے، تم وہاں سے تین درہم کی روٹیاں لے آؤ۔ وہ گیا اور تین روٹیاں لیں، راستے میں سوچنے لگا کہ حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے تو ایک درہم دیا تھا اور دو درہم میرے تھے جبکہ روٹیاں تین ہیں۔ ان میں سے آدھی روٹیاں حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کھائیں گے اور آدھی روٹیاں مجھے ملیں گی، لہٰذا بہتر ہے کہ میں ایک روٹی پہلے ہی کھا لوں چنانچہ اس نے راستے میں ایک روٹی کھالی اور دو روٹیاں لے کر حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے پاس پہنچا۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک روٹی کھالی اور اس سے پوچھا تین درہم کی کتنی روٹیاں ملی تھیں؟ اس نے کہا دو روٹیاں ملی تھیں ایک آپ نے کھائی اور ایک میں نے کھائی۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہاں سے روانہ ہوئے، راستے میں ایک دریا آیا، شاگرد نے حیران ہو کر پوچھا اے اللہ کے نبی! ہم دریا عبور کیسے کریں گے جبکہ یہاں تو کوئی کشتی نہیں آتی؟ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا: گھبراؤ مت، میں آگے چلوں گا تم میری عبا کا دامن پکڑ کر میرے پیچھے چلتے آؤ، خدا نے چاہا تو ہم دریا پار کر لیں گے۔ چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے دریا میں قدم رکھا اور شاگرد نے بھی ان کا دامن تھام لیا خدا کے اذن سے آپ نے دریا کو اس طرح پار کر لیا کہ آپ کے پاؤں بھی گیلے نہ ہوئے۔ شاگرد نے دیکھا اور کہا میری ہزاروں جانیں آپ پر قربان! آپ جیسا صاحب اعجاز نبی علیہ السلام تو پہلے معبوث ہی نہیں ہوا۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا یہ معجزہ دیکھ کر تمہارے ایمان میں کچھ اضافہ ہوا؟ اس نے کہا جی ہاں! میرا دل نور سے بھر گیا پھر آپ علیہ السلام نے فرمایا اگر تمہارا دل نورانی ہو چکا ہے تو بتاؤ روٹیاں کتنی تھیں؟ اس نے کہا حضرت روٹیاں بس دو ہی تھیں۔

ہرن کا گوشت کھایا' کھال کو ٹھوکر لگائی اور۔۔۔

پھر آپ وہاں سے چلے راستے میں ہرنوں کا ایک غول گزر رہا تھا آپ نے ایک ہرن کو اشارہ کیا وہ آپ کے پاس چلا آیا آپ نے ذبح کر کے اس کا گوشت کھایا اور اپنے شاگرد کو بھی کھلایا۔ پھر آپ نے ہرن کی کھال پر ٹھوکر مار کر کہا اللہ کے حکم سے زندہ ہو جا۔ ہرن زندہ ہو گیا اور چوکڑیاں بھرتا ہوا دوسرے ہرنوں سے جا ملا۔ شاگرد یہ معجزہ دیکھ کر حیران ہو گیا اور کہنے لگا کہ اللہ کا شکر ہے جس نے مجھے آپ جیسا نبی اور معلم عنایت فرمایا ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا یہ معجزہ دیکھ کر تمہارے ایمان میں کچھ اضافہ ہوا؟ شاگرد نے کہا ''اے اللہ کے نبی علیہ السلام میرا ایمان پہلے سے دوگنا ہو گیا ہے''۔ آپ علیہ السلام نے فرمایا پھر بتاؤ روٹیاں کتنی تھیں شاگرد نے کہا کہ روٹیاں دو ہی تھیں۔ دونوں راستہ پر چلتے رہے ایک پہاڑی کے دامن میں سونے کی تین اینٹیں پڑی تھیں۔

تین سونے کی اینٹیں

آپ علیہ السلام نے فرمایا ''ایک اینٹ میری ہے اور ایک اینٹ تمہاری اور تیسری اینٹ اس شخص کی ہے جس نے تیسری روٹی کھائی'' یہ سن کر شاگرد شرمندگی سے بولا حضرت تیسری روٹی میں نے ہی کھائی تھی۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس لالچی شاگرد کو چھوڑ دیا اور فرمایا ''تینوں اینٹیں تم لے جاؤ، یہ کہہ کر حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہاں سے روانہ ہو گئے اور لالچی شاگرد اینٹوں کے قریب بیٹھ کر سوچنے لگا کہ انہیں کیسے گھر لے جائے۔ اسی دوران تین ڈاکو وہاں سے گزرے انہوں نے دیکھا کہ ایک شخص کے پاس سونے کی تین اینٹیں ہیں انہوں نے اسے قتل کر دیا اور کہنے لگے کہ اینٹیں بھی تین ہیں اور ہم بھی تین ہیں لہٰذا ہر شخص کے حصے میں ایک ایک اینٹ آتی ہے اتفاق سے وہ بھوکے تھے انہوں نے ایک ساتھی کو پیسے دیئے اور کہا کہ شہر قریب ہے تم وہاں سے روٹیاں لے آؤ۔ اس کے بعد ہم اپنا اپنا حصہ اٹھا لیں گے۔

لالچی لوگ مارے گئے اور اینٹیں وہیں رہ گئیں

وہ شخص روٹیاں لینے گیا اور دل میں سوچنے لگا اگر روٹیوں میں زہر ملا دوں تو دونوں ساتھی مر جائیں گے اور تینوں اینٹیں میری ہو جائیں گی۔ ادھر اس کے دونوں ساتھیوں نے مشورہ کیا کہ اگر ہم اس ساتھی کو قتل کر دیں تو دونوں کے حصے میں ڈیڑھ ڈیڑھ اینٹ آئے گی۔ جب ان کا تیسرا ساتھی زہر آلود روٹیاں لے کر آیا تو ان دونوں نے منصوبے کے مطابق اس پر حملہ کر کے اسے قتل کر دیا۔ پھر جب انہوں نے روٹی کھائی تو وہ دونوں بھی زہر کی وجہ سے مر گئے، واپسی پر حضرت عیسیٰ وہاں سے گزرے تو دیکھا کہ اینٹیں ویسی کی ویسی رکھی ہیں جبکہ ان کے پاس چار لاشیں پڑی ہیں آپ نے یہ دیکھ کر ٹھنڈی سانس بھری اور فرمایا ''دنیا اپنی چاہنے والوں کے ساتھ یہی سلوک کرتی ہے''

اس واقعے سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ دنائی کی جتنی بڑی بھی دولت ہمیں مل جائے کبھی بھی لالچ نہیں کرنی چاہیے اور ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ سچائی کی ہی جیت ہوتی ہے اور اس دنیا میں ہمیشہ نفع دینے والی چیز ہی باقی رہتی ہے۔

جیب میں پیسے نہیں ٹھہرتے تو غور فرمائیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! بعض لوگ ایسے ہوتے ہیں ان کی جیب میں جتنے بھی پیسے ہوں وہ خرچ کر ڈالتے ہیں' ان کی جیب میں پیسے نہیں ٹکتے' وہ لاکھ کفایت شعاری اپنائیں مگر پھر بھی فضول خرچی کر بیٹھتے ہیں جس کی وجہ سے انہیں اکثر تنگدستی کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے۔ ایسے احباب کو چاہیے کہ اپنی اس عادت پر کنٹرول کریں اور پیسے لیتے وقت تعوذ اور تسمیہ پڑھیں اور پیسے دیتے وقت انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھیں۔ میرا یہ آزمودہ ہے۔ واقعی ہی اس عمل سے پیسوں میں برکت اور فضول خرچی کی عادت سے چھٹکارا مل جاتا ہے اور انسان کفایت شعار بن جاتا ہے اور سب سے بڑھ کر اگر کوئی چیز خرید کرے یا بیچے تو اس میں برکت اور کفایت ہوتی ہے۔ عمل کرنے سے پہلے یقین کامل ہونا بہت ضروری ہے۔

(م۔ا۔ز، گوجرانوالہ)

الرجی کھانسی' ناک بہنا یا بند ہونا' جسم میں درد' دماغی بوجھ' سستی کاہلی' بخار' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا' بالوں کا قبل از وقت سفید ہونا جیسے امراض کا شافی علاج (قیمت: 10 روپے)
جوش جوشاندہ
ابالنے کی تکلیف سے نجات فوری حل

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

جن میرے کھلے بالوں کا عاشق! زندگی اجیرن بنا دی

کالج کے زمانے میں سردیوں کی دوپہر کو اکثر نہا کر اور بال کھول کر (گیلے ہونے کی وجہ سے) کتابیں لے کر چھت پر چلی جاتی تھی اور بڑے ہی شوق سے بغیر دوپٹے کے چھت پر بیٹھ کر دھوپ میں اپنے بالوں کو سکھاتی تھی' میرے بہت انتہائی حسین' چمکدار اور لمبے تھے۔

مجھے اپنے لمبے گھنے حسین بالوں سے پیار تھا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ آپ کو مزید نیک نامی عطا فرمائے اور آپ کی عزت و وقار میں مزید اضافہ فرمائے۔ آپ کا سایہ مبارک ہم گنہگاروں پر قائم رکھے۔ میں نے آج قلم قارئین کیلئے اٹھایا ہے' میری زندگی جنات نے تباہ و برباد کر دی' میں چاہتی ہوں کہ شاید میرا واقعہ لکھنے کی وجہ سے کسی بہن کی زندگی میری طرح برباد نہ ہو۔ میری شادی کو 11 سال ہو گئے ہیں اور میرے ساتھ جناتی مسئلہ شادی سے پہلے کا ہے' میری شادی سے چند سال پہلے کی بات ہے کالج کے زمانے میں سردیوں کی دوپہر کو اکثر نہا کر اور بال کھول کر (گیلے ہونے کی وجہ سے) کتابیں لے کر چھت پر چلی جاتی تھی اور بڑے ہی شوق سے بغیر دوپٹے کے چھت پر بیٹھ کر دھوپ میں اپنے بالوں کو سکھاتی تھی' میرے بال انتہائی حسین' چمکدار اور لمبے تھے مجھے ان سے بہت پیار تھا۔ میں اپنے بالوں کی بے حد حفاظت کرتی تھی۔ گرمیوں کے دنوں میں سب گھر والے چھت پر سوتے تھے اور میں بھی چھت پر ہی سوتی تھی۔ گرمیوں کی ایک رات میں بھی دیگر گھر والوں کی طرح چھت پر چارپائی پر سونے چلی گئی۔ اکثر آدھی رات کو میری آنکھ کھل جاتی تھی میں ویسے بھی بہت ڈرپوک لڑکی تھی۔

کسی نے میرے کان میں میرا نام لیا

ایک رات جب میں گہری نیند سو رہی تھی کسی نے میرے کان میں بڑے پیار سے میرا نام لیا' میں خوف سے جاگ گئی' مجھے صاف محسوس ہوا کہ کسی نے زور سے میرے کان میں میرا نام لیا ہے۔ پھر ایک رات جب میں سب گھر والوں کے ساتھ چھت پر سو رہی تھی' صبح میری آنکھ کھلی تو میں نے حسب معمول کنگھی کرنے کیلئے اپنے بال کھولے تو میرے بال ترچھے (/) کٹے ہوئے تھے جبکہ میں نے چٹیا کر کے جوڑا بنایا ہوا تھا۔ اس کے بعد کے دن رات میرے لیے اور میرے گھر والوں کیلئے کسی آزمائش سے کم نہ تھے۔ ایک دن میں فریج سے کچھ نکال رہی تھی جب میں پیچھے مڑی تو کسی غیر انسانی چیز سے میں ٹکراتے ٹکراتے بچی' پھر تو یہ روز و شب کا معمول ہو گیا کہ میں کبھی چیخی' میرا سارا گھر ہی عجیب چیزوں سے بھر گیا۔ میں واش روم میں بھی اکیلے نہ جاتی' میری بہنوں میں سے ایک میرے ساتھ ہوتی' پھر میری والدہ مجھے کئی لوگوں کے پاس علاج کی غرض سے لیکر گئیں لیکن مجھے معمولی سا فرق پڑتا۔ پھر ایک مرتبہ کسی اللہ والے سے دم کروانے گئے وہ نہ ملے مایوسی کے انداز میں واپس آ رہے تھے کہ ایک رشتہ دار مل گئے' انہیں والدہ نے ساری صورتحال بتائی' انہوں نے اگلے دن مجھے کسی اللہ والے پاس لے جانے کا وعدہ کیا' اگلے دن میں اپنی والدہ اور اس رشتہ دار کے ساتھ ایک اللہ والے کے پاس گئے اللہ کریم نے کرم کیا اور مجھے شفاء مل گئی۔

کوئی ان دیکھی چیز آتی اور میرا حمل ضائع کر دیتی

آہستہ آہستہ میرا ڈر کم ہوتا گیا' پھر رشتے کے مسائل شروع ہو گئے' خیر وہ مرحلہ بھی بڑی مشکلوں سے حل ہوا' شادی کے تین ماہ بعد حمل ٹھہرا' پانچویں مہینے ضائع ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ نے مجھے دو بیٹیاں دیں جن میں سے ایک اسی رات اور ایک اگلے دن فوت ہو گئی' پھر دو سال بعد میں امید سے ہوئی' پھر جگہ جگہ سے علاج کروانے کے بعد اللہ تعالیٰ نے حمل کے چھٹے ماہ کے آخر میں بیٹا عطا فرمایا' جو بہت ہی زیادہ کمزور تھا' گیارہ دن ہسپتال والوں نے اسے رکھا' تین ماہ تک اس بچے کو بڑی ہی مشکل سے ایک کمرے میں ہی پالا باہر نہیں نکالا' جیسے تیسے وہ بچہ تین سال کا ہوا تو ایک ڈاکٹر کے پاس لے کر گئے اس نے چیک کر کے بتایا یہ بچہ ابنارمل ہے' اس کے بعد تین بار حاملہ ہوئی کوئی چیز آتی ہے خواب میں اور میرا حمل ضائع کر جاتی ہے۔ ہمارا گھر کچا تھا' میں نے اپنا زیور بیچ کر کچھ قرض پکڑ کر بڑے ارمانوں سے گھر بنایا تو سارے گھر میں دراڑیں پڑ گئیں دیوار کے آر پار نظر آنے لگا' ہم نے دو دن بعد ہی گھر خالی کیا اور قرض اٹھا کر دوبارہ گھر تعمیر کروایا ہے۔ لکھتے ہوئے میرے آنسو نہیں تھم رہے مگر میں اپنی بہنوں سے صرف یہی گزارش کروں گی کہ مسنون دعاؤں کا اہتمام ضرور کریں' کبھی بھی ننگے سر کھلے بالوں کے ساتھ چھت' کھلے آسمان تلے یا بازار میں مت نکلیں' ہمیشہ باپردہ اور کوشش کریں باوضو رہیں' پاکی ناپاکی کا خاص خیال رکھیں۔

قبولیت دعا مشکل نہیں!

حضرت عبداللہ بن عمرو ابن عاص رضی اللہ عنہ روای ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب تم مؤذن کی آواز سنو تو (اس کے جواب میں) اس کے الفاظ کو دہراؤ اور پھر (اذان کے بعد) مجھ پر درود بھیجو کیونکہ جو آدمی مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرماتا ہے پھر (مجھ پر درود بھیج کر) میرے لیے (اللہ سے) وسیلے کی دعا کرو' وسیلہ جنت کا ایک (اعلیٰ) درجہ ہے جو اللہ کے بندوں میں سے صرف ایک بندہ کو ملے گا اور مجھ کو امید ہے کہ وہ بندہ خاص میں ہوں گا لہٰذا جو آدمی میرے لیے وسیلے کی دعا کرے گا (قیامت کے روز) اس کی سفارش کرنا مجھ پر ضروری ہو جائے گی۔'' (صحیح مسلم) حدیث مبارکہ میں اذان کے کلمات کا جواب دہرانے کی تلقین کی گئی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اذان کا جواب دہرانے والے کے بارے میں فرمایا ہے کہ ''صدق دل سے جواب دہرانے والا جنت میں داخل ہو گا۔'' نبی کریم ﷺ نے اذان کا جواب دہرانے کا طریقہ بھی ارشاد فرمایا: ''جس کے مطابق تمام کلمات اذان کا جواب انہی کلمات کو دوبارہ دہرانا ہے صرف حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح کے جواب میں لاحول ولا قوۃ الا باللہ کہنا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''اذان اور تکبیر کے درمیان دعا رد نہیں کی جاتی۔ (ابو درداؤ ترمذی) حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ روای ہیں کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! اذان دینے والے تو بزرگی میں ہم سے بڑھ جاتے ہیں' رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: جس طرح وہ فرماتے ہیں (ساتھ ساتھ) تم بھی اسی طرح کہتے جاؤ اور جب (اذان کے جواب سے) فارغ ہو جاؤ تو جو چاہو مانگو' دیا جائیگا۔ (ابودردا) سبحان اللہ! پیارے آقا کریم ﷺ نے کتنی سہولت عطا فرما دی' اب قبولیت دعا مشکل نہیں۔ عبقری قارئین سے گزارش ہے کہ اذان کے کلمات سے پیار کریں اور نبی کریم ﷺ کی پیاری تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر اپنی دنیا و آخرت سنواریں۔ اللہ کریم عبقری اور اس کے تمام چاہنے والوں اور خاص طور پر اس کی پوری ٹیم کو شاد و آباد اور قائم رکھے میں بہت خوش ہوں کہ مجھ ناچیز کو زندگی میں ''عبقری'' جیسی نعمت ملی۔ (عاجزہ' موچھ میانوالی)

مشروب عبقری افزا
لاجواب لذت خاص
باہر کی گرمی باہر ہی رہنے دے
گرمی کی لو میں ٹھنڈی ٹھنڈی پھوار
نبوی اور فطری جڑی بوٹیوں کے سو فیصد خالص کشید شدہ عرقیات سے تیار شدہ
نوجوانوں اور خواتین کی جملہ گرمی کی بیماریوں کا آخری علاج
چند سالوں میں اعلیٰ کوالٹی کے سبب ہر گھر کی رونق بننے والا مشروب
قیمت 200 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHAN-PESHAWAR

آپا! اس سود خور کو لوگوں نے قتل کر دیا

آخرت سے غافل وہ شخص دنیا کے مال کی شدید محبت میں مبتلا‘ کلف دار کپڑے پہنے‘ ہاتھ میں ہر وقت ہتھیار‘ دندناتا پھرتا تھا۔ لوگوں کو مارنے کی دھمکیاں دینا اس کیلئے کوئی بڑی بات نہ تھی۔ اس گاؤں کا ہر دوسرا آدمی اس کا مقروض تھا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! تقریباً چھ سال قبل جب میرا پروموشن بحیثیت ہیڈ مسٹریس ایک گاؤں کے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول میں ہوا جو میرے شہر سے 25 کلومیٹر دور تھا۔ اس گاؤں کا نام میں نے کبھی سنا ہی نہیں تھا لیکن کیا کرتی مجبوری تھی۔ آفس کے اعلیٰ افسران نے منع کیا تھا کہ ماحول سازگار نہیں آپ مت جائیں۔ کبھی کبھی جا کر اسکول کو دیکھ لیا کریں۔ لیکن میرا ضمیر یہ کیسے گوارا کرتا کہ گھر بیٹھ کر تنخواہ لیتی رہوں اور اپنے بچوں کو حرام کھلاؤں۔ گرمی‘ سردی‘ بارش اور طوفان میں بھی اسکول جاتی رہی۔ لوکل بسوں کا سفر کبھی نہیں کیا تھا۔ لیکن یہ تجربہ بھی زندگی کو ایک نیا رنگ دے گیا۔ ہر قسم کے لوگ ملتے تھے۔ مجھے عمر رسیدہ عورتوں کے ساتھ بیٹھنا اور ان کی باتیں سننا بہت اچھا لگتا تھا۔ روڈ کے دونوں کناروں پر لہلہاتے کھیت‘ کھیتوں میں کام کرتی عورتیں اور بچے‘ اینٹوں کے بھٹوں سے نکلتا ہوا دھواں‘ ہواؤں میں جذب ہوتا ہوا دور پرے سے پرندوں کی میٹھی بولیاں‘ یہ سب دیکھتے اور سوچتے اور اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتے کرتے میرا یہ تقریباً گھنٹہ کا سفر صبح کو اور گھنٹہ کا سفر دوپہر کو گزر ہی جاتا۔ یوں کہ تھکن کا احساس بھی نہیں ہوتا‘ چار سال گزر گئے‘ بسوں کے ڈرائیور اور کنڈیکٹر بہت خیال کرتے تھے۔

آپ بچوں کی ٹیچر ہیں! ہماری مدد کریں!

ایک دن بس سے اتری تو بس کے ڈرائیور نے انتہائی ادب سے بات کرنے کی کوشش کی‘ میں رک گئی‘ سوچا شاید بچی کا کوئی مسئلہ ہو‘ اس نے مجھ سے فون نمبر مانگا میں نے سکول کا پی ٹی سی ایل نمبر اس کو دے دیا۔ دوسرے دن اس نے فون کیا اور بہت رویا کہا: ”مجھے اس شخص سے بچالیں (نام لے کر کہا) آپ ہمارے لیے قابل احترام ہیں‘ ہمارے گاؤں کے بچوں کی ٹیچر ہیں اور ہیڈ بھی‘ میری مدد کریں۔“ مزید پوچھنے پر اس نے بتایا: ”فلاں شخص سود پر قرضہ دیتا ہے‘ یہ اس کا بہت بڑا بزنس ہے‘ لوگ بحالت مجبوری اس سے قرضہ لیتے ہیں لیکن سود اتنا ہو جاتا ہے کہ اس دلدل سے نکل نہیں پاتے۔ غربت سے تنگ آ کر میں نے بھی اس سے سود پر قرض لیا لیکن ادائیگی کر نہیں پا رہا۔ اب وہ اصرار کر رہا ہے کہ پیسے واپس لوٹاؤں۔ میرے پاس سود کے پیسے ہی نہیں تو اصل قرض کہاں سے دے پاؤں گا۔“

سود ہماری نسلوں کو کھا جاتا ہے

اور پھر مجھ سے جتنا ہو سکا ذاتی طور پر اس کی مدد کی۔ اپنی بچی کی پاکٹ منی بھی اس کو دیدی۔ لیکن اس کو سمجھایا اور بتایا کہ سود کیا ہے؟ اس کے نتائج کتنے سنگین ہیں۔ یہ ہماری نسلوں کو کھا جاتا ہے۔ معاشی بدحالی تنگدسی غربت میں تو آ جاتے ہیں لیکن سود ایمان کو بھی جڑوں سے ہی کمزور کر دیتا ہے۔ آخرت سے غافل وہ شخص دنیا کے مال کی شدید محبت میں مبتلا‘ کلف دار کپڑے پہنے‘ ہاتھ میں ہر وقت ہتھیار‘ دندناتا پھرتا تھا۔ لوگوں کو مارنے کی دھمکیاں دینا اس کیلئے کوئی بڑی بات نہ تھی۔ اس گاؤں کا ہر دوسرا آدمی اس کا مقروض تھا۔ اس طرح اس نے جائز ناجائز طریقوں سے مال اکٹھا کیا تھا۔

بس اسٹینڈ پر عجب ویرانی و سناٹا

ایک دن میں جیسے ہی بس اسٹینڈ پر اتری۔ عجیب سی ویرانی و سناٹا محسوس ہوا‘ صبح کے ساڑھے آٹھ بجے تھے۔ ایک رکشہ والا قریب آیا۔ میں اس میں بیٹھ کر اسکول کی طرف جانے لگی‘ رکشہ والے نے بتایا: آپا! اس سود خور کو لوگوں نے قتل کر دیا“ میں حیران و پریشان! پروردگار! وہ تو دوسروں کی جان کے درپے تھا۔ خود مر گیا۔ رکشہ والا بولا: ہمارے گاؤں سے ایک فتنہ ختم ہو گیا‘ اللہ کرے اس کی اولاد میں وہ جراثیم نہ ہوں‘ ورنہ سب کچھ پھر وہی ہوگا جو ہو رہا تھا۔ لوگوں نے بتایا: غسل سے پہلے‘ غسل کے بعد بھی اس کے جسم میں کیڑے بھر گئے تھے۔ اور بغیر غسل دیئے اس کو دفن کر دیا گیا۔ سورۂ بقرۃ کی آیت نمبر 275 میں سود کے متعلق اللہ تعالیٰ نے فرمایا: ”وہ جو سُود کھاتے ہیں۔ قیامت کے دن نہ کھڑے ہوں گے مگر جیسے کھڑا ہوتا ہے وہ جسے آسیب نے چھو کر مخبوط (باؤلا) بنا دیا ہو۔ یہ اس لئے کہ انہوں نے کہا بیع (بیچنا) بھی تو سُود ہی کے مانند ہے اور اللہ نے حلال کیا بیع (بیچنا) کو اور حرام کیا سُود تو جسے اس کے رب کے پاس سے نصیحت آئی اور وہ باز رہا تو اسے حلال ہے جو پہلے لے چکا اور اس کا کام خدا کے سپرد ہے۔ اور جو اب ایسی حرکت کرے گا وہ دوزخی ہے وہ اس میں مدتوں رہیں گے“ (کوثر‘ خیرپور میرس)

دیورانی اور جیٹھانی کا جھگڑا اور بھیانک انجام

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! آج جو واقعہ لکھنے کیلئے قلم اٹھایا وہ اس طرح ہے کہ میری دوسرے اور تیسرے نمبر والی چچی آپس میں بہت لڑتی رہتی تھیں۔ تیسرے نمبر والی چچی کے ہاں اولاد نہیں وہ بے اولاد ہیں‘ دوسرے نمبر والی چچی جب بھی تیسرے نمبر والی چچی سے لڑتیں تو اسے کہتی کہ تو ہے ہی ”ہیجڑہ“ تیرے اولاد کہاں سے ہوگی‘ اس بات سے اس کے دل پر نجانے کی اگر رتی ہوگی یہ تو وہ ہی جانتی ہیں لیکن وہ اس کے جواب میں ایک ہی بات کہتی تھیں کہ تیری اولاد کے آگے آئے تو اپنی بیٹیوں سے نصیحت پائے‘ اس کا ہمیشہ یہ ہی جواب ہوتا تھا اس کے بعد وہ چپ جاتی تھی‘ بڑی چچی اس بات کو بار بار دہراتی جاتی۔ آج اس کی بددعا کا یہ اثر ہے کہ بڑی چچی کی دو بیٹیاں انتہائی دکھی‘ بیمار اور پریشان ایک تو بالکل گھر آ کر بیٹھ گئی ہے کیونکہ خاوند بیرون ملک گیا تو واپس نہیں آیا‘ کوئی رابطہ نہیں‘ سسرال والوں نے گھر سے نکال دیا‘ چار بیٹوں کی شادی کی‘ تین بیٹوں کی اولاد نہیں‘ اب ہر وقت اٹھتے بیٹھتے بچے بچے کرتی ہیں‘ روتی ہیں کہ میرے ساتھ ایسا مسئلہ ہے کہ جسے نہ تو کوئی انسان حل کر سکتا ہے اور نہ ہی دولت سے حل ہو سکتا ہے‘ جب اس کی بے بسی اور رونا دیکھتی ہوں تو یاد آتا ہے کہ یہ ایسے اسے ستاتی تھیں تو وہ اسے ایک ہی بددعا دیتی تھیں‘ اللہ بہتر جاننے والا ہے لیکن مجھے تو لگتا ہے کہ یہ اس بددعا کے نتیجے میں ان کے ساتھ ہو رہا ہے‘ انہیں اس بے اولادی کی بددعا لگ گئی ہے۔

ماں نے بددعا دی بیٹے کی لاش گھر آئی

دوسرا واقعہ بھی ایسا ہی ہے کہ میرے سامنے والے گھر میں کچھ لوگ رہتے ہیں جوان پڑھ اور جاہل سے تھے‘ اب تو کچھ بہتر ہو گئے ہیں‘ انہوں نے اپنے بیٹے کی شادی کی تو کچھ وجوہات کی بنا پر ماں بیٹے کی آپس میں لڑائی رہتی‘ وہ صبح جب کام پر جانے کیلئے سائیکل نکالتا تو ماں لڑنا شروع ہو جاتی کہ تیرا ایکسیڈنٹ ہو جائے تو واپس نہ آئے‘ اس طرح کی بددعائیں دیتی‘ وقت گزرتا رہا کچھ عرصہ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

نوجوان شفاء!
• قیمتی نایاب جڑی بوٹیوں کے قدرتی کیلشیم کا انمول خزانہ
• خواتین کے امراض کا بھی بہترین علاج
• کھوئی ہوئی طاقتوں کو واپس دلائے
• نوجوانوں کے تمام روگوں کا آزمودہ شفائی علاج
• شادی شدہ اور غیر شادی شدہ کیلئے فائدہ مند
• منہ چھپاتے نوجوانوں کیلئے امید کی کرن
قیمت صرف -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

نوکری کیلئے پریشان پڑھیں	بیٹا اور موبائل	ہڈیوں کا ڈھانچہ‘ پچکے گال ختم
کیل مہاسوں سے نجات	اعمال کاہدیہ کرنے کا طریقہ	آخر میں جاؤں کہاں؟

قارئین! زیر نظر سلسلہ دراصل قارئین کے سوالات کیلئے ہے اور اس کا جواب بھی قارئین ہی دیں گے۔ آزمودہ ٹوٹکہ‘ تجربہ‘ کوئی فارمولہ آپ صفحے کے ایک طرف ضرور تحریر کریں۔ یہ جوابات ہم رسالہ میں شائع کریں گے‘ کوشش کریں کہ آپ کے جوابات 20 تاریخ سے پہلے پہنچ جائیں۔

جون کے جوابات

نوکری کیلئے پریشان پڑھیں: فجر کی نماز کے بعد اول و آخر 21 مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں‘ ظہر کی نماز کے بعد اول و آخر بائیس مرتبہ درود شریف اور درمیان چاروں قل پڑھیں‘ عصر کی نماز کے بعد اول و آخر تیئس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل پڑھیں‘ مغرب کی اول و آخر نماز کے بعد چوبیس مرتبہ درود شریف اور درمیان میں چاروں قل‘ عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف اور درمیان میں چاروں قل ایک مرتبہ پڑھیں۔ یہ عمل اکتالیس دن کرنا ہے۔ ان شاء اللہ بہت جلد نوکری مل جاتی ہے۔ یہ عمل میرا آزمودہ ہے۔ (علی شیر‘ لاہور)

ہڈیوں کا ڈھانچہ‘ پچکے گال ختم: میری بہن کے ساتھ بھی یہی مسئلہ تھا‘ ہم اسے دفتر ماہنامہ عبقری لے کر گئے‘ وہاں موجود اسسٹنٹ صاحب نے ہمیں ”اکسیرالبدن“ ”فٹنس فولاد ٹانک“ اور جوہر شفاء مدینہ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے لکھی گئی ترکیب کے مطابق استعمال کرنے کو کہا۔ میری بہن نے تقریباً 6 ماہ مسلسل درج بالا ادویات استعمال کیں اور اس کے ساتھ دودھ‘ مکھن‘ بالائی‘ موسمی پھل کثرت سے استعمال کیا۔ (شازیہ زوہیب‘ قصور)

اعمال کاہدیہ کرنے کا طریقہ: یہ عمل میں نے ماہنامہ عبقری کے ایک سابقہ شمارے میں پڑھا تھا کہ جس سے کوئی بات منوانی ہو‘ یا جس کو نیکی کی طرف راغب کرنا ہو‘ جس کا دل نرم کرنا ہو تو اس کا تصور کر کے دن میں چند بار اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کے بعد ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ اور تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پڑھنے کے بعد یہ پڑھا ہوا اس شخص کو ہدیہ کر دیں۔ یہ عمل بہت ہی کمال کا ہے‘ میرا آزمودہ ہے‘ آپ بھی آزمائیے اور پھر کمال دیکھئے۔ (عالیہ مجید‘ کراچی)

کیل مہاسوں سے نجات: عبقری دواخانہ کی ”دیسی کریم“ اور ”حسن شفاء سیرپ“ کچھ عرصہ مستقل مزاجی سے استعمال کریں۔ آپ کے تمام مسائل کا حل انہی میں ہے۔ میرا چہرہ آج بالکل صاف انہی ادویات کی وجہ سے ہوا ہے۔ (عمر چوہدری‘ سانگلہ ہل)

جولائی کے سوالات

آخر میں جاؤں کہاں؟: قارئین! میرے باقی تمام بہن بھائی بہت خوبصورت ہیں اور میں ایک موٹاپا‘ دوسرا ناک موٹی اور تیسرا رنگ بھی کالا‘ تو اس میں میرا کیا قصور‘ نماز پڑھنے کو دل نہیں کرتا‘ پڑھنے بیٹھتی ہوں تو کچھ یاد نہیں ہوتا‘ ٹیسٹ میں نمبر کم آئیں تو الگ باتیں سنتی ہوں‘ گھر میں سب کا خیال رکھوں چونکہ میں پڑھتی بھی ہوں اور پڑھاتی بھی ہوں‘ گھر کا سارا کام بھی خود کرتی ہوں‘ پھر بھی کوئی خوش نہیں ہوتا‘ رشتہ میرا کہیں نہیں ہو رہا‘ اس کا غصہ بھی میرے اوپر‘ چھ سات سال سے کوئی وظیفہ‘ کوئی سورت ہوگی جو میں نے نہ پڑھی ہو مگر کوئی فائدہ نہ ہو ضرور اس میں میری کوئی غلطی ہوگی مگر گھر والے مجھے ہی باتیں کرتے ہیں۔ قارئین! مجھے کوئی حل بتایئے میں پریشان ہوں‘ اور ہاں ماہواری بھی ہر ماہ نہیں آتی‘ سال بعد کبھی دو سال بعد آتی ہے۔ بہت علاج کروایا مگر کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ (پوشیدہ)

بالچر سے نجات کیلئے بتایئے: محترم قارئین! السلام علیکم! میرا تین سال کا بیٹا ہے اس کے بالوں میں کوئی پرابلم ہے وہ گرتے ہے اس کے بال کٹوائے تو حجام نے کہاں اس کو بالچر ہو گیا ہے میں بہت پریشان ہوا جلدی سے کوئی دوا بتائے۔ (ضمیر احمد سولنگی، سندھ)

کان سے آوازیں: قارئین! ڈیڑھ سال ہو چکا ہے میرے دائیں کان سے بہت تیز آواز آ رہی ہے اس آواز کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں رات بھر نیند بھی نہیں آتی چھاں چھاں ہوتی رہتی ہے۔ آپ کے پاس کوئی اور نسخہ ہو تو پلیز آپ مجھے بتا دیں عمر بھر آپ کو دعائیں دیتا رہوں گا۔ (حافظ احمد لطیف، فیصل آباد)

بیٹا اور موبائل: محترم قارئین! میں اپنے بیٹے کے لئے پوچھنا چاہتی ہوں کہ یہ بیمار کیوں رہتا ہے؟ پڑھائی میں بھی دل نہیں لگتا چہرے پر دانے بہت ہیں نماز نہیں پڑھتا، قرآن شریف بھی نہیں پڑھتا، موبائل میں بہت دلچسپی لیتا ہے۔ (ایک ماں)

مناقب اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم

انتخاب: کمی احمد پوری

حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جس نے نماز پڑھی اور مجھ پر اور میرے اہل بیت پر درود نہ پڑھا اس کی نماز قبول نہ ہوگی۔ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں اگر میں نماز پڑھوں اور اس میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر درود پاک نہ پڑھوں تو میں نہیں سمجھتا کہ میری نماز کامل ہوگی۔ (دارقطنی‘ بیہقی)۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کوئی بھی شخص حضرت حسن بن علی اور حضرت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مشابہت رکھنے والا نہیں تھا۔ (احمد)۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے افضل ان کے بابا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے علاوہ کوئی شخص نہیں پایا۔ (طبرانی)

میری توبہ کی وجہ!

ایک بزرگ فرماتے ہیں کہ میری توبہ کی وجہ یہ ہوئی کہ ایک مرتبہ قحط کے زمانہ میں میں نے ایک غلام کو دیکھا کہ نہایت ہی خوش ہے‘ میں نے پوچھا کہ دنیا میں تو قحط ہے اور تو ایسا خوش ہے۔ کہنے لگا: میں فلاں شخص کا غلام ہوں‘ میرا کھانا کپڑا اس کے ذمہ ہے اور اس کا ایک گاؤں ہے‘ اس سے آمدنی آجاتی ہے‘ میں بالکل بے فکر ہوں۔ یہ سن کر میرے دل پر چوٹ لگی کہ تیرے مالک کے پاس تو زمین اور آسمان کے خزانے ہیں تو پھر اس قدر فکرمند ہے تو واقعی جب خدا سے نزدیکی بڑھ جاتی ہے تو بے فکری ہو جاتی ہے۔ دیکھئے! معمولی سے مالدار کے ساتھ تعلق ہو جانے سے کیسی بے فکری ہو جاتی ہے تو جو تمام خزانوں کا مالک ہے اس کے ساتھ تعلق رکھنے سے بے فکری کس طرح نہ ہو۔ **دکھلاوے کی عاجزی:** عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما اپنے دسترخوان پر جذام، برص وغیرہ کے مریضوں کو نہ ہٹاتے بلکہ ان کے ساتھ بیٹھ کر کھاتے اور فرماتے: اصل تواضع یہ ہے کہ حقیر لوگوں کے ساتھ بیٹھیں مگر یہ کسی حظ نفسانی کے لیے نہ ہو۔ بعض لوگ جوتیوں کے پاس بیٹھتے ہیں مگر ان کے دل میں اتنا تکبر ہوتا ہے اس جگہ بیٹھنے پر ان کو صرف یہ بات ترغیب دیتی ہے کہ لوگ انہیں متواضع کہیں گے۔ (فرزانہ صغیر‘ سرگودھا)

اکسیرالبدن کامیاب بچپن‘ لاجواب جوانی بے مثال بڑھاپا
بے رونق جسم‘ پچکے گال‘ آنکھیں دھنسی ہوں یا نسوانی حسن کی شدید کمی ہو علاج صرف اکسیرالبدن ☆ کمزور حافظہ ہو‘ امتحان کا خوف یا دماغی و جسمانی کام کرنے والے صرف اکسیرالبدن کو اپنا ساتھی بنائیں اور ہر میدان میں کامیابی
چند خوراکوں سے ہی مردانہ طاقت بحال دل و دماغ، اور جگر کی طاقت پائیں
قیمت صرف -/300 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

خواب اور روشن تعبیر

خواب میں خطرناک جانور دیکھتی ہوں!

خواب: میں اکثر خواب میں کبھی کتا، کبھی شیر اور کبھی دوسرا بڑا خطرناک سا جانور دیکھتی ہوں جو میرے پیچھا لگا ہوا ہے۔ میں اس سے جان بچانے کے لیے بھاگ رہی ہوں، کبھی دیکھتی ہوں میری گود میں پانچ چھ مہینے کا بچہ ہے، جیسے میرا ہو۔ کبھی خود کو تیسری یا چوتھی جماعت میں بیٹھی ہوئی دیکھتی ہوں اور مجھے بلیک بورڈ پہ لکھا ہوا کام نظر نہیں آرہا اور بھی بہت سے پریشان کن خواب نظر آتے ہیں۔ (ن، لاہور)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے آپ کا کوئی اہم کام بعض حاسدین کی نظر بد کی وجہ سے التواء کا شکار ہے آپ حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور سورۂ فلق اور سورۂ الناس گیارگیارہ بار ہر نماز کے بعد پڑھ کر دعا کرلیا کریں۔ واللہ اعلم۔

اب کچھ گوشت چیل کوؤں کو کھلادیں

خواب: میں بے حد پریشان ہوں۔ عرصہ دراز سے میں بیماری اور تکلیف سے دوچار ہوں۔ میں اکثر خواب میں بھول بھلیوں میں گم ہوجاتی ہوں اور بچوں کو بھی اچھے خواب نظر نہیں آتے۔ خواب میں کوئی چیز میری ٹانگ کے ساتھ چمٹتی ہے، سارے گھروالے اس چیز کے اوپر ڈنڈے برساتے ہیں، اسے کچھ اثر نہیں ہوتا۔ اب میری طبیعت بہت گڑبڑ رہتی ہے۔ مختلف عامل استخارہ کرکے بتلاتے ہیں کہ کوئی چیز آپ کے جسم میں اور خون میں شامل ہوگئی ہے۔ اس کو نکالنے کے لیے وظیفہ بتلائیں تاکہ میری جان اس مصیبت سے نجات پائے ہمارے مالی حالات میں بہتری نہیں ہے۔ (میمونہ امتیاز، شکرگڑھ)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ نے جو بھی وظائف پڑھے یا تو ادھورے پڑھے یا پھر بغیر اجازت کے پڑھ لیے۔ نیز ایک وظیفہ مکمل کیے بغیر دوسرا شروع کرنا بھی عمل کی ناکامی کا باعث بن جاتا ہے۔ تاہم آپ دوبارہ سے سات مرتبہ اذان اور سات مرتبہ سورۂ مومنون کی آخری چار آیات ایک ایک گھنٹے کے بعد روزانہ پڑھ کر دم کرتی رہیں۔ انشاء اللہ چالیس دن کے عمل کے بعد بہتری آنا شروع ہوجائے گی، تاہم یہ عمل 90 دن تک کرنا ہوگا، ناغہ کے دن بعد میں شمار کرلیں عمل شروع کرنے سے پہلے کچھ گوشت بطور صدقہ کے بلی یا چیل کوؤں کو کھلادیں۔ واللہ اعلم

شیطانی اثرات

خواب: مجھے جو خواب آتے تھے جن میں اندھیرا، بارش کا پانی گلیوں میں، ٹیڑھے میڑھے راستے، تنگ سیڑھیاں کبھی پاؤں میں جوتے نہ ہونا، پیپر دینے جانا لیکن نہ دے پانا وغیرہ، بدستور اسی طرح کے خواب آتے ہیں اور ہر خواب میں ہلکا ہلکا اندھیرا ضرور ہوتا ہے۔ پچھلے دنوں مجھے خواب آیا کہ ہمارے گھر کے اوپر والے پورشن میں جو کمرہ ہے اس میں بندر ہے جو مجھ پر حملہ کرتا ہے اور میں اس سے خوفزدہ ہوں، نیچے آتی ہوں تو سیڑھیوں کے پاس کوئی مخلوق جیسے جنات یا سایہ جیسی کوئی چیز ہے جو مجھے ڈراتی ہے۔ اب بھی اکثر خواب میں تنگ سیڑھیاں چڑھتی ہوں جو گول گول چکر دار ہوتی ہیں، آگے جاکر بند ہوجاتی ہیں لیکن میں کسی نہ کسی طرح بڑی مشکل سے اوپر چلی جاتی ہوں پھر دیکھا کہ سامنے قبرستان ہے ایک طرف کھیت ہیں، میں کھیتوں کی طرف چلی جاتی ہوں۔ (گلناز فاطمہ، بہاولنگر)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ پر جادو کے ذریعے سے شیطانی اثرات بھیجے جارہے ہیں، آپ حسب توفیق کچھ صدقہ دیں اور گھر والے مل کر سورۂ انعام کی آیت 45 سوا لاکھ مرتبہ ختم کروالیں، یہ عمل خواہ کتنے دن میں ہو جب تک مکمل ہوجائے تو پھر روزانہ 313 بار کسی وقت پڑھ کر پانی میں دم کرکے خود بھی پی لیا کریں اور تمام گھر والوں کو یہ پانی پلادیں، نیز گھر کے چاروں کونوں میں چھینٹے مار دیا کریں۔ حصول مقصد تک عمل جاری رکھیں۔ واللہ اعلم۔

جوتوں کے جوڑے خواب میں دیکھتی ہوں

خواب: میری شادی کو سات سال ہوگئے ہیں اور اولاد نہیں ہے۔ میرے شوہر کی پہلی بیوی سے ایک بیٹا ہے اور اب شوہر اولاد کیلئے تیسری شادی کرنا چاہتے ہیں جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں۔ میں تقریباً سات آٹھ ماہ سے خواب میں مختلف چیزوں کے جوڑے دیکھ رہی ہوں۔ ایک خواب میں دیکھا کہ میں نے سر پر دو دوپٹے اوڑھے ہوئے ہیں اور کہیں جارہی ہوں۔ دو دو جوتوں کے جوڑے کئی مرتبہ خواب میں دیکھے، کبھی نئے کبھی پرانے! ایک خواب میں دیکھا کہ کپڑوں کے کٹے ہوئے جوڑے رکھے ہیں اور ساتھ سلائی مشین رکھی ہوئی ہے۔ کبھی پھٹے ہوئے کپڑے دیکھتی ہوں ساتھ میں سوئی دھاگا پکڑا ہوا ہے اور سینے لگی ہوں۔ غرض میں بیس پچیس مرتبہ اس طرح کے خواب دیکھ چکی ہوں۔ (ماریہ سلیم، ملتان)

تعبیر: آپ کے خواب کے مطابق آپ کے ساتھ بندش کا مسئلہ چل رہا ہے جس کی وجہ سے اولاد سمیت تمام کاموں میں رکاوٹیں حائل ہورہی ہیں تاہم آپ پنج وقتہ نماز کی پابندی کرتے ہوئے ہر نماز کے بعد یَارَقِیْبُ 314 مرتبہ پڑھ کر دعا کرلیا کریں، نیز سونے سے پہلے ''یا خالق، یا مصور'' 1067 مرتبہ پڑھ کر پانی میں دم کرکے خود بھی یہ پانی پی لیں اور اپنے شوہر کو بھی پلادیا کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی خوشخبری نصیب ہوگی تاہم ڈلیوری ہونے تک عمل جاری رکھنا ہوگا۔

نسخہ برائے بواسیر ہر قسم

ھوالشافی: موچرس، کوڑسک دونوں ہموزن، الگ الگ سفوف تیار کرکے آپس میں یک جان کرلیں۔ کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد خوراک دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی کھائیں۔ اگر چاہتے بواسیر نہ ہو تو کبھی بھی جگر کی گرمی اور معدہ میں تیزابیت نہ ہونے دیں۔ (احمد رضا، لاہور)

لال آنکھوں والا سفید بلی کا بچہ مجھ پر جھپٹا اور۔۔۔!!!

خواب: میں نے دیکھا کہ میری امی جلدی جلدی گھر کے کام نمٹا رہی ہیں۔ گھر میں ایسا ماحول ہے جیسے ان کا انتقال ہوچکا ہو اور میرے ذہن میں ہے کہ ہم ان کی تدفین کل کریں گے، اسی لئے وہ فٹافٹ اپنے کام کررہی ہیں۔ گھر میں سب ملنے والے آرہے ہیں، امی بہت اداس ہیں لیکن ہم میں سے کوئی بھی رو نہیں رہا، پھر تہجد کے الارم سے میری آنکھ کھل گئی۔ ایک اور بار دیکھا کہ ایک سفید بلی کا بچہ جس کی لال آنکھیں ہیں، مجھ پر جھپٹ رہا ہے اور میں ''سورۂ فلق اور سورۂ الناس'' پڑھ رہی ہوں، پھر میں ایک ہاتھ سے اس کا جبڑا اور ایک ہاتھ سے اس کی ٹانگیں پکڑ کر اسے قابو کرلیتی ہوں۔ (سویرا، راولپنڈی)

تعبیر: آپ کے دونوں خوابوں میں اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ کے رکے ہوئے کام جلدی بخیر وخوبی انجام پاجائیں گے اور حاسد دشمن کو اپنے مقصد کے حصول یعنی آپ کو نقصان پہنچانے کی خواہش میں ناکامی ہوگی تاہم آپ حسب توفیق صدقہ دیں اور ہر نماز کے بعد یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ گیارہ بار پڑھ کر دعا کرتی رہا کریں۔ واللہ اعلم۔

خون روک شفاء
حیض اور جسم کے کسی بھی حصہ سے خون روکنے والی
خون روک شفاء حیض کو باقاعدہ مقررہ وقت اور مقررہ مقدار پر لائے جسم کے کسی بھی حصہ میں خون آرہا ہو مثلاً زخمی ہوجانا، پیچش میں خون آرہا ہو، نکسیر کیلئے بھی لاجواب ہے۔

لیکوریا، رحم کی تقویت کیلئے اور کمر درد کا بہترین علاج ہے۔
(قیمت صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

اندھے قتل کا سراغ! عمل پڑھا مقتول نے خواب میں قاتل کا بتادیا

(رشیدہ خانم' لاہور)

میں نے والدہ سے پوچھا کہ آپ کا کیا بنا؟ کہنے لگیں: اللہ تعالیٰ نے بخش دیا' بلندی عطا کی' میں نے پوچھا بلندی سے کیا مطلب ہے اور کس وجہ سے عطا کی؟ کہنے لگیں: بس اللہ تعالیٰ نے بلندی عطا کی میں نے درس سے ایک لفظ سنا تھا یاباعث یا نور

مقتول نے قاتل کا خواب میں آ کر بتادیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میرے دفتر میں ایک صاحب کا بیٹا قتل ہوگیا' ایسا اندھا قتل تھا کہ پتہ نہ چلتا تھا کہ قتل کس نے کیا؟ کیسے کیا؟ ایک دن میرے پاس وہ صاحب آئے کہنے لگے: آپ شیخ الوظائف کے درس میں جاتی ہیں آپ کے پاس کوئی الفاظ ہوں پڑھنے کیلئے بتادیں کہ مسئلہ حل ہوجائے میں نے پھر اسے کہا کہ شیخ الوظائف نے درس میں میت سے ملاقات کیلئے چار نوافل ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ التکاثر (پ 30) ایک مرتبہ پڑھنی ہے۔ کا عمل بتایا ہے۔ آپ بھی کرلو' میت سے ملاقات ہوجائے گی' اگر ملاقات ہوجائے تو اس سے ساری بات پوچھ لیں اور ہر شب جمعہ لازمی یہ عمل کریں۔ مجھے کہنے لگا: اس طرح تو بہت دیر ہوجائے گی' میں نے کہا کہ آج سے یعنی آج رات سے عمل شروع کردو' اس بندے نے عاجزی اور گریہ زاری سے نفل پڑھنے شروع کردیئے' تیسرے دن بیٹا خواب میں آگیا اور تمام تفصیل بتا گیا' انہوں نے پولیس کو بتایا کہ فلاں بندے پر شک ہے اسے پکڑیں پولیس نے پکڑ کر تفتیش کی تو وہی قاتل نکل آئے' ان لوگوں کا مسئلہ حل ہوگیا۔

گزشتہ 22 رمضان المبارک کو میری والدہ محترمہ انتقال کرگئیں' وہ بھی شیخ الوظائف سے بیعت تھیں' درس سننے کی شوقین' رسالہ عبقری پڑھنے کی شوقین' وہ درس میں نہیں جاسکتی تھیں لیکن مجھے رکشہ کا کرایہ آنے جانے کا دیتی تھیں صرف ثواب کی نیت سے کہ شاید مجھے درس میں شامل ہوجانے کا ثواب مل جائے۔ انہوں نے درس سن سن کر بہت سے اعمال کیے تھے اس لیے مجھے بہت تشویش تھی کہ پتہ کروں کہ والدہ کا کیا بنا؟

مرحومہ والدہ سے روزانہ خواب میں ملاقاتیں

اور ایک بات جو پہلے لکھنا بھول گئی غسل کرواتے ہوئے ہم نے دیکھا کہ وہ اچانک مسکرائیں تھیں اور میں نے شور مچادیا تھا کہ امی زندہ ہیں' فوری طور پر علی (بیٹے) کو آواز دی' گاڑی نکالو' امی کو ہسپتال لیکر جانا ہے میری آفس کو لیگ میری امی کو غسل دے رہی تھیں اس نے مجھے خاموش کرادیا' اور کہا چپ کرجائیں یہ زندہ نہیں ہیں' مسکرانے کی کیفیت تین سے چار منٹ رہی اور وہ بھی بڑی بھرپور اور شدت کے ساتھ تھی۔ اس وجہ سے والدہ سے ملنے کا بہت شوق تھا۔ خیر میں نے یہ عمل کیا اور والدہ سے ملاقات ہوئی' میں نے والدہ سے پوچھا کہ آپ کا کیا بنا؟ کہنے لگیں: اللہ تعالیٰ نے بخش دیا' بلندی عطا کی' میں نے پوچھا بلندی سے کیا مطلب ہے اور کس وجہ سے عطا کی؟ کہنے لگیں: بس اللہ تعالیٰ نے بلندی عطا کی میں نے درس سے ایک لفظ سنا تھا یاباعث یا نور جو دل پر ہاتھ رکھ کر سوتے وقت گیارہ مرتبہ پڑھنا تھا میں نے یہ عمل کیا تھا اور یا باعث یا نور کو کھلا پڑھا تھا پھر بے شمار پڑھا تھا' یاباعث یانور کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے بلندی عطا کی۔ تسبیح خانہ سے میں نے جو فیض پایا' ماں کو سنایا بتایا ماں نے اعمال کیے اور آج میری ماں جس مقام پر ہے یہ سب شیخ الوظائف کی دعاؤں' تسبیح خانہ کے اعمال کی وجہ سے ہے۔ میں سورۂ التکاثر والا عمل روزانہ مسلسل کررہی ہوں والدہ سے مسلسل ملاقات ہوتی ہے بلکہ صلح ومشورہ بھی لیتی ہوں اب دل کو سکون ہے ایسا لگتا ہے والدہ زندہ ہیں میرے ساتھ ہیں۔

دس سال پرانے قاری کے آزمودہ مشاہدات

(تحریر: احمد، لاہور)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ مجھے آج سے دس سال پہلے ملا' ان دس سالوں میں کوئی ایک بھی عبقری رسالہ ایسا نہیں جو میں نے پڑھا نہ ہو' بس اس شمارے سے عشق ہوگیا ہے اس کے بغیر سکون ہی نہیں ملتا۔ مجھے میرے ہر مسئلے' ہر الجھن' ہر تکلیف سے نجات اسی شمارے سے ملتی ہے۔ مجھے عبقری رسالہ پڑھنے کے بے شمار فوائد ملے مگر اس وقت جو میرے ذہن میں آرہے ہیں وہ دس ہیں' وہ قارئین کی نذر کرتا ہوں:۔

1۔ ایک مرتبہ میری بہن کی ڈائمنڈ کی رنگ گم ہوگئی' عبقری رسالہ میں آیا وظیفہ یَارَبِّ مُوْسیٰ یَارَبِّ کَلِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مسلسل پڑھا' میری بہن کی رنگ مل گئی۔

2۔ عبقری رسالہ میں برکت والی تھیلی کا عمل آیا' میں نے دفتر ماہنامہ عبقری سے تھیلی منگوائی اور اس پر صبح وشام 129 مرتبہ سورۂ کوثر پڑھنا شروع کردیا' مجھے جب بھی پیسوں کی ضرورت ہوتی ہے اور جتنی ہوتی الحمدللہ اس تھیلی میں سے نکل آتے ہیں۔

3۔ عبقری رسالہ میں ایک عمل کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھنے کا پڑھا' ہر مرتبہ کھانا کھانے کے بعد تین مرتبہ سورۂ قریش پڑھتا ہوں' کھانا فوری ہضم' طبیعت پر بھاری نہیں بنتا اور انوکھی برکت' سکون اور سرور ملتا ہے۔ معدہ کے تمام مسائل کا آخری حل یہ عمل ہے۔

4۔ مجھے کوئی بھی اچانک مسئلہ یا پریشانی آجائے (جیسے گزشتہ دنوں درس کے بعد گھر جانے کیلئے سواری نہیں مل رہی تھی) میں سورۂ توبہ کی آخری دو آیات پڑھنا شروع کردیتا ہوں' فوراً مسئلہ حل ہوجاتا ہے۔ سواری نہ مل رہی ہو پڑھیں فوراً سواری حاضر ہوجاتی ہے۔

عبقری رسالہ تقسیم کرتا ہوں' نقد مالی فوائد پاتا ہوں

5۔ عبقری رسالہ شوق سے تقسیم کرتا ہوں' کیونکہ میرے مسائل کا حل مجھے اس شمارہ سے ملا جب دیگر لوگوں کو مشکلات میں دیکھتا ہوں تو کوشش کرتا ہوں ہر کسی تک عبقری پہنچے۔ میں نے جب بھی عبقری تقسیم کیا مجھے اس انوکھا فائدہ پہنچا۔ کبھی مالی طور پر کبھی روحانی طور پر۔

6۔ گزشتہ رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر سورۂ فتح اور سورۂ قدر پڑھی' سارا سال رزق ملتا رہا' حالانکہ ان دنوں میں بے روزگار تھا۔ مگر سارا سال غیبی نظام چلتا رہا اور میرا کام بنتا رہا۔

7۔ اکثر ٹریفک میں پھنس جاتا ہوں تو عبقری رسالہ میں آئے عمل سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کردیتا ہوں ایسے راستہ ملتا ہے کہ میں خود بعض اوقات حیران ہوجاتا ہوں۔

8۔ ایک مرتبہ چلتے ہوئے دل کی دھڑکن بہت زیادہ تیز ہوگئی' حتیٰ کہ چلنا دوبھر ہوگیا' میں نے سورۂ الم نشرح پڑھنا شروع کردی اور کچھ دیر بعد ہی دل کو سکون مل گیا اور میں سہولت سے گھر پہنچ گیا۔

چڑچڑی بیوی میں محبت اتنی بڑھ گئی کہ میں نے عمل چھوڑ دیا

9۔ بیوی انتہائی چڑچڑے مزاج کی تھی' بات بات پر جھگڑا کرتی' عبقری رسالہ میں میاں بیوی میں محبت کیلئے ایک چھوٹی سی آیت پڑھی۔ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ میں اسے گیارہ مرتبہ پڑھ کر اپنی بیوی پر پھونک ماردیتا' میں حیران رہ گیا کہ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

ہیپاٹائٹس نجات سیرپ
سائیڈ ایفیکٹ سے پاک
موذی ترین مرض کا مؤثر ترین علاج۔ صرف چند بوتلیں پیئیں اور اپنا ٹیسٹ کروائیں۔ بے شمار صحت پاچکے۔ ہر عمر ہر فرد کیلئے یکساں مفید۔ جگر کو طاقت دے' خون بڑھائے' چہرے پر رونق لائے۔ (بڑی بوتل 320' چھوٹی 120 روپے میں)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

یہ صفحہ خواتین کے روزمرہ خاندانی اور ذاتی مسائل کیلئے وقف ہے۔ خواتین اپنے روزمرہ کے مشاہدات اور تجربات ضرور تحریر کریں۔ نیز صاف صاف اور صفحے کے ایک طرف مکمل لکھیں۔ چاہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں

بیٹے کی نکسیر پھوٹ جاتی ہے! کوئی حل بتائیے

میں اپنے بارہ سالہ بیٹے کی وجہ سے بہت پریشان ہوں اسے اکثر نکسیر آجاتی ہے۔ وہ کوئی دوائی بھی نہیں کھاتا۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟ (ام عبدالرحمٰن، ساہیوال)

مشورہ: آپ بازار سے پیٹھے کی مٹھائی لا کر رکھیے۔ پیٹھے کے دو ٹکڑے مٹی کے پیالے میں پانی بھر کر بھگو دیں۔ رات کو بھگوئیے۔ صبح بیٹے کو مٹھائی کھلا کر پانی پلا دیجئے۔ نیز مٹھی بھر ملتانی مٹی آدھ کلو پانی میں رات کو بھگوئیے۔ صبح پانی نتھار کر جگ میں رکھیے۔ تھوڑا تھوڑا پانی تمام دن پلائیے۔ دو ہفتے کر کے دیکھیے اللہ تعالیٰ صحت دیں گے۔

ناخنوں پر مہندی کا رنگ تیز آئے

کوئی ایسا ٹوٹکا بتائیں جس سے ناخنوں پر مہندی لگانے سے رنگ تیز آئے مجھے مہندی لگانے کا بہت شوق ہے۔ (ر۔ہ کراچی)

مشورہ: بی بی! آپ تازہ ہری مہندی دیکھ کر خریدیے اور اس میں تھوڑا سا براؤن جو کا سرکہ مری والوں کا ملائیے۔ ایک پیالی مہندی میں دو چمچ سرکہ ملائیے اور ناخنوں پر لگائیے۔ رنگ اچھا آئے گا۔ سرکے سے ناخن بھی ٹھیک رہیں گے اور چمک آئے گی۔

کیا میری ناک کا سوراخ بند ہوسکتا ہے؟

چار برس پہلے میں نے ناک چھدوائی تھی۔ دو سال سونے کی کیل پہنی۔ اب مجھے چھدی ہوئی ناک زہر لگتی ہے۔ کیا یہ سوراخ بند ہوسکتا ہے۔ میرے بازو کمزور ہیں۔ میں چاہتی ہوں موٹے ہو جائیں۔ میرے بال اتر رہے ہیں۔ سر میں درد رہتا ہے آدھے سر کا درد ہوتا ہے۔ یہ سارے مسئلے حل کر دیجئے۔ (کوثر محمود، لاہور)

مشورہ: کوثر! وقت کے ساتھ ساتھ سوراخ بند ہو جائے گا۔ آپ کو یہ برا لگتا ہے تو کہیں آتے جاتے وقت اسے میک اپ سے چھپا سکتی ہیں اور کوئی علاج نہیں۔ گھر کا کام خوب دل لگا کر کیجئے۔ کپڑے دھونے اور کپڑے سے فرش صاف کرنے سے بازو موٹے ہو جائیں گے۔ سردی کے موسم میں آپ زیتون کے تیل کی مالش بھی کر سکتی ہیں۔ صحت ٹھیک ہو تو بالوں کی نشوونما ٹھیک ہوتی ہے۔ کلیجی، پالک ہفتے میں دو بار کھایا کیجئے۔ روزانہ ایک سیب کھانے سے بھی آپ کی صحت پر نمایاں اثر پڑے گا۔ آدھے سر کا درد ذہنی پریشانی سے بھی ہوسکتا ہے۔ رات کو بارہ دانے بادام اور ایک چمچ کشمش پانی میں بھگو کر رکھ دیں۔ صبح اٹھ کر ایک کپ دودھ کے ساتھ کھائیں اس سے دماغ کو قوت پہنچے گی اور آپ کی صحت بھی بہتر ہو جائے گی۔ بازاری تیل وغیرہ استعمال نہیں کیجئے بالوں کی صفائی کا خیال رکھیے۔

میری والدہ کے دو مسائل حل کر دیجئے!

میری والدہ کا موٹاپا دن بدن بڑھتا جا رہا ہے اور دوسرا جو سب سے بڑا مسئلہ جس کی وجہ سے ہم تمام بہنیں، بھائی، والد اور حتیٰ کہ محلے دار اور رشتہ سبھی تنگ آچکے ہیں وہ مسئلہ ہے غصہ! میری والدہ کو نجانے کہاں سے اتنا غصہ آتا ہے۔ بات کچھ بھی نہیں ہوتی اور آواز آسمان تک پہنچ جاتی ہے۔ بعد میں خود ہی بیٹھ کر پچھتاتی بھی ہیں اور بعض اوقات دوسرے بندے سے معذرت بھی کرتی ہیں۔ (پوشیدہ، راولپنڈی)

مشورہ: آپ کی والدہ کا اصل مسئلہ موٹاپا اور غصہ ہے انہیں گرم اور ثقیل بادی اشیاء نہ دیجئے۔ اچار، آلو، اروی، گوبھی، تیز مصالحے، مرچ بند کر دیجئے۔ ان سے کہیں کہ صبح اٹھ کر نماز پڑھ کر سیر کریں اور بعد میں ابلتے گرم پانی کے ایک کپ میں ایک بڑا چمچ شہد اور آدھے لیموں کا رس ملا کر پئیں۔ دوپہر کو انہیں سبزیاں دیں۔ نماز کی پابندی کرنے اور قرآن شریف پڑھنے سے مزاج کی تیزی کم ہو جائے گی۔

تھرموس سے آنے والی ناگوار بو کا حل

ہم تھرماس میں کشمیری چائے بھرتے ہیں۔ جب ختم ہو جائے تو دھو لیتے ہیں۔ لیکن آٹھ دس دن بعد تھرموس سے ناگوار بو آنے لگتی ہے، بتائیے تھرماس کیسے صاف کرنا چاہیے؟

مشورہ: آپ تھرماس روزانہ دھوئیے تاکہ اس سے بدبو نہ آئے۔ تھرماس میں ایک پیالی گرم پانی اور دو چمچ سرکہ ڈال کر رکھ دیجئے۔ پانی زیادہ گرم نہ ہو۔ آدھے گھنٹے بعد تھرماس دھو لیجئے۔ گھر میں برتن دھونے کا صابن یا سرف ہو، اس سے اچھی طرح دھو کر خشک کیجئے، بدبو دور ہو جائے گی۔

ہڈیوں سے بخار نکالنے کا خاندانی نسخہ

قارئین! بخار کیلئے یہ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔ ایک انگلی کے برابر گلو اور ایک چمچ اجوائن دیسی کو ایک صبح مٹی کے برتن میں بھگو کر رکھیں، اگلی صبح رگڑ کر ایک کپ پانی ڈال کر پی لیں ایک ہفتہ بعد چھوڑ دیں پھر ایک ہفتہ بعد سات بادام ڈال کر پئیں، ان شاء اللہ ہڈیوں سے بخار نکل جائیگا۔ صرف پندرہ دن استعمال کریں، افاقہ نہ ہو تو ہفتہ کے وقفہ سے پی سکتے ہیں۔ مکمل صحت ملے گی۔ ان شاء اللہ۔ (ع، اسلام آباد)

بڑی توند سے پریشان خواتین کیلئے

میری عمر 20 سال ہے۔ کھاتے پیتے گھر کی لڑکی ہوں۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہم تین بہن بھائی ہیں اور ہم سب کی توند نکل آئی ہے۔ دونوں بھائی تو پرواہ نہیں کرتے مگر مجھے اپنی توند بہت بری لگتی ہے۔ میں تنگ کپڑے نہیں پہن سکتی۔ اکثر قبض رہتی ہے۔ صبح اٹھنے کو جی نہیں چاہتا۔ میں سعودیہ میں رہتی ہوں۔ رات گئے تک ہم ٹی وی دیکھتے رہتے ہیں۔ ہفتے میں کبھی کبھار سیر کو چلے جاتے ہیں۔ گھر میں کوئی خاص کام نہیں۔ والدہ سارے کام کرتی ہیں۔ مجھے کوئی ایسا ٹوٹکا بتائیے جس سے میرا بد نما پیٹ کم ہو جائے جو روز بروز بڑھتا جا رہا ہے۔ کھانے کے بعد ڈکاریں آتی ہیں۔ میں دو تین بوتلیں پیپسی کولا کی پی لیتی ہوں۔ اس کے باوجود ہاضمہ درست نہیں رہتا۔ آپ میرا یہ مسئلہ حل کر دیجئے مہربانی ہوگی۔ (ت۔ب۔ سعودی عرب)

مشورہ: بی بی! آپ نے لکھا ہے کہ میں کھاتے پیتے گھر کی لڑکی ہوں۔ اب ایسے گھروں کی لڑکیاں دور سے پہچانی جاتی ہیں۔ زیورات، قیمتی لباس اور موٹاپے سے۔ آپ ابھی سمارٹ بن سکتی ہیں، شادی کے بعد وزن کنٹرول کرنا آپ کے لئے مشکل ہوگا۔ لہٰذا بہتر یہ ہے کہ آپ ابھی سے اپنی غذا کو درست کریں۔ آپ نے لکھا ہے وزن کم کرنے کے لیے میں نے سائیکل لی ہے جسے میں چلاتی رہتی ہوں۔ ورزش والی سائیکل سے آپ وزن کم کر سکتی ہیں مگر طریقے سے۔ آپ ایک وقت مقرر کیجئے اور آہستہ آہستہ بڑھاتی جائیں۔ ایک گلاس نیم گرم پانی میں لیموں نچوڑ کر پیجئے اور اس کے دس منٹ بعد آپ سائیکل چلائیے۔ بیچ میں ناغہ نہ ہونے دیجئے۔ سائیکل نہ چلائیں تو صبح شام آدھ آدھ گھنٹہ سیر کیجئے۔ اپنی غذا کا خاص خیال رکھیے۔ تلی ہوئی چکنی چیزیں، بالائی، مکھن، جیم، کریم، پنیر، آئس کریم، چاکلیٹ، مٹھائی، بسکٹ، کیک، پیسٹری، کریم پف اور کولا مشروبات اور میٹھے مشروبات وغیرہ سے پرہیز کیجئے۔ تازہ سبزیاں، سلاد، دلیہ، کریم نکلا ہوا دودھ، دہی، سادہ ابلے چاول اور ہلکی دالیں غذا میں شامل کیجئے۔ صبح ابلے ہوئے گرم پانی میں ایک چمچ شہد اور ایک لیموں کا رس ڈال کر پیا کیجئے۔

معذور شفاء ٹانک
ہر قسم کی معذوری۔ فالج۔ لقوہ۔ دماغی کمزوری۔ ڈیپریشن۔ مرگی۔ بچوں کا سوکھا پن یا پیدائشی معذوری ان تمام امراض کیلئے صرف چند ماہ استعمال کریں۔ (قیمت 500 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

لوگ مجھے پھل مانتے ہی نہیں! خیر میرے فوائد پڑھ لیں!

اگر کسی کے مثانہ میں گرمی ہو‘ جلن اور درد و پیشاب رک رک کر آتا ہو تو میرے مغز کھانے سے تمام تکالیف دور ہوجائیں گی۔ میں خدا کے فضل سے انسان کی غذائی کمی دور کرتا ہوں۔ جسم کو ٹھنڈا کرتا ہوں۔ آنتوں اور معدے کی سوزش کیلئے بہت مفید ہوں۔

میں نہیں مانتا کہ کوئی ایسا اللہ کا بندہ بھی ہوگا جو مجھے کسی نہ کسی نام سے نہ جانتا ہو کیونکہ مجھے مختلف ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ اردو میں مجھ کو کھیرا کہتے ہیں۔ مگر میری بدقسمتی دیکھئے کہ دوسرے پھلوں کے مقابل میری اہمیت بہت کم ہے۔ بہت سے لوگ مجھے پھل مانتے ہی نہیں۔ مجھے خریدنے میں شرماتے ہیں اور میری قیمت بھی بہت کم ہے۔ خیر کوئی بات نہیں۔ مجھے غصہ بالکل بھی نہیں آتا کیونکہ میرا مزاج سرد ہے۔ اگر آپ عقل پر زور دیں تو میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے آپ کیلئے ایک عظیم تحفہ ہوں۔ میرے اللہ کریم نے مجھ میں بہت خوبیاں پیدا کی ہیں۔ جن میں چند خوبیاں آپ کیلئے پیش کرتا ہوں۔ اگر آپ مجھے کھانے میں بضد ہوں تو پہلے مجھ کو پانی سے دھولیں۔ پھر مجھ سے اوپر والا سرا چاقو سے کاٹ دیں کٹی ہوئی جگہ پر وہ ٹکڑا رگڑ کر جھاگ پیدا کر کے میری کڑواہٹ دور کریں پھر تھوڑا اور ٹکڑا جھاگ والا کاٹ دیں۔ یہی طریقہ نچلے سرے سے کریں۔ پھر میرا چھلکا دور کریں اور ٹکڑے ٹکڑے کریں۔ نمک مرچ لگائیں۔ کھانے پر ایسا ذائقہ دوں گا آپ حیران ہوجائیں گے۔

مثانے کی گرمی‘ جلن ہو تو مجھے کھائیے!

اگر کسی کے مثانہ میں گرمی ہو‘ جلن اور درد ہو پیشاب رک رک کر آتا ہو تو میرے مغز کھانے سے تمام تکالیف دور ہوجائیں گی۔ میں خدا کے فضل سے انسان کی غذائی کمی دور کرتا ہوں۔ جسم کو ٹھنڈا کرتا ہوں۔ آنتوں اور معدے کی سوزش کیلئے بہت مفید ہوں۔ جگر اور معدہ کی گرمی کو دور کرتا ہوں۔ اگر مجھے کھانے کے ساتھ سلاد کے طور پر استعمال کیا جائے تو کھانے کو جلد ہضم کرتا ہوں۔ اگر آپ نے ایسا کیا تو پھر پیاز کی چھٹی ہوجائے گی۔

یرقان میں مجھے ضرور آزمائیے!

یرقان میں مجھے ضرور آزمائیے۔ جسم کو سکون اور دل کو آرام پہنچاتا ہوں۔ موسم گرما میں مجھے زیادہ سے زیادہ استعمال کریں اور ہاں ایک سچ بات بتادوں آپ کو بہت فائدہ ملے گا کہ میں جسم کو موٹا اور توانا کرتا ہوں۔

جسم کو موٹا کرنے میں میرا کوئی ثانی نہیں

اگر یقین نہیں ہے تو یہ اماں عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا واقعہ ملاحظہ فرمائیں۔ بخاری شریف میں ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ارشاد فرماتی ہیں کہ ’’میری امی جان یہ چاہتی تھیں کہ میں جب رسول اللہ ﷺ کی خدمت اقدس میں (رخصتی کے بعد) جاؤں تو ذرا موٹی ہو کر جاؤں اس مقصد کیلئے کئی ادویات دی گئیں لیکن کچھ نتیجہ نہ نکلا پھر میں نے کھیرا اور کھجور کھائے اور خوب موٹی ہوگئی‘‘

سچ سچ بتائیں ہوں نہ میں کمال کی چیز

آخر میں میرے بیرونی طور پر استعمال کے فوائد دیکھیں:
اگر سر میں درد ہو ساتھ بخار ہو تو مجھے چھیل کر پیشانی پر ملنے سے آرام ہوگا۔ اگر آپ کی آنکھوں میں سوزش ہوجائے تو پھر چھلکا لے کر گول گول ٹکڑے کرلیں ایک ٹکڑا ایک آنکھ پر تھوڑا سا رکھیں اور پھر اس ٹکڑے کا دوسرا حصہ رکھیں ضرور فائدہ ملے گا۔ شربت بزوری مشہور شربت ہے اس کا بھی میں ممبر ہوں۔ اب آپ آنکھیں بند کرکے سچے دل سے سوچیں اور سچ سچ بتائیں ہوں نہ میں کمال کی چیز۔

پورا مہینہ نہ تنگدستی ہوگی اور نہ حادثات کے شکار

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! ہم عبقری رسالہ سے ہم نے بہت کچھ پایا ہے۔ الحمدللہ! عبقری میں آئے بے شمار نسخہ جات آزمائے‘ لوگوں کو بتائے اور پھر انہوں نے بھی ہمیشہ اس کی تعریف ہی کی۔ میرے آزمودہ تجربات جب عبقری کی زینت بنتے ہیں تو دیکھ کر انتہائی خوشی ہوتی ہے۔ ایک اور عمل قارئین عبقری کی نذر ہے۔

برکت کا عمل: ہر نئے چاند کی پہلی اتوار کو نماز فجر پڑھنے سے پہلے سورۂ فاتحہ باوضو کسی صاف صفحے پر لکھ کر اپنے پرس یا تھیلی میں رکھیں تو کسی قسم کی پیسوں میں سارا مہینہ کمی نہ آئے گی مزید جہاں یہ پرچہ ہوگا حادثات نہ ہوں گے۔ ان شاءاللہ۔ (فرحت‘ لاہور)

اسم اعظم کا روحانی دم
سالہا سال پرانے سر درد کا علاج!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ کئی سالوں سے میرے سر میں اچانک اتنا شدید درد اٹھتا تھا کہ مجھ سے برداشت نہ ہوتا تھا۔ ذرا سا کہیں سفر پر جاؤں یا کسی بات کی ٹینشن لے لوں اس قدر درد ہوتا کہ آپ سوچ نہیں سکتے‘ درد کی وجہ سے میری ایک آنکھ بالکل بند ہوجاتی تھی‘ میں سوچتی تھی کہ ابھی میرے سر کی نس پھٹے گی اور میں مرجاؤں گی۔ عبقری رسالہ میں اسم اعظم کے روحانی دم کے متعلق پڑھا‘ بتائی گئی تاریخ کو نماز فجر کے وقت تسبیح خانہ پہنچی۔ شدید رش کے باوجود نظم و ضبط بہترین تھا۔ نہ کوئی دھکم پیل‘ نہ شوروغل‘ نہ کسی قسم کی پریشانی۔ بہترین نظام تھا۔ جس دن دم تھا اس دن بھی میرا سر درد سے پھٹا جارہا تھا‘ ترتیب سے لائن چل رہی تھی‘ میں بھی لائن میں لگ گئی اور بڑے پرسکون انداز میں شیخ الوظائف کا دیدار بھی ہوگیا اور ان سے دم بھی کروالیا‘ جیسے ہی دم کروا کر تسبیح خانہ سے باہر نکلی میں بھول ہی گئی کہ میرے سر میں کسی قسم کا کوئی درد بھی ہے۔ یقین جانیے! سر کی تکلیف بالکل ختم ہوگئی ہے۔ ہر ماہ دم کرواتی ہوں‘ اب سفر بھی کرتی ہوں‘ ٹینشن بھی آتی ہے مگر سر میں درد نہیں ہوتا۔ (ع،ز۔لاہور)

اسم اعظم کا روحانی دم کروایا‘ فائدہ ہوا۔ ضرور لکھیے! لاکھوں کا فائدہ آپ کیلئے صدقہ جاریہ

تسبیح خانہ میں ہونے والے اسم اعظم کے روحانی دم میں بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب شرکت کرسکتے ہیں۔ خواتین ہرحال میں شامل ہوسکتی ہیں۔ پہلے وقت لینے کی ضرورت نہیں‘ اجازت عام ہے۔ 7 یا 14 یا 21 اسم اعظم کے روحانی دم میں لازماً شرکت کریں۔ اگر زندگی کا معمول بنالیں تو ساری زندگی ہر پریشانی‘ بیماری‘ گھریلو الجھن‘ کاروباری مسائل کا سوفیصد حل ہے۔

ناخنوں کے مسائل حل

قارئین! یہ ٹوٹکہ ضرور آزمائیے! مہندی کے پتے پیس لیں ذرا سے مکھن میں ملا کر رات ناخن پر لگائیں‘ اس کے لگانے سے ناخن صحیح ہوجاتے ہیں‘ ٹوٹ کر نہیں گرتے اور ان میں قدرتی چمک آجاتی ہے۔ (ر۔خ، لاہور)

خاتون شفاء حیض کی بے قاعدگی کا آخری علاج
جوانی کی دہلیز پر قدم رکھتی لڑکیوں کے امراض کا آزمودہ علاج
چہرے پر بال ہوں یا داغ دھبے خاتون شفاء سے نئی زندگی پائیں
ایام درد سے آئیں تو اعتماد سے استعمال کریں اور درد سے چھٹکارا پائیں
حیض کی بے قاعدگی کی شکار خواتین کیلئے خوشی کی نئی کرن
شادی کے بعد جسم موٹا ہو رہا ہو تو خاتون شفاء استعمال کریں
داغ دھبے چھائیوں کا آزمودہ علاج
صرف 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

کافی چاکلیٹ' چائے سے پرہیز اور دانے ختم | چہرے کا لاک اور جھوٹی زبانیں بند | گردہ و مثانہ کی پتھری کیلئے آزمودہ گارنٹی شدہ ٹوٹکہ

گھر سے جناتی بدبو کا خاتمہ | پیٹ درد' پیچش میں مفید | جائز عزت' احترام اور محبت

قارئین! آپ بھی بخل شکنی کریں آپ نے کوئی روحانی، جسمانی نسخہ، ٹوٹکہ آزمایا ہو اور اس کے فوائد سامنے آئے ہوں یا آپ نے کوئی حیرت انگیز واقعہ دیکھا یا سنا ہو تو عبقری کے صفحات آپ کیلئے حاضر ہیں، اپنے معمولی سے تجربے کو بھی بیکار نہ سمجھئے، یہ دوسرے کیلئے مشکل کا حل ثابت ہوسکتا ہے اور آپ کیلئے صدقہ جاریہ۔ چاہے بے ربط ہی لکھیں صفحات کے ایک طرف لکھیں، نوک پلک ہم خود ہی سنوار لیں گے۔



گھر سے جناتی بدبو کا خاتمہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! گزشتہ چھ، سات سالوں سے ہمارے گھر سے شدید ترین بدبو آتی جو (تاریں جلنے، فیڈکی، سڑے گوشت یا پیشاب) جیسی ہوتی۔ بدبو گھر کے باہر سے شروع ہوتی اور گھر کے اندر تک پھیل جاتی سمجھ ہی نہ آتی کہ کہاں سے آتی ہے۔ ایک دن معلوم ہوا کہ بدبو صرف ہمارے گھر سے آتی ہے اور گھر کے دروازے کے باہر کوئی بو نہیں ہوتی۔ گھر پر آپ کے درس لگانے شروع کیے۔ ایک دن آن لائن درس پر ''فحسبتم اور اذان کا عمل'' سنا۔ میری امی نے روز پڑھ کر دم کرنا شروع کردیا اور ہمیں بھی پڑھنے کا کہتیں مگر میں سستی کرتی۔ ایک دن میں گھر پر اکیلی تھی کہ اچانک بدبو آنا شروع ہوگئی میں نے ذرا اونچی آواز میں یہ عمل کیا اور ہوا میں پھونک ماری۔ بس پھونک ماری اور فوراً بدبو غائب، میرا یقین اور اعتقاد اس عمل پر مزید بڑھ گیا بعض اوقات رات کو 2 بجے میرے بستر سے بدبو آتی میں فوراً اٹھ کر یہ عمل شروع کردیتی۔ اللہ تعالیٰ نے اس عمل سے اس قدر سکون اور میرے پڑھنے میں تاثیر دی کہ گھر والے مجھے بلاتے کہ جلدی آکر عمل کرو۔ میں جیسے ہی پھونک مارتی فوراً بدبو غائب۔ چاہے رات ہو یا دن ہر وقت یہی سلسلہ چلتا تھا پھر آہستہ آہستہ بدبو ختم ہوگئی۔ جادو کے شدید شکار تھے لیکن اس عمل سے بہت فائدہ پایا ہے۔ مسلسل آسیب خوابوں میں آتے اور کوئی کہتا کہ افحسبتم اور اذان نہ پڑھو۔ اب تو میں نے زبانی یاد کرلیا ہے۔

چہرے کا 'لاک' اور جھوٹی زبانیں بند

آپ نے ایک درس میں بسم اللہ کا لاک چیزوں کی حفاظت کیلئے فرمایا تھا۔ ہم نے اپنی ہر چیز پر چاہے گم ہو یا نہ ہو یہ لاک لگانا شروع کیا اور فوراً دوسروں کو بتانا شروع کیا۔ اللہ کا شکر ہے اوّل تو کچھ گم نہیں ہوتا اور اگر ہو بھی جائے تو فوراً مل جاتا ہے۔ یہ عمل میں نے کچھ اور چیزوں پر بھی کیا جیسے کہ کچھ لوگ جو غلط اور جھوٹی باتیں پھیلاتے تھے میں نے ان کے چہرے کا تصور کرکے یہ لاک لگانا شروع کیا یقین جانیے بے حد فائدہ ہوا ان لوگوں کے منہ سے غیر مناسب اور جھوٹی افواہیں فوراً بند ہوگئیں۔ میں ایک گنہگار بندی ہوں دن میں غیبت اور دیگر گناہ ہوجاتے ہیں جو 99% زبان سے ہوتے ہیں میں نے صبح اٹھتے ہی اپنے منہ کو بند کرکے بسم اللہ کا لاک لگانا شروع کیا کہ دن بھر کوئی فضول بکواس یا غیبت نہ کروں۔ اللہ کا کرم ہے کچھ تبدیلی محسوس ہورہی ہے اور کوشش کرتی ہوں کہ غیبت نہ کروں بولتے بولتے منہ خودبخود بند ہوجاتا ہے۔ بسم اللہ کا لاک یہ ہے: تین مرتبہ ایک سانس میں بسم اللہ مکمل پڑھ کر چیز پر پھونک ماردیں۔

کافی، چاکلیٹ، چائے سے پرہیز اور دانے ختم

میرے جسم پر اور منہ پر بے حد دانے نکلتے تھے ڈاکٹرز کو بہت دکھایا کوئی دوائی دیتے کبھی کوئی دوائی۔ کوئی فرق نہیں پڑتا۔ ہر کوئی بس یہ کہتا پیٹ میں گرمی ہے میں انڈہ بھی کھالیتی تھی اکثر پھر کہیں سے مجھے کسی نے کچھ احتیاطیں بتائیں کہ اکثر لوگوں کے جسم پر اور چہرے پر دانے نکل آتے ہیں لیکن اگر وہ (انڈے کی زردی، کافی، چاکلیٹ، چائے) سے پرہیز کریں تو بہت فائدہ ہوتا ہے میں نے یہ عمل کچھ عرصے ہی کیا اور دانے نکلنا بالکل بند، سفیدی جتنی مرضی کھالیں کوئی نقصان نہیں اور چکنائی والی چیزیں بھی کم کردیں زندگی سے۔

جائز عزت، احترام اور محبت پایئے!

کھیٰعص کا عمل عبقری: ایک دفعہ عبقری رسالے میں پڑھا تھا کہ سورۂ مریم کا پہلا لفظ (کھیٰعص) ہر حرف پر ایک ایک انگلی بند کرتے جائیں یوں آخر میں مٹھی بند ہوجائے گی جب بھی کسی کے سامنے جائیں' چاہے کسی نئے گھر' نئی جگہ انٹرویو کیلئے' چاہے جہاں پر بھی اپنی جائز بات منوانی ہو' بحث مباحثے میں کامیابی حاصل کرنے کی خواہش ہو وہاں جاکر مٹھی کھول دیں۔ یہ نہایت ہی مجرب حروف ہیں۔ میں نے اپنی پرنسپل کیلئے یہ عمل کیا تھا اور ان کا لہجہ میرے لیے بے حد نرم اور شفیق ہوگیا باقی ٹیچرز پوچھتیں کہ یہ کیسے ہوا؟ تو میں فوراً یہ عمل بتا دیتی۔ ایک دفعہ کہیں انٹرویو کیلئے گئی تو وہاں بھی دوسری لڑکیوں کو یہ عمل بتادیتی کیونکہ رزق نصیب سے ملتا ہے وہ بھی بہت دعائیں دیتیں اور ان کے بھی کافی کام ہوجاتے۔ خاندان میں شادی تھی کچھ لڑکیاں ہمیشہ کافی Rude سی ہوتی تھیں میں نے اتفاقاً یہ عمل اور یَااَحَدُ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر ان پر ویسے ہی پھونک دیا۔ میری حیرت کی انتہا نہ رہی کیونکہ جیسے ہی ان لڑکیوں نے مجھے دیکھا فوراً انتہائی خوشدلی سے میرے ساتھ ملیں اور کافی بات چیت کی۔ بے شک اللہ کے ہر کلام میں تاثیر ہے۔ (عیشہ سید، ملتان)

سب سے بہترین چیز شکر ہے!

سب سے بہترین چیز شکر ہے' اگر آپ اللہ کا شکر ادا کریں گے تو اللہ تعالیٰ آپ کی نعمتوں میں اضافہ فرمائیں گے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے ہم لوگوں کے وعدوں پر تو یقین کرلیتے ہیں ایک بار اللہ کریم کے وعدے کا یقین کرکے تو دیکھیں۔

طریقہ: آپ کسی طرح بھی اللہ کا شکر ادا کریں' اللہ تعالیٰ کا آپ سے وعدہ رہے گا مگر ایک ترتیب ہے جو مجھے بہت پسند ہے اور وہ یہ ہے کہ آپ ہر نماز کے بعد ایک سجدہ شکر کرلیں اگر تین کرسکتے ہیں تو تین کرلیں کہیں کہ یااللہ پہلا سجدہ ان نعمتوں کا کررہی ہوں یا کررہا ہوں جو تو مجھے دے چکا ہے پھر سجدہ کریں اور کہیں یااللہ ان نعمتوں کا شکر ادا کرتی ہوں جو تو دے رہا ہے پھر ان کا جو تو دے گا۔ پھر ان کا جو تو آخرت میں دے گا۔ اگر آپ نعمتوں کا شکر ادا کریں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائیں گے کہ اس کو اتنا یقین ہے میری جنت اور میری نعمتوں کا کہ ابھی سے شکر ادا کررہا یا کررہی ہے تو ہوسکتا ہے کہ اللہ کو یہی ادا پسند آجائے اور پھر اللہ کریم کا وعدہ ہے کہ شکر

الرجی' چھینکیں' دائمی نزلہ' ناک کی ہڈی کا بڑھنا (کورس) | ناک کی ہڈی کا بڑھنا ناک کا بند رہنا جلدی مسائل حتیٰ کہ الرجی | دائمی نزلہ' الرجی کے شکار افراد کیلئے تیر بہدف لاتعداد کا آزمودہ کورس سفید اور گرتے بال' دماغ کمزور' حافظہ ضعیف ہو تو یہ کورس آپ کو ناامید نہ کرے گا کچھ عرصہ مستقل مزاجی کا استعمال درج بالا بیماریوں سے ہمیشہ کیلئے چھٹکارا | قیمت صرف -/600 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

ادا کروگے تونعمتوں میں اضافہ کروں گا۔اسی طرح آخرت کی نعمتوں میں بھی اضافہ ہوجائے گا۔

درودشریف پڑھیے اورخوب پڑھیے

ایک مرتبہ درود پاک پڑھنے سے اللہ تعالیٰ دس گناہوں کومٹا دیتا ہے' دس درجات بلند کرتا ہے اور دس نیکیاں عطا فرماتا ہے اور دس رحمتیں بھیجتا ہے۔اللہ تعالیٰ کی ایک رحمت ہی اگرکسی کومل جائے تواس کی دنیا وآخرت کیلئے کافی ہے تو اگرکوئی ایک ہزار بار درودشریف پڑھ لے تو سوچیں اس پر کتنی رحمتیں نازل ہوں گی۔ درودشریف کے فضائل تو بے شمار ہیں پر کچھ فضائل جو مجھے یاد ہیں وہ میں قارئین کی نذر کرتی ہوں:۔ درودشریف کو کثرت سے پڑھنے والے کی بروز قیامت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم شفاعت فرمائیں گے۔ درودشریف کثرت سے پڑھنے والا اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک جنت میں اپنا مقام نہ دیکھ لے۔ایمان پر خاتمہ نصیب ہوگا۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی جس کوحالت ایمان میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی اس پر دوزخ حرام ہے۔رزق میں اضافہ ہوگا ایسی جگہ سے رزق ملے گا کہ گمان بھی نہ ہوگا۔ اب ہر کوئی اس بات کا اندازہ لگا سکتا ہے۔ ایک مسلمان کو دنیا اور آخرت میں کامیابی اگرچاہیے تو درودشریف کو اپنا وظیفہ بنالے۔ درودشریف کے اتنے فضائل ہیں کہ انہیں شمار کرنا مشکل ہی نہیں ناممکن ہے۔(ہدیٰ حسن تیموری' کینیڈا)

جرم کبھی چھپتا نہیں!

قارئین! یہ سوفیصد سچا واقعہ ہے' تحصیل کلورکوٹ کے محلہ ارائیاں میں سے دو گھڑسوار آپس میں باتیں کرتے ہوئے گزر رہے تھے اور دو محلے کے آدمی اپنی گلی میں بیٹھے تھے۔ ان گھڑسوار میں سے پچھلے نے آگے والے کو ایک گھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کچھ بتایا اور اگلے نے فوراً مڑ کر اس گھر کی طرف دیکھا' دو آدمی جو گلی میں بیٹھے ان دونوں کو دیکھ رہے تھے' ان میں سے ایک نے گھڑسواروں کو اپنی طرف بلایا اور ان کو اپنے گھر لے گیا ان کو کھانا کھلایا' چائے پلائی جب وہ کھا پی کر فارغ ہوگئے اور جانے کی اجازت چاہی تو ان محلے داروں میں سے ایک بولا کہ وہ زیورات واپس کرو' وہ گھڑسوار حیران ہوکر پوچھنے لگے کونسے زیورات؟ وہ آدمی بولا: جوتم نے سات سال پہلے اس گھر سے چرائے تھے' گھڑسوار پوچھنے لگے: کیا مطلب؟ ہمیں کچھ سمجھ نہیں آئی۔ وہ آدمی بولا تم نے سینکڑوں گھر چھوڑ کر صرف اور صرف اسی گھر کی طرف اشارہ کیوں کیا؟ اور تمہارے اگلے ساتھی نے فوراً مُڑ کر کیوں دیکھا۔سات سال پہلے اس گھر سے جو زیورات چوری ہوئے وہ تم ہی نے چرائے تھے اور تم نے اپنی ساتھی کو اس گھر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے بتایا کہ یہ وہی گھر ہے اور اس نے فوراً مڑ کر پیچھے دیکھا۔ جب گھڑسواروں نے دیکھا کہ ان لوگوں سے بچنے کی کوئی صورت اب پیچھے نہیں بچی تو وہ گھڑسوار ان لوگوں کے پاؤں پڑ گئے اور اپنا جرم قبول کرلیا۔ سچ کہتے ہیں کہ جرم کبھی نہیں چھپتا۔(محمد ذیشان عارف' کلورکوٹ)

قارئین کی موصول شدہ منتخب تحریریں

تحریریں باری آنے پر ضرور شائع ہونگی' جلدی نہ کریں ہر تحریر محفوظ رکھی جائیگی۔

امیر افسر فاروقی' کوٹلی۔ خالد محمود' لاہور۔ روحانی شاکر۔نصیر عباسی' ٹیکسلا۔غلام شمس الدین' جڑانوالہ۔محمد اسحاق ہری پور۔ثمینہ کوثر' رحیم یار خان۔ ملازم حسین شاہ' میلسی۔ابراہیم پاریکھ' کراچی۔محمد صادق ڈار' سرگودھا۔محمد ارشد' لودھراں۔عباس احمد' فیصل آباد۔سید بادشاہ' ہری پور۔زینت بی بی' سرگودھا۔محمد شفیق' دنیاپور۔محمد طاہر فاروق' بیگم کوٹ لاہور۔ماسٹر عبدالغفور انجم' لودھراں۔ عبدالوہاب' راولپنڈی۔ یوسف قاسم' کراچی۔زینب فاطمہ' لاہور۔نمرہ سلیم' لاہور۔رخسانہ پروین' کراچی۔ مصباح۔صوبیدار (ر) حق نواز' حضرو۔رانی خاور میو' لاہور۔شہباز علی' لاہور۔ حمیرا امجد' لاہور۔ نعیمہ' ہری پور۔ محمد رشید پٹواری' فورٹ عباس۔ شفیع الرحمٰن' لاہور۔ نجمہ عامر' گوجرانوالہ۔ عمر' لودھراں۔ سلمیٰ' پشاور۔ یاسمین اختر' چکوال۔ قیصر مختار راجپوت' کویت۔ عدنان سعید محمود' مظفرگڑھ۔کوثر' کراچی۔ نعیم اللہ خان' ڈب بلوچاں۔ محمد شاکر' کراچی۔ محمد شمیم خان' پشاور۔ محمد مدثر مغل' سیالکوٹ۔

سرکنڈہ (کانے) گردہ ومثانہ کی پتھری کیلئے بارہا کا آزمودہ گارنٹی شدہ ٹوٹکہ

پتھری گردہ ومثانہ کے لیے یہ ٹوٹکہ مجھے کہیں سے ملا تھا میں نے کئی لوگوں کو اس کا نسخہ بتایا جس سے پتھری ریزہ ریزہ ہوکر بغیر کسی تکلیف کے خارج ہوجاتی ہے۔نسخہ درج ذیل ہے گل سرکنڈہ (جسے لوگ کانے کہتے ہیں جن سے پہلے لوگ مکان کی چھت ڈالتے تھے) ایک کلو لیکر کسی چیز سے کچل لیں اب اسے کسی برتن میں تین یا چار کلو پانی ڈال کر اس میں سرکنڈہ (جو کچلا گیا ہو) ڈال کر آگ پر رکھ دیں جب پانی جل کر ایک بوتل رہے تو اسے ٹھنڈا کر کے پانی چھان کر بوتل میں بھرلیں اور پھوک وغیرہ ضائع کردیں اب یہ پانی ایک چھٹانک صبح ایک چھٹانک کی مقدار شام کو پی لیں بس تیسرے یا چوتھے دن پتھر نما پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکلنی شروع ہوجائے گی بعض لوگوں کی ایک بوتل، بعض دو بوتل اور بعض کو تین بوتل پانی پینے سے پتھری خارج ہوکر بغیر اپریشن کے نکل جاتی ہے یہ میں نے کئی لوگوں پر نسخہ آزما چکا ہوں اب ماہنامہ عبقری کے لیے حاضر' دعاؤں کی درخواست کے ساتھ۔

(2) چھوٹے بچے کی ناف پھول جانا: بعض چھوٹے بچے کی پیدائش کے بعد پھول جاتی ہے اس کے لیے دیسی مرغی کا انڈہ لے کر اس کی سفیدی میں اجوائن دیسی پیس کر ناف پر لیپ کرنے کے بعد اوپر سے کپڑا باندھ دیں پانچ یا سات دن تک کرنے سے ناف اپنی اصلی حالت میں آجاتی ہے۔

(3) ہڈیوں اور جوڑوں کے درد کے لیے: روغن زیتون، روغن مال کنگنی اور روغن کلونجی ہم وزن لے کر ملالیں اور اس کی مالش آہستہ آہستہ ہاتھوں سے صبح شام کرتے رہیں انشاء اللہ درد سے فوراً آرام آجاتا ہے اور کچھ دن متواتر کرنے سے درد ہمیشہ کے لیے ختم ہوجاتا ہے۔

(4) درد ہر قسم کے لیے: کان درد، دانت کا درد، سر درد تو فوراً آرام آجاتا ہے ست کافور 10 گرام، ست اجوائن 1 گرام، ست پودینہ 10 گرام، کاربالک ایسڈ 2 گرام کو کسی بند شیشی میں ڈال کر اوپر سے ڈھکنا بند کر کے پانچ منٹ دھوپ میں رکھ دیں یہ ساری چیزیں پانی ہوجائیں گی اب درد کی جگہ پر تھوڑی سی روئی لے کر درد کی جگہ رکھ دیں فوراً آرام آجائے گا۔

(5) پیٹ درد، پیچش میں مفید: جون اور جولائی کے مہینہ میں اکثر پیٹ میں درد اور خونی پیچش لگ جاتے ہیں اس کے لیے پودینہ سبز اور شیشم کے پتے آدھا آدھا تولہ لے کر گھوٹا بنالیں اور تین خوراکوں سے انشاء اللہ درد اور پیچش ختم ہوجاتے ہیں ایک ایک گلاس گھوٹا صبح، دوپہر شام ایک ہی دن میں مکمل آرام آجاتا ہے۔(علی احمد، منچن آباد)

طب اسلامی کے پاکیزہ اصولوں کے مطابق تیار کیا گیا
معدہ کا السر (کورس)
معاشرے میں پائے جانے والے خطرناک مرض کا شافی علاج
بلڈ پریشر اور ہاضمہ کی پریشانی سے ستائے صرف یہ کورس آزمائیں
معدہ کے تمام امراض کا علاج
معدہ کو صحت منداور ہشاش بشاش بنائیے
معدہ میں درد ہو' معدہ کا کینسر ہو' تیزابیت ہو یا اپنڈی سائٹس ابھی لائیں کمال پائیں
(قیمت صرف 400/- روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔0332-7552382

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

سبز پوش معالج!

ہر مرض میں صدیوں سے آزمودہ

اپنی افادیت کی وجہ سے نیم 'سبز پوش معالج' بھی کہلاتا ہے۔

گاؤں' دیہات میں اس کی بڑی قدر و قیمت ہے جب کہ یہ شہروں کو بھی ضرورت ہے۔ یہاں کی فضائی آلودگی کا مقابلہ کرنے کے لیے بھی اور تیزی سے بڑھتی ہوئی جلدی تکالیف کے لیے بھی۔ نیم کے پتے تمام قسم کے جلدی امراض' پھوڑے پھنسیوں' آبلوں زخموں پر لگائے جاتے ہیں۔ جنسی امراض سے جسم میں واقع ہونے والے شدید فساد خون' زخموں' پرانے غدودی دردوں کے لیے یہ مفید ثابت ہوتا ہے۔

دوالی یا ویری کوز وینز کی تکلیف میں جب پیروں میں نیلی رگیں متورم ہو کر درد کا سبب بن جاتی ہیں' ان میں زخم بھی ہوجاتے ہیں تو ایسے مریضوں کو پسے ہوئے نیم کے تازہ پتوں کا لیپ بیرونی طور پر لگانا اور اس کے خشک پتوں کا تین گرام سفوف یا 25 گرام پتوں کا جوشاندہ استعمال کرانے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔

اسی طرح بسا اوقات انجکشن کی وجہ سے بازو وغیرہ میں جو ورم اور پھوڑا ہوجاتا ہے' نیم کے گرم پانی سے اس کی سکائی اور ابلے ہوئے پتوں کی پلٹس باندھنے سے یہ تکلیف نشتر کے استعمال کے بغیر ٹھیک ہوجاتی ہے۔ اسی طرح خارش کے لیے بھی یہ بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔

ٹوٹی ہڈی کے لیے: نیم کے جوشاندے میں عرق کافور ملا کر کپڑا گیلا کر کے اس کی گدی متاثرہ جگہ پر رکھنے سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ اس طرح درد اور ورم میں کمی ہوجاتی ہے۔

بالوں کی خشکی: بالوں میں خشکی کی وجہ سے ہونے والی بھوسی اور پھنسیوں کے علاوہ جھڑتے بالوں کے لیے چائے کے دو چمچ پسے ہوئے نیم کے پتے اچھی طرح لگا کر پندرہ بیس منٹ بعد سر دھونے سے یہ تکالیف دور ہوجاتی ہیں۔ یہ عمل ہفتے میں دو تین مرتبہ کرنا چاہیے۔

بند چوٹ کا علاج: گرنے یا کسی چیز کے لگنے سے بند چوٹ ہو' نیل اور ورم ہوجائے تو ایسی صورت میں متاثرہ مقام پر باریک پسے ہوئے نیم کے تازہ پتوں کو پکا کر اس کا نیم گرم لیپ لگانے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ نیم کے تازہ پتوں کے درمیان گرم اینٹ وغیرہ رکھ کر کپڑے میں لپیٹ کر سکائی سے بھی یہی کام لیا جاسکتا ہے۔ گرم جوشاندے میں کپڑا بھگو کر پندرہ بیس منٹ سکائی بھی مفید ہوتی ہے۔

ٹانسلز کیلئے: ٹانسلز یعنی گلے کے متورم اور بڑھے ہوئے غدود کیلئے نیم کے پتوں کے جوشاندے میں تھوڑا سا نمک ملا کر غرغرے کرنے سے ورم اور درد دور ہوجاتا ہے۔ یہ عمل ایک دو ماہ کرنے کی صورت میں مستقل فائدہ ہوسکتا ہے۔

ناک کا ورم: یعنی سائی نس کیلئے بھی نیم گرم نمکین پانی وضو کی طرح ناک میں چڑھانے سے رفتہ رفتہ ورم دور ہوجاتا ہے اور ناک کی تکلیف دہ اور یقینی آپریشن کی ضرورت بھی ٹل سکتی ہے۔

چنوں کا علاج: جن بچوں کے پاخانے کی جگہ کے اندر باریک کیڑے ہوجاتے ہیں وہ مقامی خارش کی وجہ سے سخت بے چین رہتے ہیں۔ اس کی ایک خاص علامت بچوں کا بار بار ناک کھجلانا ہے۔ اس کے لیے نیم کے خشک پتوں کا سفوف مقامی طور پر لگانا مفید ثابت ہوتا ہے۔

داخلی استعمال: نیم دوائی خواص کے اعتبار سے کاسر ریاح' مخرج بلغم' مصفی خون اور کیڑے مار ہوتا ہے۔ تین گرام سے چھ گرام اس کے تازہ پتوں کا رس تھوڑا نمک ملا کر پلانے سے آنتوں کے کیڑے نکل جاتے ہیں۔ جلدی امراض میں پچاس گرام رس میں دس دس گرام ہڑ کا سفوف اور اصلی گھی یا روغن بادام ملا کر پلایا جاتا ہے۔

یرقان: یعنی پیلیا کی شکایت کیلئے نیم کے تازہ پتوں کا دس بارہ گرام رس پلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

ٹانک اور مصفی خون: نیم کے پچاس گرام تازہ پتوں کا جوشاندہ ایک بہترین نباتاتی ٹانک اور مصفی خون ثابت ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے پرانے ملیریائی بخاروں کا علاج بھی ہوسکتا ہے' کیونکہ یہ دراصل جگر کی اصلاح کرکے ملیریا کے جراثیم کا خاتمہ کرتا ہے۔

پیشاب آور: نیم کا جوشاندہ پیشاب اور حیض کھل کر لاتا ہے۔ **گنٹھیا کے لیے:** افریقہ میں اسے گنٹھیا کی شکایت کیلئے بہت مفید پایا گیا ہے۔ **مثانے کے غدود کا ورم:** افریقہ میں نیم پر ہونے والی تحقیق کے مطابق اس کے پتوں اور چھال کا ست پروسٹیٹ کے ورم کو دور کرتا ہے۔ وہاں اسے اسپرین کی طرح بخار دور کرنے (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

سر میں تیل کا مساج' خواتین بہت سی بیماریوں سے بچ سکتی ہیں

سر میں قدرتی تیل کے مساج سے خواتین بہت ساری بیماریوں سے بچ سکتی ہیں۔ اس امر کا انکشاف ایوریک تھراپی رپورٹ میں کیا گیا ہے رپورٹ کے مطابق مساج سے بیماریوں کا علاج صدیوں پرانا طریقہ علاج ہے مساج سے جسم تروتازہ اور پرسکون ہوسکتا ہے۔ بالخصوص خالص قدرتی تیل سے مساج ہی اضطراب اور بے چینی کی کیفیت کو ختم کرتا ہے نیز اس کی وجہ سے نبض کی رفتار بھی بہتر ہوجاتی ہے۔ جلد کی اکثر بیماریوں کا بہترین علاج قدرتی تیل کا مساج ہی ہے۔ جلد کی رنگت نکھارنے اور جلد کو داغوں سے بچانے کے لئے مساج قدرتی تریاق ہے درحقیقت قدرتی تیل جلد کی اندرونی تہوں میں جذب ہوکر جسم کو مختلف بیماریوں کے وائرس سے محفوظ بناتا ہے۔ جوڑوں' سر اور کمر کے درد کے علاوہ اعصابی دباؤ میں بھی مساج سے فائدہ پہنچتا ہے سب سے اہم بات یہ ہے کہ اس سے خون کی گردش جسم کے درجہ حرارت کے متوازی ہوجاتی ہے۔ جس سے پورا جسم خوبصورت اور تندرست ہوجاتا ہے۔ گردن اور کندھوں کا مساج ڈپریشن اور اینگزائٹی کو ختم کردیتا ہے۔

سیب کی روٹی کھائیں بھوک بڑھ جائے گی

آپ سیب کی روٹی پکائیں کھٹے سیب خرید لیں اور ان کا رس نکال کر اس میں ایک روٹی کا آٹا گوندھ لیں سات دن یہ روٹی کھائیں روزانہ رس نکال کر روٹی پکائیں اس سے معدہ میں طاقت آئے گی اور بھوک لگے گی۔ چہرے پر رونق آئے گی۔ کھایا پیا ہضم ہوگا۔ طبیعت ہر وقت ہشاش بشاش رہے گی۔ کھٹے سیب عام سستے مل جاتے ہیں۔

جن خواتین کی دل دھڑکن بڑھ جاتی ہو۔۔۔

کچھ خواتین دل کی کمزوری کی وجہ سے شکایت کرتی ہیں کہ ذرا سا کام کرنے' چلنے پھرنے سے دل کی دھڑکن بڑھ جاتی ہے ان کے لئے تربوز کے بیج بہترین دوا ہیں۔ لیکن تربوز کے بیج آپ خود نکالیں بازار سے لائے ہوئے بیجوں کا اعتبار نہ کریں بیج دو چھوٹے چمچ ایک پیالی پانی میں بھگو دیں صبح ان کو پیس کر چینی ملا کر نہار منہ پی لیا کریں آٹھ دس دن میں یہ شکایت دور ہوجائے گی۔

ناک شفاء
دائمی نزلہ' الرجی' چھینکیں' ناک کی ہڈی کا بڑھ جانا کیلئے ناک میں ڈالنے والے قطرے
نزلہ کی وجہ سے دماغی کمزوری
بال سفید ہونا۔ نیند کا نہ آنا
قیمت -/100 روپے
الرجی سے پیدا بیماریوں کیلئے ناک شفاء کا کچھ عرصہ استعمال ہمیشہ کیلئے نجات کا سبب بنتا ہے۔
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

حکومت کو گالیاں اور برا بھلا کہنے سے توبہ

رشوت دینا اور لینا خود سے ختم کریں دیکھیں پورے ملک سے رشوت کا خاتمہ ہوجائے گا۔ ملاوٹ کرنا خود سے ختم کریں دیکھیں پھر پورے ملک سے ملاوٹ کا خاتمہ ہوجائے گا۔ اگر یہ سب نہیں کرسکتے تو خدارا حکمرانوں اور اداروں کو گالیاں دینا بھی آپ کو زیب نہیں دیتا۔

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائیں اور عبقری کے ذریعے آپ جو پیغام پھیلا رہے اس کا اجر اللہ تعالیٰ دنیا اور آخرت دونوں میں عطا کریں اور اللہ تعالیٰ آپ کی عمر میں‘ آپ کے عمل میں خیرو برکت عطا فرمائیں۔ میں ماہنامہ عبقری بہت شوق سے پڑھتی ہوں‘ خاص طور پر آپ کا کالم ’’ایڈیٹر کے قلم سے‘‘ اور آپ کا ’’طبی آرٹیکل‘‘ بہت ہی شوق سے پڑھتی ہوں۔ آپ کا کالم ’’حال دل‘‘ جس کا عنوان تھا ’’حکومت کا اقتدار الٹ دیں اور سڑکوں پر نکل آئیں‘‘ پڑھا تو بڑی شرم آئی‘ آج میرا لکھنے کا مقصد اس تحریر کے ذریعے اپنے آپ کو سنوارنا ہے اور لوگوں تک پہنچانا ہے۔ اس مضمون کو پڑھ کر میرے ذہن میں معاشرے کا ایک فرد ہونے کے ناطے کئی ذمہ داریاں نظر آرہی ہیں چونکہ میری تحریر کا مقصد اپنے آپ کو سنوارنے کا ہے تو میں آج حکومت کو گالیاں دینے اور حکومت کو برا بھلا کہنے سے توبہ کرتی ہوں اور اپنے سے وابستہ ہر شخص جس کے بارے میں میں نے کبھی بُرا بھلا کہا ہو سے معافی مانگتی ہوں۔

حکومت کا نہیں میرا اپنا قصور ہے!

مثال کے طور پر اگر پارک‘ کالج‘ بس اسٹاپ‘ مارکیٹ ہر جگہ ’’شہر کو صاف رکھیں‘‘ کا بورڈ یا ڈسٹ بن رکھے ہوئے ہیں تو کینڈی کا ریپر‘ کیلے کا چھلکا‘ جوس کا ڈبہ‘ چپس کا پیکٹ وہی پر پھینکنے والی میں ہوں‘ اس میں حکومت کا قصور نکالوں کہ حکومت صفائی پر توجہ نہیں دیتی‘ جگہ جگہ کچرا پڑا ہے تو مجھ پر تف‘ اس میں حکومت کا نہیں میرا اپنا قصور ہے۔

اس وقت میں ایک ماں ہونے کے ناطے اولاد کو برا بھلا کہنے سے پہلے اپنے اندر کی غلطی کو سنوارتی ہوں۔ مثال کے طور پر اولاد کو آرام طلبی کا عادی بنا کر کل کو ان پر طعنہ دوں کہ اولاد کوئی کام نہیں کرتی تو اس میں میرا اپنا قصور ہے اس طرح اگر میں اولاد ہونے کے ناطے والدین کو برا بھلا کہتی ہوں کہ انہوں نے مجھے ڈانٹا یا مار پیٹ کی تو اس میں مجھ نکمی کا قصور ہے کہ میں نے والدین کی بات نہیں مانی۔ اس لیے انہوں نے مجھے ڈانٹا اس طرح ایک ٹیچر یا سٹوڈنٹ کو لیں اور سٹوڈنٹ ٹیچر کو لے لیں‘ بہن بھائی کو طعنہ دینے یا برا بھلا کہنے سے پہلے اپنے آپ کا احتساب کریں تو غلطی اپنے اندر ہی نظر آتی ہے۔ اس وقت اگر میں زندگی میں موجود ہر شعبے سے تعلق رکھنے والے کی بات کروں تو صفحات کم پڑ جائیں اور مجھے اس میں موجود غلطی ابھر کر میرے سامنے آئے۔ آج میرا مقصد اپنے سے وابستہ لوگوں کو برا بھلا کہنے سے پہلے اپنے آپ کو سنوارنے اور اپنی غلطیوں کو مدنظر رکھ کر اپنے آپ کو درست کرنا ہے۔

حیرت ہے بجلی چور بھی واپڈا کو گالیاں نکالتے ہیں

اسی طرح واپڈا کو جو لوگ بجلی جانے پر کوسنا شروع کردیتے ہیں پہلے اپنے اندر جھانکیں ان کو تو اوپر سے آرڈر ہوتے ہیں وہ لوگ تو اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ان کو برا بھلا کہنے کا کوئی فائدہ نہیں‘ ہم میں ایسے لوگ ہیں جو بجلی چوری کرتے ہیں اور ڈنکے کی چوٹ پر کرتے ہیں اور وہی لوگ بجلی جانے پر حکومت اور واپڈا والوں کو گالیاں بھی دے رہے ہوتے ہیں۔ محترم حکیم صاحب! آپ کی تحریر ’’حال دل‘‘ نے مجھے جھنجھوڑ کر رکھ دیا‘ نجانے میرے دماغ میں اس وقت کیا کیا چل رہا مگر قارئین سے صرف اتنی گزارش ہے کہ خدارا پہلے خود کو سنواریں‘ دیکھیں پھر آپ کو حکومت اور لوگوں میں کوئی برائی نظر نہیں آئے گی‘ صفائی خود گھر اور اپنے محلے سے کریں دیکھیں پورا شہر اور پھر پورا ملک کیسے گندگی سے پاک صاف ستھرا ہوجائے گا‘ رشوت دینا اور لینا خود سے ختم کریں دیکھیں پورے ملک سے رشوت کا خاتمہ ہوجائے گا۔ ملاوٹ کرنا خود سے ختم کریں دیکھیں پھر پورے ملک سے ملاوٹ کا خاتمہ ہوجائے گا۔ اگر یہ سب نہیں کرسکتے تو خدارا حکمرانوں‘ واپڈا‘ پولیس‘ ریلوے‘ ایئرلائن اور دیگر اداروں کو گالیاں دینا اور بحث کرنا بھی آپ کو زیب نہیں دیتا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اچھا بنادے تاکہ مجھے کسی میں برائی نظر نہ آئے اور میں معاشرے کی ایک مفید شہری ثابت ہوجاؤں۔

اصل دین کیا ہے؟

ہر ماہ توحید و رسالت سے مزین مشہور عالم کتاب کشف المحجوب سبقاً حضرت حکیم صاحب مدظلہ پڑھاتے ہیں اور مراقبہ بھی کرواتے ہیں۔ قارئین کی کثیر تعداد اس محفل میں شرکت کرتی ہے۔ تقریباً دو گھنٹے کے اس درس کا خلاصہ پیش خدمت ہے۔

حلقہ کشف المحجوب کے اس باب طریقت میں پیر علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ نے جو فرمایا اس کا خلاصہ کرتے ہوئے شیخ الوظائف نے اپنے درس میں فرمایا: ہمارے پیش نظر جب بھی صوفیا کرام رحمہم اللہ کی زندگی آتی ہے ہم سمجھتے ہیں شاید اس زندگی کے اندر وہ ہوگا جو موجودہ مزاج و رواج میں صوفیاء کرام رحمہم اللہ کا تعارف کروایا جاتا ہے۔ میں بعض کتابوں میں دیکھتا ہوں ان میں صرف صوفیاء کرام رحمہم اللہ کا حال مذکور ہوتا ہے اور وہ حال جب وہ عشق الٰہی کی حالتِ نشہ میں ہے قال کا تو کہیں کوئی ذکر ہی نہیں کیا جاتا۔ آپ مجھے ایک بات بتائیں! کسی کے والد صاحب ذہنی طور پہ پاگل ہوجائیں اور وہ کچھ ایسی حرکتیں کریں کیا بیٹا ان کی اتباع میں ویسا کرے گا؟ بلکہ وہ انکا علاج کروائے گا بس کچھ ایسی مثال حال کی ہے یہ یاد رکھیں کہ اولیا کرام رحمہم اللہ پاگل نہیں ہوتے، جو سچے اللہ کے ولی ہوتے ہیں وہ پاگل نہیں ہوتے اللہ پاک ان کو اپنی محبت، عشق کے پیالے ایسے پلاتے ہیں کی بعض اوقات انکی کیفیات میں خمار ہوتا ہے وہ ایسے خمار میں ہوتے ہیں جو تیری میری سمجھ سے بالاتر ہے لہٰذا اگر ان کے منہ سے کوئی ایسا لفظ نکلے یا انکے عمل میں کوئی ایسی بات آئے تو اس پر نہ ہی کچھ بولنا ہے اور نہ ہی اس کا رد کرنا ہے۔ انکی یہ حالت ایسی نہیں کہ ہم اسکا عمومی اظہار کریں۔ مخلوق خدا کو پتہ نہیں کہ یہ حال کیا ہوتا ہے اس لئے انھیں اس کی سمجھ بھی نہیں آئے گی۔ ہماری زندگی بس ایک محور اور ایک مرکز کے گرد گھومے اور وہ شریعت محمدی ہے۔ ہمارا اوڑھنا بچھونا صرف اللہ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں بس! یہ مختصر سی ایک ترتیب ہے اور اسکے علاوہ کچھ نہیں ہے۔ جس دور میں حضرت علی ہجویریؒ نے آنکھ کھولی تھی اس دور میں ایسے ایسے لوگ اور ایسے عجیب و غریب ناموں سے گروہ آ گئے جنکا اللہ اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شریعت سے کوئی تعلق تھا ہی نہیں، مجبور ہو کر حضرت پیر علی ہجویریؒ نے ان لوگوں کیلئے یہ کتاب لکھی جو اصل اور صحیح دین مانگتے تھے اور انھیں پتہ نہیں چلتا تھا کہ اصل دین کیا ہے۔ (جاری ہے)

تصوف و معرفت کی زندہ و تابندہ کتاب کشف المحجوب کے خزانوں اور انمول موتیوں پر مشتمل حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کے خطبات کے مجموعہ ”حلقہ کشف المحجوب“ کا آج ہی مطالعہ کریں۔

تمام بدن کیلئے شاہی ٹانک — جسمانی دردوں سے آزاد زندگی
جسم میں انقلابی قوت پیدا کرنے والا نوابی نسخہ
زرغوانی نقرائی
ایسی نعمت جو وجود کے بال بال کو روحانی اور جسمانی شفاء بخشے
لاغر انسان کو بھی قابلِ فخر صحت مند انسان بنا دیتی ہے
فالج، رعشہ، لقوہ کا یقینی علاج — شوگر کے مریض مایوس کیوں؟
بچے، بوڑھے، جوان، خواتین سب کیلئے یکساں مفید — شاہی ٹانک
بادشاہ، نواب، روساء اور امراء کیلئے خاص طور پر بنایا نسخہ اب آپ کیلئے بھی
قوت خاص کیلئے حیرت انگیز طور پر مؤثر قیمت صرف 2200 روپے
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

علامہ لاہوتی پراسراری

سلسلہ وار آپ بیتی قسط نمبر 115

جناتِ کا پیدائشی دوست

ایک ایسے شخص کی سچی آپ بیتی جو پیدائش سے اب تک اولیاء جنات کی سرپرستی میں ہے' اس کے دن رات جنات کے ساتھ گزر رہے ہیں۔ قارئین کے اصرار پر سچے حیرت انگیز دلچسپ انکشافات قسط وار شائع ہو رہے ہیں لیکن اس پُراسرار دنیا کو سمجھنے کیلئے بڑا حوصلہ اور حلم چاہیے

خود جنات بھی فاسق' فاجر اور بدکردار ہوتے ہیں اور ان کو یہ چیز بہت اچھی لگتی ہے جس میں موسیقی گانا بجانا' گندگی' ناپاکی' بدکرداری جب گھروں میں یہ چیز عام ہو جائیں تو وہ اس کو پسند کرتے ہیں

ایک غریب جن کے گھر دعوت

اس بار ایک عجیب واقعہ اور تجربہ ہوا کہ جنات کی دنیا کو میں نے لوگوں کو ستاتے پریشان کرتے اور ان کو مسائل الجھنیں اور پریشانیوں میں مبتلا کرتے ایک عجب منظر دیکھا وہ عجب منظر یہ ہے کہ واقعہ یوں ہوا:۔

ختم القرآن کے سلسلے میں ایک جگہ مجھے جانے کا موقع ملا اور ایک قریبی جن نے مجھے اس گھرانے کے بارے میں سفارش کی کہ اگر انہیں تھوڑا سا وقت دے دیں گے تو غریب لوگ ہیں خوش ہو جائیں پھر ان کے ہاں قرآن کے حفظ کا مزید شوق بڑھ جائے گا اور ان کی نسلوں میں ان شاء اللہ اور حافظ' قاری' عالم اور اللہ والے پیدا ہوں گے۔ مزید وہ جن کہنے لگے کہ اگر نیکی کی حوصلہ افزائی کی جائے تو نیکی کی طرف دھیان اور توجہ بڑھتی ہے بس ان کی اس ترتیب پر میں نے حامی بھر لی کیونکہ رمضان کی مصروفیات اپنی ذاتی اور پھر جنات کی کثرت دعوت سے بعض اوقات کوئی رات ایسی نہیں ہوتی کہ جس میں ان کے پاس جانا' ختم القرآن میں دعا کرنا اور ان کی مجالس اور محافل میں شرکت کرنا نہ ہو۔ بس یہ ان کا حسن اعتماد ہے اور ایک پرانا تعلق ہے اور ان کے بڑوں کی ایک محبت ہے جو مجھ سے ہے اور وہ دیرینہ ہے۔ یہ ساری چیزیں اکٹھی ہو کر اکثر دعوتوں کا ذریعہ بن جاتی ہے میری دعوتیں کھانا پینا کیا ہوتی ہیں؟ بس ایک شرکت ہی ہوتی ہے اور اکثر میری کوشش ہوتی ہے' سفید پوش' غریب' عیال دار ایسے لوگوں کے پاس زیادہ جاؤں' مال داروں کے پاس تو سبھی جاتے ہیں لیکن غریب اور مفلسوں کے پاس بہت کم لوگ جاتے ہیں۔ بس اسی جذبے کے پیش نظر یہ ساری ہمت اور محنت کی میں جس دعوت کی بات کر رہا تھا وہاں ختم القرآن ہوا' ایک رقت آمیز طویل دعا ہوئی۔ اس دعا میں ایک کونے میں ایک باوقار شخصیت بیٹھی تھی جن سے اس سے پہلے میری ملاقات نہیں ہوئی تھی۔ پہلی دفعہ ملاقات ہوئی میں ساری محفل میں انہیں دیکھتا رہا' دعا کے بعد وہ خود ہی اٹھ کر میرے پاس آئے' میں نے اٹھ کر ان کا استقبال کیا' معانقہ کیا' عزت آبرو اور وقار کے ساتھ انہیں جگہ دی۔

آپ کی باتیں سن کر دل کو بہت ٹھنڈک پہنچی

خود ہی کہنے لگے: میں اصل میں دور پرے کا ان کا رشتہ دار ہوں اور ختم قرآن کے سلسلے میں انہوں نے مجھے مدعو کیا دعوت دی۔ تو میں آیا اس سے پہلے آپ کا تعارف نہیں تھا انہوں نے آپ کا تعارف بہت تفصیلی کرایا تو مزید شوق بڑھ گیا اور میں بس چلا آیا۔ آپ کی باتیں سن کر دعا سن کر دل کو بہت ٹھنڈک پہنچی اور ایک اعتماد ملا کہ اب بھی دنیا میں ایسے لوگ موجود ہیں اور خاص طور پر انسانوں میں' جنات کی دنیا میں تو بہت ناپید ہو گئے ہیں یعنی بہت کم۔

یہ جن کسی درویش کے صحبت یافتہ لگتے ہیں

ان سے باتوں کا سلسلہ میں نے جان بوجھ کر طویل کیا کہ مجھے احساس ہو رہا تھا کہ وہ کسی درویش کے یا اللہ والے کے صحبت یافتہ ہیں باتوں ہی باتوں میں مجھے کہنے لگے کہ فلاں محدث' فلاں ولی' فلاں بزرگ ہیں میں ان کا صحبت یافتہ ہوں اور ان کی مجالس میں سالہا سال اٹھا بیٹھا اور ان سے اقتباس علم اور فیض لیا۔ مجھے بہت زیادہ خوشی ہوئی کہ جنات میں ادھر ادھر پھرنے پھرانے والے' قصے کہانیاں والے تو بہت ملتے ہیں لیکن اہل اللہ اور متقین علماء صالحین سے ملاقات کرنے والے بہت کم ملتے ہیں اور یہ ملاقات کرنے والے ہی اصل ہوتے ہیں' ان کی ملاقات سے ہی اصل میں مجھے بہت کچھ سیکھنے کو ملتا ہے اور بہت کچھ حاصل کرنے کو ملتا ہے۔

جنات انسانوں کو تنگ کیسے اور کیوں کرتے ہیں؟

بس یہی شوق تھا جو ان سے میری ملاقات کو بڑھا رہا تھا' گفتگو کو آگے چلا رہا تھا اور اسی شوق نے ہی ان سے کچھ سوالات کر ڈالے۔ میں نے ایک سوال کیا کہ جنات انسانوں کو تنگ کیسے کرتے ہیں؟ اور کیوں کرتے ہیں؟ مجھ سے کہنے لگے: کیونکہ انسان تنگ کرتے ہیں اس لیے جنات بھی تنگ کرتے ہیں۔ میں نے عرض کیا: انسان کیسے تنگ کرتے ہیں؟ جنات تو نظر نہیں آتے اور انسان انہیں دیکھ نہیں پاتے۔ کہنے لگے: یہ بات بالکل ٹھیک ہے کہ جنات نظر نہیں آتے اور انسان انہیں دیکھ نہیں پاتے لیکن انسانوں کے بعض اعمال' کردار اور اٹھنے بیٹھنے کے کچھ انداز ایسے ہیں اگر تو جنات نیک ہوں صالح ہوں' بزرگ ہوں' درویش ہوں تو ان کو یہ چیزیں ناپسند گزرتی ہیں پھر اپنا ہی واقعہ سنایا:۔

نیک جنات انسانوں کی حرکات سے تنگ ہیں!

میں جس جگہ رہتا ہوں وہ ایک پرانا درخت ہے اس کے پڑوس میں سارے انسان رہتے ہیں ہم جنات بس ایک ہی گھرانہ اسی درخت پر رہتا ہے میں نے دیکھا کہ نیچے پڑوسیوں میں ایک صاحب بہت اونچا اونچا میوزک اور موسیقی چلاتے تھے' دوسرے نے انہیں روکا کہ اب چلانا ہے تو اپنے گھر تک محدود رکھیں وہ نہ رکا آخر کار ان کا بہت زیادہ جھگڑا ہوا اور ایک دوسرے کا بہت نقصان ہوا۔ یہی مثال جنات کی ہے اگر وہ نیک صالح جنات ہیں تو لوگوں کی ان حرکات کو بہت ناپسند کرتے ہیں اور پھر چڑ جاتے ہیں کیونکہ ان کی نماز' ان کی تسبیح' ان کے اذکار' ان کے اعمال میں خلل پیدا ہوتا ہے اور پھر وہ ان کو طرح طرح کی تکالیف سبق سکھانے کیلئے دیتے ہیں' انتقام کے لیے نہیں دیتے' بس وہ اپنی اس حرکت سے باز آ جائیں لیکن انسانوں میں بھی کوئی ایسا ایک آدمی ہو گا جو یہ سمجھے' ورنہ بعض اوقات وہ عاملوں اور بابوں کے ذریعے جنات کو بھگانے یا پیشہ ور لوگ انہیں جادو کے بارے میں بتا دیتے ہیں کہ آپ کے اوپر کسی نے جادو کیا ہے لہٰذا آپ اس جادو کا توڑ کریں۔

نہ جادو' نہ جنات صرف اعمال کا ردعمل ہے!

حالانکہ نہ وہ جادو ہے نہ جنات کا اثر ہوتا ہے دراصل وہ ان کے اعمال کا ردعمل ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے یہ سب کچھ کرتے ہیں اور اس کی وجہ سے گھروں کا نقصان زندگی میں مشکلات اور مسائل اور پریشانیاں اور الجھنیں پیدا ہوتی ہیں۔ پھر تو اگر وہ اپنے مزاج کو بدل دیں' اپنی طبیعت کو بدل

موتی مسجد اور تسبیح خانہ میں دھوکہ فراڈ

حضرت علامہ لاہوتی نے موتی مسجد کو اعمال اور عبادات کیلئے متعارف کرایا' نہ کہ دھوکہ اور فریب کیلئے۔ مرد' عورتیں وہاں خود کو حضرت علامہ اور حضرت حکیم صاحب سے اجازت یافتہ ظاہر کر کے لوگوں کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ براہ کرم! ان لوگوں کے فریب سے بچیں۔ اگر ایسا کوئی فرد پائیں تو ادارہ کو خط یا درج 0343-8710009 نمبر پر صرف میسج کر کے اطلاع ضرور دیں بلکہ اس اعلان کو لوگوں میں عام کریں تاکہ کوئی دھوکہ نہ کھائے۔ نیز وہاں آثار قدیمہ کے قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں۔ مزید: دوران درس تسبیح خانہ لاہور میں بعض خواتین خود کو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کی نمائندہ ظاہر کرتی ہیں ایسا ہرگز نہیں ہے۔

ZAHOOR KHAN-PESHAWAR

دیں تو وہ جنات ان کو سبق سکھانا چھوڑ دیتے ہیں اگر وہ نہ بدلیں تو ان کو اس سے بڑا سبق سکھاتے ہیں۔ اس میں بہت سے انسانوں کو بہت بڑا نقصان ہوتا ہے اور بہت زیادہ پریشانی ہوتی ہے۔

خود جنات بھی فاسق فاجر اور بدکردار ہوتے ہیں

وہ بزرگ جن مزید کہنے لگے: ایک دوسری قسم یہ ہوتی ہے کہ خود جنات بھی فاسق، فاجر اور بدکردار ہوتے ہیں اور ان کو یہ چیز بہت اچھی لگتی ہے جس میں موسیقی، گانا بجانا، گندگی، ناپاکی، بدکرداری جب گھروں میں یہ چیز عام ہو جائیں تو وہ اس کو پسند کرتے ہیں اور ان کی پسندیدگی بڑھتی چلی جاتی ہے حتیٰ کہ ان کی پسندیدگی یہاں تک بڑھ جاتی ہے وہ اس موسیقی گانے بجانے میں مست ہو جاتے ہیں اور ایسے مست ہوتے ہیں کہ پھر جیسے کوئی شراب پی کر مست ہو جائے کہ اسے خبر نہیں ہوتی کہ اس کے سامنے ماں ہے، بہن ہے یا کوئی اور وہ نقصان کر دیتا ہے، توڑ پھوڑ ہے جبکہ وہ ایسا خود نہیں کر رہا ہوتا بعد میں پچھتاتا ہے، پشیمان ہوتا ہے، اس وقت شراب کی مستی اس کو ایسا کرنے پر مجبور کر دیتی ہے اور وہ سو فیصد ایسا کرتا ہے۔ بس اسی طرح وہ جنات جو خود بدکردار ہوتے ہیں، آگ کے شعلے اور شرارے ہوتے ہیں اور دھوئیں کا مرکب ہوتے ہیں وہ ان چیزوں کو ناپسند نہیں کرتے بلکہ پسند کرتے ہیں اور ان چیزوں کو بہت محبت سے لیتے ہیں پھر وہ ان چیزوں کے دلدادہ پہلے ہی تھے مزید انسان انہیں ان چیزوں کی تقویت فراہم کرتے ہیں اور وہ مست ہو جاتے ہیں اور مست ہونے کے بعد ان (انسانوں) کا بہت زیادہ نقصان کرتے ہیں۔ وہ بزرگ اپنا ایک واقعہ سنانے لگے:

جب جنات مست ہوتے ہیں تو ایسا ہوتا ہے

میرا ایک جگہ جانا ہوا وہاں دیکھا تو انسانوں کی بستی میں بہت زیادہ مشکلات، مسائل، پریشانیاں، بیماریاں، دکھ اور ختم نہ ہونے والے مسائل وہ ایک مسئلے سے نکلتے ہیں دوسرے میں مبتلا ہو جاتے ہیں دوسرے سے نکلے تیسرے میں، اس طرح ان کے مسائل بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ ان کی مشکلات الجھتی چلی جا رہی حالانکہ ان میں یعنی انسانوں میں وہ لوگ موجود ہیں جو لوگ نیک، صالح، نمازی، تسبیح کرنے والے، روزہ، نماز اعمال کرنے والے۔ ہوا یہ کہ کچھ لڑکے یونیورسٹی سے پڑھ کر جب واپس لوٹے تو انہیں کچھ نشہ اور موسیقی کا شوق تھا۔ انہوں نے آتے ہی وہاں نشہ اور موسیقی کو توجہ دی اس کی وجہ سے وہاں جو خبیث اور بدکردار جنات رہتے تھے وہ بہت خوش ہوئے، انہوں نے انہیں اور اکسایا اور دلوں میں وساوس ڈالے حالانکہ بستی کے بڑوں نے نوجوانوں کی اس روش کو ناپسند کیا لیکن جنات نے ان نوجوانوں کے اندر وساوس کو اور تقویت دی اور اپنی تقویت میں اور بڑھتے چلے گئے اب وہ جنات اور مست ہوئے، جب جنات مست ہوئے تو ان مست جنات نے لوگوں کو برباد کرنا شروع کیا۔ کسی کو بیمار کر دیتے، کسی کو حادثے میں مبتلا کر دیتے، کسی کو پریشانی میں، کسی کو مشکل میں، آپس میں جھگڑے، لڑائیاں، خون ریزی پھر بات مقدمات۔ وہ بزرگ رکے اور میری طرف دیکھ کر مجھے کہنے لگے: اب آپ خود سوچیں اس میں جنات کا کیا قصور؟ وہ نوجوان کچھ بری عادات لے کر آئے ادھر یہ جنات اس سے پہلے برے تھے لیکن انہیں انسانوں نے وہ برائی کا ماحول فراہم کیا اور پھر یہ اپنی برائی میں پختہ سے پختہ تر ہوتے گئے اور پھر ان کی پختگی بڑھتی چلی گئی اور اتنی پختگی بڑھی کہ یہ جنات مست ہوگئے اور بے لگام ہوگئے پھر جیسے شرابی مست اور بے لگام ہو جاتا ہے۔

> آج کل غفلت کا دور ہے اس سے پہلے جنات میں بہت زیادہ بھوک اور فاقے رہتے تھے کیونکہ ہر شخص تسبیحات ذکر اور دعاؤں کا اہتمام کرتا تھا اب یہ چیز عموماً ختم ہوگئی ہے اب انسانوں میں بھوک بڑھ رہی ہے، مہنگائی، فقر، مفلسی بڑھ رہی ہے!

بے لگام مست جنات کا عزتوں کو پامال کرنا

ایسے یہ بھی اس شرابی کی طرح اپنے گناہوں میں بڑھتے چلے گئے اور اتنے مست اور لاپرواہ ہوئے پھر ان کے سامنے انسان، انسانوں کی عزت کچھ نہیں پھر ان جنات نے انسانوں کی عزتوں سے کھیلنا شروع کر دیا اور یہ واقعات اس بستی میں آنا شروع ہوگئے کہ کچھ عورتیں رات کو ناپاک ہو جاتی ہیں اور انہیں خود اس کا سو فیصد احساس ہوتا ہے، پہلے تو یہ بات بہت زیادہ چھپائی گئی آخر چھپے کب تک چھپے اور پھر بات سامنے ظاہر ہوئی اور اتنی ظاہر ہوئی کہ وہاں عامل آنا شروع ہوگئے حالانکہ یہ کیس عاملوں کا نہیں تھا اس کیس کا تعلق صرف اور صرف اس بات سے تھا کہ ان جنات کو وہ گناہوں اور بدکاری کا ماحول نہ دیا جائے اور خود انسان توبہ کرے اور انسان کی غلطیوں کی وجہ سے وہ جنات وہ شیاطین ان کے ساتھ مل گئے اور ایسے ملے کہ انہوں نے تباہی اور بربادی پھیلا دی۔ مجھے اس بزرگ جن کی ان دو باتوں سے بہت زیادہ سبق بھی ملا اور احساس بھی ہوا کہ وہ جو کہہ رہے بالکل سچ کہہ رہے، ان کی بات میں وزن بھی ہے، حقیقت بھی ہے اور سچائی بھی۔

جہاں انسان ہوں گے، جنات بھی لازماً ہوں گے

میں نے ان سے ایک الگ سوال کیا کہ یہ بتائیں جنات عموماً کہاں رہتے ہیں۔ بے ساختہ کہنے لگے: جہاں انسان رہتے ہیں، وہاں جنات رہتے ہیں کیونکہ جنات کی غذا اور خوراک انسانوں کے ساتھ رکھی ہوئی ہے ہاں وہ لوگ جو مسنون دعائیں، ذکر اور تسبیحات کا اہتمام کرتے ہیں جنات ان کے ساتھ رہنے سے گریز کرتے ہیں۔

جنات کے فاقے ختم انسانوں کے شروع

آج کل غفلت کا دور ہے اس سے پہلے جنات میں بہت زیادہ بھوک اور فاقے رہتے تھے کیونکہ ہر شخص تسبیحات ذکر اور دعاؤں کا اہتمام کرتا تھا اب یہ چیز عموماً ختم ہوگئی ہے، اب انسانوں میں بھوک بڑھ رہی ہے، مہنگائی، فقر، غربت، مفلسی بڑھ رہی جبکہ جنات بہت زیادہ مالدار بھی ہیں کیونکہ وہ لوگوں کے مال اور پیسے چراتے ہیں اور صحت مند بھی ہیں کیونکہ وہ لوگوں کی غذائیں بہت زیادہ کھاتے ہیں اور ان کے کھانے میں شامل ہوتے ہیں اور اس کے بعد بھی ان کا کھانا کھاتے ہیں، کبھی کبھی واقعات ایسے پیش آ جاتے ہیں کہ انسانوں کو احساس ہوتا ہے ورنہ عموماً احساس نہیں ہوتا جس کھانے پر اور چیز پر بسم اللہ پڑھ لی جائے وہ کھانا اور چیز کبھی بھی جنات اور شیاطین کی غذا نہیں بنی اور کبھی بھی وہ کھانا غیر صحت مند نہیں رہتا۔ ہمیشہ وہ کھانا صحت مند رہتا ہے اور اس کھانے میں راحت صحت خیر اور برکت ہوتی ہے۔ (جاری ہے)

حضرت علامہ صاحب بتائیں گھریلو الجھنوں کا حل

اپنی گھریلو الجھنیں رسالے کے صفحہ نمبر 53 پر دیا گیا کوپن پر کر کے بھجوا دیں۔ کوپن کے بغیر خطوط کا جواب نہیں دیا جائے گا۔ جوابی لفافہ کے ذریعے جواب نہیں بذریعہ رسالہ ہی ہوگا۔

اس سے بھی زیادہ پُراسرار واقعات اور لاجواب وظائف اور سابقہ اقساط پڑھنے کیلئے "جنات کا پیدائشی دوست" کتاب پڑھیے۔

ایسے والدین جن کے بچوں کی شادی صرف اس بیماری کی وجہ سے نہیں ہو رہی ان کی پریشانی ہوئی ختم
برص پھلبہری کورس
برص، خارش، چنبل، ایگزیما، کوڑھ، جزام سمیت جلد کے تمام امراض کا شافی علاج
500 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

ارب پتی باپ کا فاقہ زدہ معذور بیٹا

(ح، ش، ا۔ مسقط)

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ پاک آپ کو صحت و تندرستی اور عافیت والی زندگی عطا فرمائے۔ آپ کا سایہ ہمیشہ ہمارے سر پر قائم رکھے۔ آپ کی اور آپ کی نسلوں کو رنگ دے۔ اسی طرح آپ سے اور آپ کی اولاد آپ کی تمام نسلوں سے تاحیات تا قیامت دین کی خدمت لیتا رہے۔ ''آمین ثم آمین''

پھل کھانے کیلئے بھی نند سے پیسے مانگتی

میرا پورا سسرال مسقط میں ہے شادی کے بعد میں بھی وہاں سیٹل ہوگئی' ایک ایکسیڈنٹ میں میرے شوہر معذور ہوگئے اور میرے فاقے شروع ہوگئے۔ اپنے پرائے سب چھوڑ گئے۔ ہمارے حالات بہت خراب تھے۔ عبقری ویب سائٹ پر ماہنامہ عبقری کا مطالعہ کرتے رہتے تھے' اس میں سورۂ مزمل والا عمل میرے شوہر کرتے تھے اور سورۂ کوثر والا عمل تو اب بھی کرتے ہیں۔ کثرت اور برکت کیلئے' ایک درس میں آپ نے فرمایا: وضو کے درمیان میں دعا پڑھنی ہے اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ، وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ، وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔ اور ہر نماز کے بعد تین بار تو وہ عمل بھی ہم دونوں کرتے رہتے تھے جواب تک کرتے ہیں۔ ہمارے حالات بہت خراب تھے میں فروٹ کھانے کے لیے بھی اپنی نند سے مانگتی کہ کسی طرح یہ میرے شوہر کھالیں کیونکہ ہمارے پاس اتنے پیسے نہیں ہوتے تھے پھر میں نے سورۃ المائدہ کی آیت 114 پڑھ کر اللہ پاک سے غیبی مدد مانگتی۔ یا اللہ! اپنے غیب کے خزانے سے ہمیں خزانے عطا فرما۔ تہجد کی نماز میں روتی کیونکہ پانچ ہزار میں خرچہ بھی کرتی تھی۔ شوہر کی دوائیں بھی لیتی تھی (میرے شوہر معذور ہیں اور ویل چیئر پر ہیں) اس میں سے پیسے جمع کرتی' اپنی حیثیت کے مطابق قربانی بھی کرتی تھی جو کہ مجھے شوق تھا اپنے اوپر خرچ نہیں کرتی تھی' قربانی کے لیے اور ماہ رمضان کے صدقہ' خیرات' زکوٰۃ کے لیے پوری سال جمع کرتی تھی آپ سمجھ سکتے ہیں میں پانچ ہزار میں کس طرح یہ سب کرتی تھی۔

کچھ پیسے ہیں تو دے دو ہم نے کھانا پکانا ہے

ایک دن میری چھوٹی نند آئی' میرے شوہر نے اپنی بہن سے کہا کہ کچھ پیسے ہیں تو دے دو۔ کھانا پکانے کے لیے سودا منگوانا ہے۔ اس نے کہا بھائی تم ابو سے کیوں نہیں لیتے۔ تمہارے نام کا اتنا فنڈ آتا ہے لوگ تمہارے نام پر ابو کی اتنی امداد کرتے ہیں۔ میرے شوہر نے کہا امی ابو کو خود نظر نہیں آتا میں معذور ہوں میری بیوی ہے مجھے یونہی چھوڑ دیا۔

ایک دن ویل چیئر کا کہا تو میرے ساس سسر نے کہا تمہیں تنخواہ مل گئی اس میں سے لے لو ہماری ذمہ داری نہیں۔

میری دو شادی شدہ نندیں ہیں وہ بھی یہی کہتی ہیں ابو کو کیا ہوگیا ہے اتنی دولت کا کیا کریں گے' معذور بیٹا پریشان رہتا ہے اسکو مزید پریشان کرتے ہیں جبکہ میرے بڑے جیٹھ اور چھوٹے دیور کے پاس بہت پیسے ہوتے ہیں وہ ابو کی الماری میں سے جا کر خود نکال لیتے ہیں ابو کو پتہ نہیں چلتا کیونکہ دولت اتنی ہے ان کے پاس ساری بیٹیاں بھی یہی کرتی ہیں۔ ہم نے کبھی نہ چوری کی اور نہ کسی سے سوال کیا' عبقری میں سے اور آپ کے درس سن کے اعمال کرتے رو رو کے اللہ ہی سے مانگا اور اب بھی ایسا ہی کرتے ہیں۔

ڈالرز سے بھری کالے رنگ کی تھیلی

ایک دن میری چھوٹی نند آئی اپنے بھائی کو ایک کالے رنگ کی تھیلی دے گئی اور کہا یہ لے لو بھائی پیسے ہیں۔ انہوں نے پوچھا کہاں سے لائی۔ کہنے لگی: بہت سالوں سے بیڈ کے نیچے پڑی ہے کسی کام کے پیسے نہیں ہیں۔ اس میں سے جو صحیح نوٹ ہوں' وہ لے لینا۔ جب میں نے وہ نوٹ نکالے تو وہ دس ہزار ڈالر تھے جو کہ پاکستانی دس لاکھ بنے چار دن بعد آئی پھر ایک تھیلی دے گئی جس میں پاؤنڈز تھے چار لاکھ روپے، ایک ہفتے بعد آئی تو 9 ہزار ریال دے گئی۔ اڑھائی لاکھ بنے۔ اسی طرح مجھے ہر ماہ کہیں نہ کہیں ایسے ہی پیسے مل رہے ہیں اور خوب مل رہے ہیں۔ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

فاقے ختم' دولت، عزت اور برکت کیسے ملی؟

اس سلسلے میں قارئین کی آزمودہ تحریریں' ''ان کی مشکلات فاقے' بے روزگاری' بیماری کیسے ختم ہوئی؟ کیسے ایک فاقوں میں بتلا' دولت مند ہوا'' شائع کی جائیں گی۔ آپ بھی اپنا یا اپنے کسی عزیز کا آنکھوں دیکھا واقعہ یا سنا ہوا ضرور لکھیں۔ لاکھوں کا بھلا اور آپ کا صدقہ جاریہ

مفلسی کی سب سے بڑی وجہ اور اسے دور کرنے کا طریقہ

یاد رکھیے! مفلسی کی سب سے بڑی وجہ ہے' دل کی مفلسی' جو دل پر فتح حاصل کر لیتا ہے' وہ کبھی مفلس نہیں رہ سکتا۔ اللہ رب العزت سب خوشحالیوں اور کامیابیوں کی پہلی بنیاد ہیں جو شخص براہ راست رب سے تعلق قائم کر لیتا ہے وہ کبھی بھی مفلس نہیں رہ سکتا۔ اسکے پاس خوشحالی اور کامیابی خود دوڑی آتی ہے۔

کوئی غریب عورت گاؤں سے شہر آ کر رہنے لگی۔ اس کے نئے گھر میں بجلی کی روشنی تھی' اتنی روشنی دیکھنے کا اسے کبھی موقع نہیں حاصل ہوا تھا۔ کچھ دن کے بعد ہی کوئی شخص وہاں بجلی کے بلب فروخت کرنے آیا۔ اس عورت نے ایک بڑا بلب لے کر لگایا۔ جوں ہی اس نے سوئچ آن کیا تو وہ حیران رہ گئی۔ اتنی روشنی! اس عورت کیلئے وہ روشنی حیرت انگیز تھی' اسے یہ معلوم نہ تھا کہ بجلی کے ذریعے اس سے بھی زیادہ روشنی ممکن ہے۔ آپ کو اس عورت کی لاعلمی پر ضرور ہنسی آئے گی مگر کیا ہم بھی زندگی میں اس عورت کی طرح برتاؤ نہیں کرتے؟ ہم کسی کی ذرا سی دولت کو دیکھ کر ہی حیران ہو جاتے ہیں۔ ہم یہ سوچ ہی نہیں سکتے کہ ہمارے اندر ایسی غیبی اور لامحدود قوتیں اور صلاحیتوں کا ذخیرہ ہے کہ جس کے ذرا سے استعمال سے ہم اس شخص سے کئی گنا زیادہ امیر ہو سکتے ہیں جس سے ہم حسد کرتے ہیں اپنی قوتوں اور صلاحیتوں کے بارے میں لاعلمی یا خود اعتمادی کے فقدان کے باعث ہم اپنی قوتوں کو بیکار ہی گنوا دیتے ہیں۔ ہم اپنی قوت کارکردگی پر بے اعتمادی کر کے حقیر بنے رہتے ہیں۔ ہم مفلس خیالات کے باعث ہی غریب بنے رہتے ہیں۔ دل کی خوشی امیر ہونے کی پہلی شرط ہے۔ خوشی اور مسرت سے بھرے دل کی طرف ہی خوشحالی اور کامیابی اُمڈتی ہے۔ مایوسانہ شکم اور خود اعتمادی سے خالی دل کی طرف دولت کی دھار کبھی نہیں بہتی۔

ذرا توجہ کریں تو پائیں گے کہ دولت کا لامحدود بہاؤ آپ کے گھر کے سامنے بہتا جا رہا ہے۔ وہ لاتعداد ہیرے موتیوں سے بھرا ہے۔ مضبوط قوت ارادی، ناقابل شکست خود اعتماد کے بل پر آپ دلی خواہش کے مطابق ہیرے جواہرات کو حاصل کر سکتے ہیں موتیوں کی اس میں کمی نہیں۔ کمی اگر کسی بات کی ہے تو وہ ہے آپ کی کوشش اور بصیرت کی۔

خالص جڑی بوٹیوں کا کمال دیسی کریم
نام دیسی اور کام ولایتی کریموں سے کہیں زیادہ
ہر گھر میں ہر وقت اور ہر تکلیف کیلئے
کیل مہاسے' چھائیاں' داغ دھبے کا آزمودہ قدرتی علاج
جلد کی تمام بیماریوں کیلئے دیسی کریم پر بھروسہ کریں
قیمت: 500/-روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

ZAHOORKHANDESHWAR

دل ہمیشہ صحت مند اور دھڑکتا رہے! 9 اہم گر جان لیجئے

یہ ایک بڑا اہم گر ہے۔ ہفتے میں کھانے کے دس چمچ ٹماٹو ساس کھانے سے خون کا دباؤ (بلڈ پریشر) کم رہتا ہے کیونکہ اس میں پوٹاشیم زیادہ ہوتا ہے۔ زیادہ نمکین ساس مناسب نہیں ہوتی۔ اسی طرح چکنائی یا تیل آمیز ساس بھی استعمال نہیں کرنا چاہیے۔

روزانہ آدھا گھنٹہ واک کیجئے' یہ معمول کسی صورت میں بھی ترک نہیں کرنا چاہیے۔ روزانہ نصف گھنٹہ کی واک سے حملہ قلب کا خطرہ تیس فیصد کم ہوجاتا ہے۔ اس کے علاوہ صحت کو لاحق دوسرے خطرات بھی کم ہوجاتے ہیں۔

اپنا بلڈ پریشر حد میں رکھیے

بلڈ پریشر کا معمول پر رہنا' کولیسٹرول میں کمی سے زیادہ اہم ہوتا ہے اس میں کمی خود آپ کے اختیار میں ہوتی ہے۔ اس کی بہترین تدبیر روزانہ تھوڑی سی ورزش کا معمول اور پیٹ کی چربی میں کمی ہے۔ توند میں جمع چربی دراصل گردوں' جگر اور دوسرے اہم اعضاء پر منڈلاتا خطرہ ہوتی ہے۔ وزن میں اضافے کے ساتھ پیٹ کے اندر اپنے خول میں محفوظ گردوں پر دباؤ پڑنے لگتا ہے۔ یہ چربی انہیں گویا دھکیلتی ہے جس کی وجہ سے ان میں خون کا دباؤ معمول پر رکھنے کیلئے انہیں زور لگانا پڑتا ہے اس کے نتیجے میں گردے جو ہارمون تیار کر کے خون میں شامل کرتے ہیں اس سے خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ چربی میں تھوڑی سی کمی سے بلڈ پریشر بڑی تیزی سے صحیح معنوں میں کم ہوجاتا ہے۔

بلڈ پریشر میں نمک کی مقدار کم کرنے سے بھی کمی آجاتی ہے۔ بعض لوگوں کے خون میں شکر اور چربی کم کرنے سے بھی بلڈ پریشر کم ہوجاتا ہے۔ بلڈ پریشر 140/90 ہونے کی صورت میں یہ تدابیر کافی ثابت نہیں ہوسکتی ہیں اس کیلئے دوا کا استعمال ضروری ہوسکتا ہے۔ اس میں تکلف نہیں کرنا چاہیے کیونکہ اب اس کی ایسی ادویات فراہم ہیں جن کے قابل ذکر پہلوئی اثرات نہیں ہوتے آپ انہیں اطمینان سے استعمال کرسکتے ہیں۔

روزانہ 25 گرام مغزیات کھائیے!

مغزیات کے استعمال سے خون میں قلب دوست چکنائی ایچ ڈی ایل کی سطح ہی نہیں بڑھتی بلکہ شریانوں کا ورم بھی کم ہوتا ہے۔ ان سے قلب کو بھی فائدہ پہنچتا ہے اس کی وجہ تو ابھی واضح نہیں ہے لیکن غالباً ان میں موجود شحمی تیزاب (فیٹی ایسڈز) اومیگا تھری صحت بخش پروٹین اور ان کے ریشے سے قلب صحت مند رہتا ہے اس مقصد کیلئے مغز اخروٹ بہترین ہوتا ہے۔ چاہیں تو اسے ہلکا بھون لیں۔

ایچ ڈی ایل کی سطح بڑھائیے!

یہ طے ہے کہ ایل ڈی ایل کولیسٹرول قلب دشمن ہوتا ہے۔ ایچ ڈی ایل کی سطح خون میں پچاس رہنی چاہیے۔ اس کیلئے ورزش کے علاوہ صحت بخش چکنائیوں کا استعمال بھی ضروری ہے۔ ایسی چکنائیوں میں زیتون کے علاوہ کنولا کا تیل اور مغزیات شامل ہیں۔ اپنے معالج کے مشورے سے نیاسین بھی استعمال کیجئے اس سے بھی ایچ ڈی ایل کی سطح بڑھ جاتی ہے لیکن اس کے مضر اثرات بھی ہوسکتے ہیں اسی طرح پینٹو تھینک ایسڈ یا حیاتین ب پانچ بھی مفید ثابت ہوسکتا ہے۔

ہر ہفتے دس چمچ ٹماٹو ساس کھائیے: یہ ایک بڑا اہم گر ہے۔ ہفتے میں کھانے کے دس چمچ ٹماٹو ساس کھانے سے خون کا دباؤ (بلڈ پریشر) کم رہتا ہے کیونکہ اس میں پوٹاشیم زیادہ ہوتا ہے۔ زیادہ نمکین ساس مناسب نہیں ہوتی۔ اسی طرح چکنائی یا تیل آمیز ساس بھی استعمال نہیں کرنی چاہیے۔

دانتوں میں خلال کیجئے

مسوڑھوں اور دانتوں کے امراض سے شریانوں میں ورم ہوجاتا ہے۔ اس ورم سے قلب کی صحت متاثر ہونے لگتی ہے۔ اس سے محفوظ رہنے کیلئے برش کے علاوہ دانتوں کے درمیانی حصے کو مضبوط دھاگے (فلاس) سے صاف کرنے کے عادی ہوجائیے۔ منہ کے امراض سے شریانوں کی صحت متاثر ہوتی ہے قلب کو خون کی فراہمی میں نقص پیدا ہونے کے علاوہ جنسی اعضاء کو بھی مناسب مقدار میں خون فراہم نہیں ہوتا بلکہ جلد پر جھریوں کا جال بن جاتا ہے۔

بیس گرام سے زیادہ چکنائی نہ کھائیے!

جمنے والی چکنائیوں مثلاً چربی، بناسپتی گھی اور ماجرین کی مقدار اپنی غذا میں کم سے کم رکھیے۔ دن بھر میں زیادہ سے زیادہ بیس گرام ایسی چکنائی کھا جاسکتی ہے اس سے زیادہ نہیں۔ یہ چکنائیاں خاص طور پر مٹھائیوں' سموسوں' کبابوں' تکوں کے علاوہ بیکری کی بنی اشیاء میں بہت ہوتی ہیں۔ ان سے ممکنہ حد تک پرہیز کیجئے۔

ڈبہ اور بوتل بند غذاؤں کے لیبل پڑھیے!

ڈبہ اور بوتل بند غذاؤں' مایونیز وغیرہ پر لگے لیبلز غور سے پڑھنے چاہئیں۔ ایسی غذائی اشیاء میں شکر بھی شامل کی جاتی ہے جن کے زائد حرارے قلب کے لیے مضر ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ ان کی تیاری میں مفید قلب تیل' زیتون اور کنولا بھی شامل نہیں کیے جاتے۔ شکر کے مقابلے میں صحت بخش تیل قلب کیلئے مفید ثابت ہوتے ہیں۔ یاد رہے کہ پھلوں کی شکر مرکب نشاستہ ہونے کی وجہ سے قلب کے لیے مفید ہوتی ہے گنے وغیرہ کی شکر مضر قلب ہوتی ہے۔

روزانہ نو سبزیاں اور پھل کھائیے!

رنگا رنگ پھلوں اور سبزیوں کا روزانہ استعمال صحت قلب اور جسم کے لیے بہت مفید ہوتا ہے۔ موسمی پھل تازہ بھی ہوتے ہیں اور نشاستے دار بھی۔ سرخ زرد نارنجی اودے پھل اور اسی رنگ کی مختلف سبزیاں جتنی زیادہ کھائی جائیں گی شریانوں اور قلب کی صحت اتنی ہی بہتر رہے گی۔ ایک پیاز، کھیرا اور ایک ٹماٹر کے کچومر میں ہرے دھنیے' پودینے ہری مرچ اور لیموں کا رس شامل کرلینے سے سات قسم کی تازہ سبزیاں آسانی سے فراہم ہوجاتی ہیں۔ مزید وہ موسمی سبزیوں کے سالن کے اضافے سے ان کی تعداد نو ہوجاتی ہے اور جو ایک دو موسمی پھل بھی کھالیے جائیں تو قلب کی صحت کا پورا سامان کیا جاسکتا ہے۔ بنیادی طور پر انسان سبزی خور ہے۔ قدرت نے اسے گوشت کھانے اور ہڈیاں چبانے والے دانت بھی دیئے ہیں مگر کم مقدار میں گوشت کا استعمال صحت کے لیے مفید ہے۔ ماضی میں گوشت کا استعمال محدود تھا جواب بہت عام ہوگیا ہے۔ ماہرین کے مطابق اس کے استعمال میں اضافہ سے قلب اور شریانوں کے امراض کے علاوہ گردے کی شکایات اور خاص طور پر مرض سرطان میں نمایاں اضافہ ہوگیا ہے۔

(بقیہ: 21 جمعراتوں میں عزت' برکت اور گھر مل گیا!)

تھا' انہوں نے خود میرے شوہر کو بلا کر کہا کہ اس پر گھر بنالو شوہر کے بھائیوں نے مل کر گھر تیار کروادیا' آج میں اپنے گھر عزت سے بیٹھی ہوں۔ حالانکہ اس سے پہلے کسی کی توجہ سب کچھ دیکھتے ہوئے اس طرف نہ تھی۔ اللہ تعالیٰ اس عمل کی بدولت ان کے دل میں یہ ڈال دیا۔ الحمدللہ! سب عزت کرتے ہیں۔ آج بھی تسبیح خانہ آتی ہوں اور درس میں ضرور شریک ہوتی ہوں۔ میرے شوہر کی ترقی بھی درس میں شامل ہونے پر ہوئی۔ (ساجدہ' لاہور)

ایجنسی ہولڈر کے خلاف قارئین کی شکایات

بعض جگہ سے مسلسل شکایات آرہی ہیں' ایجنسی ہولڈر عبقری کی ادویات کے ساتھ ساتھ اپنی غیر مستند اور ناقص ادویات بھی چلا رہے ہیں۔ ادارہ نے صرف عبقری ادویات کی اجازت دی ہے۔ اس کے علاوہ ادویات کے نقصانات کے ہم ذمہ دار نہیں ہونگے۔ قارئین! صرف عبقری ادویات اعتماد سے خریدیں۔ اگر کہیں ایسا ہورہا تو ہمیں اطلاع کریں۔ ہم ایجنسی منسوخ کرنے کے مجاز ہیں۔ لکھی ہوئی قیمت سے زیادہ ادا نہ کریں۔ (ادارہ)

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

داعی اسلام حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی مدظلہ (پھلت): حضرت مولانا عالم اسلام کے عظیم داعی ہیں جن کے ہاتھ پر تقریباً 5 لاکھ سے زائد افراد اسلام قبول کرچکے ہیں۔ ان کی کتاب "نسیم ہدایت کے جھونکے" پڑھنے کے قابل ہے۔

کاش یہ ایمانی صفات پھر سے پیدا ہوں

اس شخص نے ہمارے باپ کو قتل کیا ہے

دو نوجوان سیدنا عمرؓ کی محفل میں داخل ہوتے ہی محفل میں بیٹھے ایک شخص کے سامنے جا کر کھڑے ہوجاتے ہیں اور اس کی طرف انگلی کر کے کہتے ہیں "یا عمرؓ یہ ہے وہ شخص!" سیدنا عمرؓ ان سے پوچھتے ہیں، کیا کیا ہے اس شخص نے؟ "یاامیرالمومنین، اس شخص نے ہمارے باپ کو قتل کیا ہے" کیا کہہ رہے؟ اس نے تمہارے باپ کو قتل کیا ہے؟ سیدنا عمرؓ ان سے پوچھتے ہیں۔ سیدنا عمرؓ پھر اس شخص سے مخاطب ہوکر پوچھتے ہیں کیا تو نے ان کے باپ کو قتل کیا ہے؟" وہ شخص کہتا ہے" ہاں امیرالمومنین مجھ سے قتل ہوگیا ہے ان کا باپ" "کس طرح قتل کیا ہے؟ سیدنا عمرؓ پوچھتے ہیں" یا عمرؓ ان کا باپ اپنے اونٹ سمیت میرے کھیت میں داخل ہوگیا میں نے منع کیا باز نہیں آیا تو میں نے ایک پتھر دے مارا جو سیدھا اس کے سر میں لگا اور وہ موقع پر مرگیا۔" پھر تو قصاص دینا پڑے گا، موت ہے اس کی سزا" سیدنا عمرؓ کہتے ہیں۔ نہ فیصلہ لکھنے کی ضرورت، اور فیصلہ بھی ایسا اٹل کہ جس پر کسی بحث و مباحثہ کی بھی گنجائش نہیں، نہ ہی اس شخص سے اس کے کنبہ کے بارے میں کوئی سوال کیا گیا، نہ ہی یہ پوچھا گیا کہ تعلق کس قدر شریف خاندان سے ہے؟ نہ ہی یہ پوچھنے کی ضرورت محسوس کی گئی کہ تعلق کسی معزز قبیلہ سے تو نہیں؟ معاشرہ میں کیا رتبہ یا مقام ہے؟ ان سب باتوں سے بھلا سیدنا عمرؓ کو مطلب ہی کیا ہے؟؟ کیوں کہ معاملہ اللہ کے دین کا ہو تو عمرؓ پر کوئی بھی اثر انداز نہیں ہوسکتا اور نہ ہی کوئی اللہ کی شریعت کے نفاذ کے معاملہ پر عمرؓ کو روک سکتا ہے، حتیٰ کہ سامنے عمرؓ کا اپنا بیٹا ہی کیوں نہ قاتل کی حیثیت سے آ کھڑا ہو، قصاص تو اس سے بھی لیا جائے گا۔

مجھے جانے دیجئے! میں واپس آجاؤں گا

وہ شخص کہتا ہے" اے امیرالمومنین: اس کے نام پر جس کے حکم سے یہ زمین و آسمان قائم کھڑے ہیں مجھے صحرا میں واپس اپنی بیوی بچوں کے پاس جانے دیجئے تاکہ میں ان کو بتا آؤں کہ میں قتل کردیا جاؤں گا ان کا اللہ اور میرے سوا کوئی آسرا نہیں ہے، میں اس کے بعد واپس آجاؤں گا۔

"سیدنا عمرؓ کہتے ہیں" کون تیری ضمانت دے گا کہ تو صحرا میں جا کر واپس بھی آجائے گا" مجمع پر ایک خاموشی چھا جاتی ہے۔ کوئی بھی تو ایسا نہیں ہے جو اس کا نام تک بھی جانتا ہو۔ اس کے قبیلے، خیمے یا گھر وغیرہ کے بارے میں جاننے کا معاملہ تو بعد کی بات ہے۔ کون ضمانت دے اس کی؟ کیا یہ دس درہم کے ادھار یا زمین کے ٹکڑے یا کسی اونٹ کے سودے کی ضمانت کا معاملہ ہے؟ ادھر تو ایک گردن کی ضمانت دینے کی بات ہے جسے تلوار سے اڑا دیا جانا ہے اور کوئی ایسا بھی تو نہیں ہے جو اللہ کی شریعت کے نفاذ کے معاملہ پر عمرؓ سے اعتراض کرے یا پھر اس شخص کی سفارش کے لیے ہی کھڑا ہوجائے اور کوئی ہو بھی نہیں سکتا جو سفارشی بننے کی سوچ سکے۔ محفل میں موجود صحابہؓ پر ایک خاموشی سی چھا گئی ہے، اس صورت حال سے خود حضرت عمرؓ بھی متاثر ہیں کیوں کہ اس شخص کی حالت نے سب کو ہی حیرت میں ڈال دیا ہے کیا اس شخص کو واقعی قصاص کے طور پر قتل کردیا جائے اور اس کے بچے بھوکوں مرنے کے لیے چھوڑ دیئے جائیں؟ یا اس کو بغیر ضمانتی کے جانے دیا جائے؟

مقتول کا خون رائیگاں جائے گا

واپس نہ آیا تو مقتول کا خون رائیگاں جائے گا! خود سیدنا عمرؓ سر جھکائے افسردہ بیٹھے ہیں اس صورتحال پر وہ سر اٹھا کر التجا بھری نظروں سے نوجوانوں کی طرف دیکھتے ہیں "معاف کردو اس شخص کو" نہیں امیرالمومنین، جو ہمارے باپ کا قتل کرے اس کو چھوڑ دیں یہ تو ہو ہی نہیں سکتا، نوجوان اپنا آخری فیصلہ بغیر کسی جھجک کے سنا دیتے ہیں۔ حضرت عمرؓ ایک بار پھر مجمع کی طرف دیکھ کر بلند آواز سے پوچھتے ہیں، لوگو، ہے کوئی تم میں سے جو اس شخص کی ضمانت دے؟ حضرت ابوذر غفاریؓ اپنے زہد و صدق سے بھرپور بڑھاپے کے ساتھ کھڑے ہوکر کہتے ہیں میں ضمانت دیتا ہوں اس شخص کی!" سیدنا عمرؓ کہتے ہیں۔ ابوذر، اس نے قتل کیا ہے۔ چاہے قتل ہی کیوں نہ کیا ہوا، ابوذرؓ اپنا اٹل فیصلہ سناتے ہیں۔ عمرؓ: "جانتے ہو اسے؟" ابوذرؓ "نہیں جانتا اسے" عمرؓ" تو پھر کس طرح ضمانت دے رہے ہو؟ (باقی صفحہ نمبر 52 پر)

حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ

حج و عمرہ پر جانیوالے اپنے لمحات کو قیمتی سے قیمتی تر بنائیں اور دوسروں کو بھی یہ انمول تحفہ دیں

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی روایت ہے کہ آپ ﷺ مسجد منیٰ میں تشریف فرما تھے قبیلہ ثقیف اور انصار میں سے دو شخص آپ ﷺ کی خدمت میں آئے اور کہا اے اللہ کے رسول ﷺ ہمیں ان امور کے بارے میں بتائیے (چنانچہ آپ ﷺ نے خود ان کے سوالوں کو جان لیا اور فرمایا تم ان سوالوں کے جواب کیلئے آئے) آپ ﷺ نے فرمایا جب تم اپنے گھر سے بیت اللہ (حج) کے ارادے سے نکلو گے تو تمہاری اونٹنی کا قدم جتنا اٹھے گا اور بیٹھے گا اس کے بدلے نیکی لکھی جائے گی اور گناہ معاف ہوں گے اور طواف کے بعد دو رکعت کا ثواب خاندان اسماعیل کے غلام کی آزادی کے برابر ثواب پاؤ گے اور صفا و مروہ کی سعی کا ثواب ستر غلام کی آزادی کے مثل پاؤ گے اور تمہارے وقوف عرفہ کے وقت اللہ پاک آسمان دنیا پر اتر آتے ہیں اور تمہاری وجہ سے فرشتوں پر فخر فرماتے ہیں اور کہتے ہیں دور دراز کی مسافت طے کرکے پراگندہ حال میرے بندے میرے پاس آئے ہیں مجھ سے جنت کی امید کرتے ہوئے پس اگر تمہارے گناہ ریت کی مقدار کے برابر یا بارش کے قطروں کی مقدار یا سمندر کی جھاگ کی مانند (یعنی اس قدر کہ شمار سے باہر) تو اسے معاف کردوں گا۔ چلو کوچ کرو میرے بندے عرفات سے تم بخشے بخشائے ہوگئے اور اس کی بھی جس کی تم شفاعت کرو گے اور تمہارا کنکری مارنا سو ہر کنکری جو تم مارو گے ہلاک کرنے والے بڑے بڑے گناہوں کا کفارہ ہے اور تمہارا قربانی کرنا پس وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب کا ذخیرہ ہے اور تمہارا سر کا حلق کرانا سو ہر بال کے بدلے ایک نیکی اور گناہوں کی معافی ہے اور تمہارا اس کے بعد طواف (زیارت) کرنا اس حال میں طواف کرنا ہوگا کہ کوئی گناہ نہ ہوگا۔ فرشتے آئیں گے تمہارے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ رکھیں گے جو چاہے آئندہ عمل کرو۔ گزشتہ گناہوں کی معافی ہوگئی۔ (ترغیب و ترہیب، طبرانی کبیر، ابن حبان)

"حرمین میں نیکیوں کے پہاڑ"
مقبول عبادات، فضائل، روحانی نسخے اور بہت کچھ۔۔۔ اس کتاب میں پڑھیں!

صرف عشق اور محبت کرنے والے پڑھیں

حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو پاکستان کی پرانی چیزیں اور ورثہ محفوظ کرنے کا سچا جذبہ ہے۔ محبت کرنے والوں کے پاس کوئی پرانی چیز مثلاً کتابیں، (سلیبس اور نصابی نہ ہوں) برتن، نقش و نگار شدہ پرانے دروازے، کھڑکیاں، شیڈ، اسلحہ (اسلحہ جو پرانا اور قابل استعمال نہ ہو)، لکڑی، تانبے، کانسی، چمڑے کی بنی ہوئی کوئی بھی پرانی چیز جو آپ کے استعمال میں نہ ہو، الیکٹرونکس کی پرانی چیزیں حتیٰ کہ کسی بھی قسم کی سالوں یا صدیوں پرانے سکے، اینٹیں، ٹائلیں وغیرہ ہوں تو حضرت حکیم صاحب دامت برکاتہم کو گفٹ کی نیت سے تسبیح خانے میں بحفاظت با امان پہنچائیں اور دل کی گہرائیوں سے دعائیں لیں۔ نیز بڑی ہستیوں سے منسوب تبرکات یا آثار قدیمہ کا کوئی تحفہ بھی قبول کیا جائے گا۔ آپ کا بہت شکریہ! (ادارہ)

عبقری کتب اور اد و یات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

آئینہ دیکھا تو چہرہ بگڑ چکا تھا!

بیوی روتے ہوئے اچانک ہنس پڑی

غالباً ہر انسان کی یہ فطرت یا عادت ہے جس کا تجربہ آپ کو بھی ہوگا۔ کہ انسان جب تنہائی میں آئینے کے سامنے کھڑا ہوتا ہے تو اپنے چہرے کو مختلف زاویوں سے دیکھنے کیلئے طرح طرح کے منہ بناتا ہے اور خود پر مسکراتا ہے کبھی بلاوجہ منہ بسورتا ہے کبھی باچھیں اور ناک سکیڑتا ہے یہی عادت مجھے بھی تھی لیکن مجھے اس حرکت کا خمیازہ بھگتنا پڑا۔ ہوا یوں کہ ایک دفعہ اپنا چہرہ بھیانک اور ڈراؤنا بنا کر دیکھ رہا تھا کہ مجھے محسوس ہوا کہ میرا بھیانک اور ڈراؤنا چہرہ اسی حالت میں ساکت ہوگیا ہے میں سخت گھبرایا اور چہرے کو اصل حالت میں لانے کے جتن کرتا رہا مگر بے سود، اس وقت اس غسل خانے میں تھا لہٰذا میں نے فوراً کپڑے بدلے اور چہرے کو تولیہ سے چھپا کر باہر آکر بیوی کو آواز دی وہ آئی تو میں نے اپنا ماجرا سنایا تو وہ بھی پریشان ہوگئی مجھے کہا کہ تولیہ ہٹائیں میں نے انکار کیا تو وہ رونے لگی مجبوراً میں نے چہرے سے تولیہ ہٹایا تو وہ بے ساختہ ہنسنے لگی مجھے سخت غصہ آیا اور ڈانٹتے ہوئے کہا کہ تمہیں شرم نہیں آتی' میرا چہرہ بگڑ گیا ہے اور تم دانت نکال رہی ہو وہ کہنے لگی: آپ کا چہرہ تو بالکل صحیح سلامت ہے آپ کو وہم ہوگیا ہے میں دوسرا آئینہ لے کر آتی ہوں وہ آئینہ لائی تو میں نے اس میں چہرہ دیکھا تو وہ اسی طرح بھیانک اور ڈراؤنا تھا۔

آپ کا چہرہ تو بالکل نارمل ہے!

میں نے غصہ میں آکر آئینہ کو فرش پر زور سے پھینک کر ٹکڑے ٹکڑے کردیا۔ میں نے کہا بیگم جلدی کرو ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں وہ بادل نخواستہ میرے ساتھ چل پڑی۔ میں نے چہرہ تولیہ سے چھپایا ہوا تھا۔ ڈاکٹر نے کہا تولیہ ہٹائیے۔ اس نے چہرہ دیکھا تو اطمینان سے بولا آپ کا چہرہ بالکل نارمل ہے جس طرح آپ کہہ رہے ہیں اس طرح نہیں ہے مجھے بڑا غصہ آیا اور میں نے کہا کہ آئینہ منگوائیے جب میں نے آئینہ دیکھا تو چہرے کی وہی بھیانک اور ڈراؤنی حالت بدستور قائم تھی۔ میں نے کہا کہ آپ کیسے ڈاکٹر ہیں کہ بجائے علاج تجویز کرنے کے مجھے جھوٹی تسلی دے رہے ہیں وہ کہنے لگا کہ جب آپ کو کچھ ہے نہیں تو علاج کیا کروں۔ میں غصے سے اٹھ کر ایک اور پرانے نامی گرامی سرجن کے پاس چلا گیا اور اسکو اپنی رام کہانی سنائی۔ اس نے کہا کہ چہرہ سے تولیہ ہٹائیے مگر حیرت ہے کہ اس نے بھی وہی جواب دیا جو کہ پہلے ڈاکٹر نے دیا تھا میں اوّل خول بکتا ہوا گھر آگیا۔

روؤں دل کو کہ پیٹوں جگر کو

میں گھر واپس آیا اور پھر آئینہ منگوا کر دیکھا اس بار بھی آئینہ میں وہی بھیانک اور ڈراؤنا چہرہ موجود تھا میں دھاڑیں مار کر رونے لگا بیگم الگ پریشان تھی پھر اس نے چند میرے قریبی رشتہ داروں کو بلا کر ساری روداد سنائی جب تمام عزیزوں نے ضد کرکے میرا تولیہ ہٹایا تو بڑے اطمینان سے بولے کہ چہرہ تو بالکل ٹھیک ہے سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ ''روؤں دل کو کہ پیٹوں جگر کو میں'' اس دوران میں مختلف مزارات پر حاضری دیتا اور دعائیں مانگتا رہا لیکن ڈھاک کے وہی تین پات۔ ایک دن اخبار میں مجھے ایک عامل کامل نجومی کا اشتہار نظر آیا تو میں اٹھ کر اس کے پاس چلا گیا اس کو ساری تفصیل بتائی اس نے فوراً دھونی دکھائی اور کاغذ پر الٹی سیدھی لکیریں مارتے ہوئے مجھے کہا کہ بدروح کا تمہارے جسم پر قبضہ ہوگیا اس کیلئے سخت محنت کرنے پڑے گی۔ زعفران سے تعویذ لکھنے ہونگے اور اس پر تمہارے چند ہزار روپے خرچ ہونگے۔ بکرے کی قربانی دینی پڑے گی۔ الو کے خون کے چھینٹے تمہارے چہرے پر پھینکے جائیں گے وہ کتنی دیر تک اس طرح کی اوٹ پٹانگ بات کرتا رہا میں وہاں سے بھی اٹھ آیا۔ ایک دن اتفاقاً سرراہ شہر کے ایک نامور بزرگ مجھے مل گئے۔ میں ان کے پیچھے پیچھے چلتے ہوئے ان کے آستانے تک پہنچ گیا جب وہ اپنی مسند پر بیٹھ گئے تو میں نے ان کے پیروں کو چھوا اور زاروقطار رونے لگا۔

یہ سب تمہارے اندر کا بھیانک روپ ہے!

انہوں نے محبت سے مجھے گلے لگایا اور آنے اور رونے کی وجہ پوچھی۔ میں نے اپنا پورا حال ان کے سامنے رکھ دیا انہوں نے اطمینان سے میرا چہرہ دیکھا اور فرمانے لگے بیٹے بات دراصل یہ ہے کہ تمہارا ظاہر اور باطن ایک نہیں ہے لوگوں کے سامنے تم اپنی شرافت، دیانتداری اور پارسائی کا ڈھنڈورا پیٹتے رہتے ہو لیکن اتنے شریف ہو نہیں جتنا خود کو ظاہر کرتے ہو مسجد میں بھی چلے جاتے ہو تا کہ لوگ تجھے نمازی اور نیک سمجھیں لیکن دوسری طرف حقوق اللہ اور حقوق العباد کی تم بالکل پرواہ نہیں کرتے وہ کونسا کبیرہ صغیرہ گناہ ہے جو تم سے سرزد نہیں ہوا۔ وہ کونسا ستم ہے جو تم نے روا نہیں رکھا۔ یہ سب تمہارے اندر کا بھیانک روپ ہے جو تمہیں آئینہ میں نظر آتا ہے یہ اس بات کی علامت ہے کہ تمہیں اپنے گناہوں، کوتاہیوں، حق تلفیوں کا احساس ہونے لگا ہے لیکن افسوس کہ تم نے تلافی کیلئے کوئی قدم نہیں اٹھایا۔ خاص طور پر حقوق العباد کی طرف تمہارا دھیان ہی نہیں جاتا۔ کبھی تم نے کسی یتیم یا مسافر کو کھانا نہیں کھلایا۔ کبھی بھی تم نے اپنے ہمسائے کا حال احوال نہیں پوچھا۔ کبھی بھی تم نے کسی بیمار کی مزاج پرسی اور تیمارداری نہیں کی۔ تم میں فرعونیت عود کر آئی ہے۔ بظاہر تم اُجلے کپڑے پہن کر اور سر پر ٹوپی اوڑھ کر باہر نکلتے ہو کہ لوگ تمہیں سلام کریں بس ہر وقت اپنے محل ماڑیوں کی تعمیر کے فکر میں رہتے ہو کس طرح ان کو مزید مزین کروں۔

سن لو! تمہارا ضمیر سوفیصد مردہ نہیں ہوا؟

میرے پاس قیمتی سے قیمتی گاڑی ہو لیکن اطمینان کی بات ہے کہ تمہارا ضمیر سوفیصد مردہ نہیں ہوا۔ اس میں زندگی کی رمق موجود ہے۔ یہی رمق والا ضمیر تمہیں آئینہ میں نظر آتا ہے۔ میری رائے میں ابھی بھی کچھ نہیں بگڑا۔ رحمت کا دروازہ بند نہیں ہوا بشرطیکہ تم سچے دل سے توبہ کرو۔ پھر انہوں نے مجھے عمر خیام کی ایک رباعی سنائی۔ جس کا مفہوم کچھ یوں تھا کہ ایک دن عمر خیام نے باندی کو حکم دیا کہ جلدی سے شراب لے آؤ۔ باندی کو شراب لانے میں دیر ہوگئی تو عمر خیام لال پیلا ہوگیا غصہ سے اس کی آنکھیں شعلے برسانے لگیں۔ جب باندی شراب لے کر آئی اور اس نے عمر خیام کا چہرہ دیکھا تو چیخ اٹھی۔ حضور آپ کا چہرہ سیاہ پڑ چکا ہے عمر خیام نے آئینہ دیکھا تو واقعی وہ سیاہ تھا تو عمر خیام روتے ہوئے بارگاہ ایزدی میں فریاد کرتا ہے کہ مولا میں تو معمولی ساخطا کار انسان ہوں۔ اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکا اور غصہ میں آگیا۔ لیکن میرے مالک تو تو رحیم ہے کریم ہے غفور ہے سب کی پردہ پوشی کرنے والا ہے ہمیں معاف کرنے والا ہے۔ تو نے اتنی جلدی مجھے سزا کیوں دے دی جلد بازی انسان کی فطرت ہے تیری نہیں پھر وہ زاروقطار رونے لگا اللہ تعالیٰ کو ترس آگیا اور اسکے چہرے کا رنگ اصل حالت میں واپس آگیا۔

بے پناہ امراض گھیر لیں تو صرف (شوگر والے حضرات استعمال نہ کریں)
ٹھنڈی مراد
شفاء کا انوکھا فرحت بخش ٹھنڈا خزانہ ہے
ہاتھ پاؤں میں جلن' سر چکرانا' منہ کی خشکی' آنکھوں کے سامنے اندھیرا' جگر و مثانے کی گرمی، یورک ایسڈ' قبض' ہائی بلڈ پریشر' زنانہ و مردانہ پوشیدہ امراض کیلئے آخری حل
عورتوں مردوں اور بچوں کیلئے یکساں مفید ہر موسم میں بہترین
جسم ٹوٹے' دل گھبرائے یا پتھری ستائے صرف ٹھنڈی مراد سے چین پائیں
قیمت -/120 روپے علاوہ ڈاک خرچ

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

گلی گلی برتن بیچنے والی عورت کا موٹاپا کیسے گیا؟

اللہ اکبر کے وظیفہ کی حیرت انگیز برکات

بخار سے بچاؤ کے روحانی و طبی نسخہ جات

پیٹ درد، پیچش، مروڑ، گرمی، سینے میں جلن کیلئے

پارلر کا بزنس اتنا چلا کہ بس!

ٹائیفائیڈ کیلئے آزمودہ نسخہ

شوگر میں مبتلا غریب لوگ پڑھیں!

راز ہے جو کھول رہا ہوں!

پارلر کا بزنس اتنا چلا کہ بس!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! یقیناً آپ خیریت سے ہوں گے اللہ پاک سے دعا ہے کہ وہ آپ کو اور آپ کی تمام نسلوں کو جزائے خیر عطا کرے (آمین)۔ محترم حکیم صاحب! جب آپ پشاور تشریف لائے تھے تو میری ملاقات آپ سے ہوئی تھی مجھے تو یقین نہیں آرہا تھا کہ میں اپنے مرشد سے ملاقات کروں گی۔ بہت اچھا لگا۔ آپ سے ملنے کے بعد میرا بزنس بہت اچھا ہوگیا ہے، میں دو انمول خزانے اور آپ کا دیا ہوا وظیفہ سورۂ اخلاص کا پڑھتی ہوں جس سے میرے پارلر میں کام بہت ہوگیا ہے آپ کا درس ہر وقت میرے فون پر لگا ہوتا ہے میں رات کو یَابَاعِثُ یَانُوْرُ پڑھتی ہوں جس سے میری نماز میں بہت پابندی ہوگئی ہے۔ اب تو میں چاشت کے نفل پڑھتی ہوں اور عشاء کے بعد ایک تسبیح ختم لَا یُنْصَرُوْنَ کی پڑھ کر تسبیح خانہ کو ہدیہ کرتی ہوں۔ اور ہر روز کام کرکے جو پیسے ہوتے ہیں حساب کرکے اڑھائی فیصد صدقہ کا نکالتی ہوں اور کسی غریب کو دے دیتی ہوں۔ جس سے میرے پیسوں میں بہت برکت ہوگئی ہے۔ (شازیہ عثمان، پشاور)

گلی گلی برتن بیچنے والی عورت کا موٹاپا کیسے گیا؟

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں دو سال سے ماہنامہ عبقری کا قاری ہوں، عبقری رسالہ سے مجھے بے حد فائدہ ہوتا ہے۔ عبقری کے کسی سابقہ شمارے میں موٹاپا سے نجات کیلئے ایک نسخہ چھپا تھا جو کہ اس طرح تھا کہ عرق مکو کی ایک لیٹر والی بوتل کسی بھی اچھے پنساری سے لے کر پورے دن میں وقفے وقفے سے ایک بوتل کو ختم کرنا ہے، اسی طرح تیس دنوں میں تیس بوتلیں ختم کرنی ہیں۔ اس نسخہ سے موٹاپا ختم ہوجاتا ہے۔ محترم حکیم صاحب! یقین کیجئے بالکل ایسا ہی ہوا۔ رزلٹ تقریباً ایک ہفتہ میں ہی ہمیں مل گیا۔

خود پر آزمانے کے بعد میں نے ایک عورت کو بتایا اس کے جسم پر اتنا ورم تھا کہ وہ چلنے پھرنے سے بھی معذور تھی، غریب عورت تھی، سر پر ٹوکرا رکھ کر گھر گھر جاکر برتن بیچ کر اپنے بچوں کیلئے روٹی کماتی تھی مگر گزشتہ ایک سال سے وہ اپنے موٹاپے کی وجہ سے چل پھر نہیں سکتی تھی اور گھر بیٹھ کر فاقے کاٹ رہی تھی۔ مگر جب سے میں نے اسے یہ نسخہ بتایا ہے اور اسے چند بوتلیں لاکر بھی دی ہیں، اس نے کچھ عرصہ استعمال کیا اب دوبارہ سے اپنا کام کررہی ہے اور آپ کو جھولیاں اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتی ہے۔ اللہ کریم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ دکھی انسانیت کیلئے ایسے نسخہ جات عبقری رسالہ میں آتے ہیں۔ (شیخ محمد عامر قادری، میانوالی)

اللہ اکبر کے وظیفہ کی حیرت انگیز برکات

میں کافی عرصہ سے پریشان تھا، سر میں درد، گردن میں درد، کندھوں پر بوجھ، ہر وقت ٹینشن، بے سکونی، لڑائی جھگڑے وغیرہ۔ جب سے یہ چھوٹا سا عمل (وظیفہ) کرنا شروع کیا ہے حیرت انگیز طور پر گھر میں سے ٹینشن، لڑائی جھگڑے، بے سکونی وغیرہ فوری ختم ہوتے دیکھے ہیں، ان شاء اللہ جو بھی جب بھی یہ عمل (وظیفہ) کرے گا اس کو کھلی آنکھوں سے اس کی برکات نظر آئیں گی اور ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین بڑھے گا گھر میں جب بھی لڑائی جھگڑے، بے سکونی کا راج ہوتا ہے میں یہ عمل کرتا ہوں الحمدللہ! محض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس عمل کی برکت سے اللہ تعالیٰ مسائل کا حل فرمادیتے ہیں۔ انشاء اللہ عبقری کے قارئین کو اس عمل کی برکات نظر آئیں گی۔ عمل اس طرح کرنا ہے حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ ''جس نے ایک بار اللہ اکبر پڑھا اس نے اللہ کی راہ میں ایک اونٹ صدقہ دیا۔'' اس طرح تین سو بار اللہ اکبر پڑھنا ہے یقین اور دھیان کے ساتھ۔ ہر اللہ اکبر پر یہ تصور کرنا ہے کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی طرف سے ایک اونٹ صدقہ دیا، اس طرح ننانوے اونٹ امت کی طرف سے اور ایک اونٹ اپنی طرف سے صدقہ دینا ہے۔ (تین مرتبہ تسبیح پڑھنی ہے) تیزی تیزی سے اللہ اکبر اللہ اکبر نہیں پڑھنا بلکہ آہستہ آہستہ دھیان، درد اور عظمت کے ساتھ پڑھنا ہے، صرف پندرہ منٹ لگیں گے کرکے دیکھئے اور مجھے دعاؤں میں یاد رکھیں۔ یہ عمل اور طریقہ تسبیح خانہ میں ایک مرتبہ دوران درس شیخ الوظائف نے بتائے، میں نے آزمایا اور اب آپ قارئین کو عبقری پیغام کو سامنے رکھتے ہوئے جو میرا ہے وہ تیرا ہے جو تیرا ہے وہ سارے عالم کا ہے، بتا رہا ہوں۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔ آمین! (محمد عبدالرحمٰن، لاہور)

بخار سے بچاؤ کے روحانی و طبی نسخہ جات

حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بخار یا بخار کی شدت جہنم کی بھاپ (کا ایک حصہ) ہے اس کو پانی کے ذریعہ ٹھنڈا کرو۔ (بخاری و مسلم) بخار کے دوران پانی زیادہ پئیں، کم از کم دس گلاس روزانہ۔ 2۔ بخار والا کثرت سے بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ پڑھتا رہے۔ (حاکم) 3۔ جب تم میں سے کوئی بخار زدہ ہو تو اس پر تین دن تک صبح سویرے ٹھنڈے پانی کے چھینٹے مارے جائیں۔ (مستدرک حاکم) نوٹ: یہ علاج اس بخار کیلئے ہے جس کا سبب ورم، دھوپ کی شدت یا غیر معمولی غصہ وغیرہ ہو کیونکہ بخار کی اس قسم میں ٹھنڈا پانی یا ٹھنڈے پانی سے غسل دونوں ہی مریض کیلئے مفید ہیں جبکہ جالینوس جیسے فاضل طبیب نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ اس قسم کے بخار میں ٹھنڈا پانی مریض کیلئے مفید ہوتا ہے۔ 4۔ **بخار سے نجات کیلئے:** ننانوے مرتبہ اسم ذات اللہ لکھ کر پانی میں دھوئیں اور مریض کو وہ پانی پلائیں۔ ان شاء اللہ ہر قسم کی درد اور تپش دور ہوجائے گی۔ 5۔ جبریل علیہ الصلوٰۃ والسلام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان الفاظ کے ساتھ دم کیا جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخار تھا۔ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ مِنْ کُلِّ دَآءٍ یُّؤْذِیْكَ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ نَفْسٍ اَوْعَیْنِ حَاسِدٍ اَللّٰہُ یَشْفِیْكَ بِسْمِ اللّٰہِ اَرْقِیْكَ

پیٹ درد، پیچش، مروڑ، گرمی، سینے میں جلن کیلئے

ھوالشافی: آدھ پاؤ دھنیا خشک، آدھ پاؤ سفید زیرہ ان دونوں کو باریک پیس کر نمک 20 گرام اور دو حصے چینی ڈال

نامراد بیماری کا تیر بہدف علاج
بستر پیشاب شفاء
اچانک پیشاب کا نکل جانا سب کے سامنے شرمندہ کر دیتا ہے
بار بار پیشاب یا بستر پر پیشاب کا نکل جانا بہت بڑا مسئلہ! مگر اب نہیں!
قیمت 120 روپے
علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHWAR

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

کر ٹھنڈے پانی سے ایک بڑا چمچ پھر دس منٹ کے وقفے سے آدھ چمچ لیں' آدھ گھنٹے میں ہی آرام آجائے گا۔

پیٹ کے درد کیلئے روحانی علاج

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یَاعَظِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کرکے یا کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے' بفضلہٖ تعالیٰ فوراً آرام ہوگا۔

پیٹ کا درد اور عمل: پیٹ کے درد کیلئے کسی شربت یا پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرکے پلانا درد کو زائل کردیتا ہے۔ کورے برتن میں لکھ کر گھول کر پلانا سردرد کیلئے بھی مفید ہے۔ لڑکی کیلئے چاندی' لڑکے کیلئے تانبے کے پترے پر کندہ کرکے بچے کے گلے میں ڈالنا ہر قسم کے آسیب' جن بھوت کے خلل' نظربد کے اثر اور ام الصبیان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ آیت اسم اعظم ہے اور یہ ہے:۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ

ٹائیفائیڈ کیلئے دس سال سے آزمودہ نسخہ

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے دو مہینے پہلے آپ کا رسالہ عبقری خریدا' اس کے وظائف اور نسخے دیکھ کر دل کی گہرائیوں سے آپ کو دعائیں دیں۔ حضرت جو خدمت آپ اللہ تعالیٰ کے بندوں کی کررہے ہیں وہ اعزاز بہت کم لوگوں کو نصیب ہورہا ہے کیونکہ کوئی روحانی علاج کررہا ہے تو کوئی بدنی خدمت کررہا ہے اور ایک آپ خوش نصیب انسان ہیں جن کو یہ دونوں اعزاز اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائے ہیں۔ تین مجرب نسخے لکھ رہا ہوں۔ ایک نسخہ جس کا آج کل کروڑوں لوگوں کو اشد ضرورت ہے' وہ ٹائیفائیڈ بخار کا ہے کیونکہ میرے اندازے کے مطابق یہ بخار لاکھوں نہیں کروڑوں لوگوں کو ہے اور میرے ناقص علم کے مطابق جدید طریقہ علاج میں اس کا کوئی شافی علاج نہیں۔ میں نے یہ نسخہ دس سال سے آزما رہا ہوں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے آج تک دوبارہ کسی نے شکایت نہیں کی۔ **ھوالشافی:** اجوائن دیسی ایک کلو' کلونجی ایک پاؤ باریک کرکے ایک تولہ تین ماشہ کی پڑیا بنا کر ایک پڑیا رات کو ایک گلاس گرم پانی میں بھگو کر صبح چھان کر پی لیں' 25 دن استعمال کرنے کے بعد بخار ہمیشہ کیلئے ختم ہوجائے گا۔ **پرہیز:** دہی' لسی' ٹھنڈی اور کھٹی اور قابض چیزوں ضروری ہے۔ میں یہ نسخہ گزشتہ دس سال سے بالکل مفت مخلوق خدا کو دے رہا ہوں۔ سوفیصد رزلٹ ہے۔

معدہ کے درد کیلئے: معدہ کے درد کیلئے سادہ مگر پرتاثیر نسخہ ہے۔ ہینگ ایک رتی کیپسول میں بھر کر صبح و شام استعمال کریں۔ **موشن کیلئے:** موشن کیلئے زیرہ سفید اور انار دانہ ہموزن سفوف کرکے ایک چمچ لسی میں ملا کردیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اور آپ کے والدین کو دنیا و آخرت کی خوشیاں اور مغفرت نصیب فرمائے۔ آمین (حاجی خان بہادر' مینگورہ سوات)

یہ ایک خاندانی راز ہے جو میں کھول رہا ہوں

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری کے اسٹاف اور قارئین میں بہت بہت زیادہ خوش ہوتا ہوں جب آپ لوگوں کی کاوش اور محنت عبقری رسالہ کی صورت میں میرے سامنے آتی ہے' آپ لوگ غریب لوگوں کیلئے کتنا کام کرتے ہیں۔ ماشاء اللہ۔ میں اپنا ایک نسخہ عبقری کے غریب قارئین جن کے پاس علاج کیلئے پیسے نہیں کیلئے لکھ رہا ہوں۔ گھر میں تیار کریں۔ قارئین یہ ایک راز ہے جو میں کھول رہا ہوں۔ **ھوالشافی:** تین عدد لونگ لیں ایک گلاس پانی میں لونگ ڈال کر ہلکی آنچ میں پکائیں جب پانی آدھا ہوجائے تو چولہا بند کردیں' نیم گرم پانی چسکی چسکی پئیں۔ بڑے ایک کپ پانی صبح و شام پئیں جبکہ بچوں کیلئے ایک چمچ صبح و شام استعمال کریں۔ یہ دعویٰ کا نسخہ ہے آپ دعویٰ سے استعمال کریں اور کروائیں۔ آپ حیران ہوں گے یہ نسخہ کھانسی' نزلہ' بخار' سردرد' آنکھوں سے پانی آنا اور جسم کی کئی بیماریوں کو ختم کرتا ہے۔ (قاسم احمد صدیقی' کراچی)

پریشانیاں خوشیوں میں بدل گئیں!

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ پڑھتی ہوں اور آپ کے درس بہت شوق سے سنتی ہوں۔ میں تقریباً 20 سال سے گھریلو جھگڑوں میں مبتلا تھی' پریشانیاں ہی پریشانیاں تھیں' آپ کے درس سے محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ 35 بار ہر نماز کے بعد یقین سے پڑھنا شروع کیا' ابھی صرف ڈیڑھ ماہ ہی پڑھا کہ اللہ کریم کا کرم ہوگیا اور میری پریشانیاں میری خوشیوں میں تبدیل ہوگئیں اب میں بہت خوش ہوں اور یقین سے پالیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو دنیا و آخرت کی تمام کامیابیاں عطا فرمائے۔ آمین۔ بے شک آپ نے ہمیں اللہ کریم سے جوڑ دیا اور اللہ کریم سے مانگنا سکھا دیا ہے۔ (توصیف' ہری پور)

درود ابراہیمی کی برکت سے نکاح میں رکاوٹ کا حل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! عبقری رسالہ گزشتہ دس سال سے پڑھ رہا ہوں۔ قارئین! لاجواب وظائف اور ٹوٹکے اس رسالہ میں لگانے کیلئے بھیجتے ہیں۔ لاکھوں لوگ مستفید ہورہے ہیں۔ رشتوں کی رکاوٹ کو دور کرنے کیلئے میرے پاس ایک نہایت مجرب عمل ہے جو میں قارئین عبقری کی نذر کررہا ہوں۔ ان شاء اللہ اسے یقین اور ادب سے کرنے والا ضرور پاتا ہے۔ اگر لڑکے یا لڑکی کی شادی میں کسی قسم کی رکاوٹ ہو تو والد یا والدہ کو چاہیے کہ نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد پانچ سو مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر دعا کریں' اس عمل کی بدولت اللہ پاک جلد نیک' صالح رشتہ کا انتظام فرمادینگے۔ اگر لڑکی یا لڑکا خود پڑھنا چاہیں تو خود بھی پڑھ سکتے ہیں۔ (بندہ خدا' واہ کینٹ)

ناک کے نتھنوں میں انگلی ڈالیں قے آنا بند

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری قارئین کے لیے اپنے دو عدد آزمودہ ٹوٹکے بھیج رہا ہوں۔ میرے یہ ٹوٹکہ عبقری ٹوٹکہ سیکشن میں ضرور لگایئے۔

قے کیلئے: جس بچے کو یا بڑے کو قے ہورہی ہو اور جو بند نہ ہورہی ہو' ٹوٹکہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ دونوں بغلوں میں زور سے دبائیں' تھوڑی دیر کے بعد ایک ہاتھ کی انگلی ناک کے ایک نتھنے میں ڈالیں اور دوسرے ہاتھ کی انگلی ناک کے دوسرے نتھنے میں ڈالیں۔ چند بار ایسا کرنے سے قے اللہ کے فضل و کرم سے بند ہوجائے گی۔

جن کے پھیپھڑے خراب ہوگئے ہوں: یہ ٹوٹکہ سگریٹ نوشوں کے لیے ہے جن کے پھیپھڑے' گلا' نالی سب خراب ہوگئے ہوں' صرف تین دن کی دوا ہے۔ ایک دیسی انڈا پھینٹیں اور پھینٹتے رہیں' ساتھ ایک پاؤ دودھ ابال لیں' ابلتا دودھ انڈے میں ڈالیں اور پھینٹتے رہیں' نیم گرم ہونے پر پی لیں' سارا کمال پھینٹنے میں ہی ہے۔ پھینٹنا کسی حال میں بند نہیں کرنا۔ (ایم اے، ایبٹ آباد)

عبقری ٹوٹکہ سیکشن: قارئین! بعض اوقات لاعلاج بیماریوں میں جہاں بڑی بڑی ادویات اور مہنگے علاج ناکام ہوجاتے ہیں وہاں چھوٹے چھوٹے ٹوٹکے کارگر ثابت ہوتے ہیں جنہیں بظاہر کوئی اہمیت نہیں دی جاتی تو قارئین آپ مستقل بڑے بوڑھوں کے وہ ٹوٹکے سنے یا آزمائے ہوئے ضرور لکھیں' عبقری نے ایک ٹوٹکہ سیکشن قائم کیا ہے تاکہ مخلوق کی خدمت ہو اور انسانیت کو نفع پہنچے۔ **نوٹ:** ایسے ٹوٹکے بھیجیں جن میں ادویات کا استعمال نہ ہو اور کہیں ایسا نہ ہو کہ ٹوٹکوں والی کتاب اٹھا کر سارے ٹوٹکے لکھ کر بھیجیں ایسا ہرگز نہ کریں۔ صرف آزمودہ اور سینے کا راز ٹوٹکے ہی بھیجیں۔

پتھری ڈائیلاسز کورس

پراسٹیٹ یعنی غدود بڑھ جائیں اور آپریشن کے بغیر چارہ نہ ہو تو پھر "پتھری ڈائیلاسز کورس" کا کمال دیکھیں۔

یوریا یورک ایسڈ اور کریٹنین بڑھ گئی ہو تو یہ کورس اعتماد سے استعمال کریں۔

قیمت: 800 روپے علاوہ ڈاک خرچ (دوا برائے پندرہ یوم)

مسئلہ پرانی پتھری کا ہو یا آپریشن کے بعد بار بار پتھری بن جاتی ہو اعتماد سے استعمال کریں۔

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوایئے۔ 0332-7552382

روحانی منزل میں جنات کی عبادات کے انوکھے انکشاف

جو بھی روحانی منزل گیا! رشتوں کی بندش ٹوٹ گئی!

روحانی منزل مری میں وہ پراسرار عجائبات اور حقائق جو اچانک افشاں ہوئے اور مخلوقات کی امانت ان تک پہنچائی جا رہی ہے۔

ایڈریس روحانی منزل: مری پی سی بھوربن کے ساتھ مین روڈ پر روحانی منزل ہے۔

آئیے! روحانی منزل سب کیلئے کھول دی گئی

روحانی منزل دراصل سب کے لیے کھول دی گئی ہر مسلک ہر فرقے ہر مذہب ہر رنگ اور ہر نسل کے لیے اس کے دروازے جب سے کھلے ہیں اللہ کی مخلوق کی دل سے دعائیں نکلنا شروع ہوگئی ہیں۔ کیونکہ دکھی مخلوق کو کوئی ایسا راستہ چاہیے جس کے پیچھے قرآن وسنت کا اور حدیث مبارکہ کا حوالہ ہو۔ سنی سنائی باتیں یا ایسے عمل وظیفے جن کا قرآن و حدیث سے کوئی ثبوت نہ ہو وہ عبقری کی کبھی ترتیب نہیں رہی۔ لوگوں میں شعور ہے' احساس ہے' اس لیے لوگ ایسے اعمال ڈھونڈتے ہیں ایسی جگہیں ڈھونڈتے ہیں ایسے سچے راستے اور سچی راہیں ڈھونڈتے ہیں جہاں ان کے مسائل حل ہوں' مشکلات دور ہوں' پریشانیاں دور ہوں اور زندگی آسانیوں کی طرف لوٹ آئے اس وقت رشتوں کے مسائل بہت زیادہ ہیں اور رشتوں کی بندش حد سے زیادہ بڑھ گئی ہے آبادی جتنی زیادہ بڑھ رہی ہے ہونا تو یہ چاہیے کہ رشتوں کی کمی ہو لیکن نہیں' رشتوں کی مشکلات' مسائل اور الجھنیں حد سے زیادہ بڑھتی چلی جارہی ہیں اور بیٹیوں کے بالوں میں چاندی بڑھ رہی ہے اور بیٹوں کے چہرے پر جھریاں اور عمر ڈھل رہی ہے۔ آخر رشتوں کی بندش کا حل کیا ہے؟ جو بھی روحانی منزل گیا' اس نے صلوٰۃ التسبیح پڑھی یَافَتَّاحُ کا ورد وجد وجدان اور دیوانگی کی حالت میں کیا' ان سب کی جھولیاں بھر گئیں۔ راستے کھلے ملے' وہ راہیں جو بند ہوچکی تھیں' وہ گلیاں جو ختم ہوچکی تھیں' وہ موسم جہاں خزاں ہی خزاں تھی کبھی بہار کا منہ نہیں دیکھا تھا کبھی یہ احساس ہی نہیں ہوا تھا کہ ہمارے گھر میں بھی رشتے آئیں گے بلکہ آئیں گے نہیں لائنیں لگ جائیں گی۔

جو روحانی منزل گئے! وہی لوگ آج خوشحال ہیں

وہی لوگ آج خوشحال ہیں آج دعائیں دے رہے ہیں ان کی پریشانیاں دور ہوچکی ہیں۔ اسی طرح رزق کی مشکلات' نوکری کے مسائل' کاروبار کے گھاٹے' قرض اور دکھوں کی انوکھی داستانیں جب انہوں نے روحانی منزل کا رخ کیا اور روحانی منزل کی راہیں دیکھیں تو انہیں غیب سے مدد ملی' غیب سے رہبر ملے' وہ فرشتے تھے یا نیک جنات' خدا کی خدا ہی جانے لیکن انہیں وہ راستے ملے اور انہیں احساس ہوا کہ ہم سچے راستوں کے سچے راہی ہیں اور ہم ٹھیک جگہ پہنچے ہیں' اب سے پہلے بہت بھٹکے ہوئے تھے' جگہ جگہ جانے کے بعد ان کا یقین بہت کمزور ہوگیا تھا۔ انہوں نے روحانی منزل کو بھی انہی جگہوں کی طرح سمجھا لیکن ایسا نہیں ہوا' انہیں ایک راستہ ملا' ایک سچائی ملی ہے' ایک برکت اور خیر والی جگہ ملی ہے' جہاں دعائیں قبول' مشکلات حل' پریشانیاں دور ہوتی ہیں' عزتیں محفوظ رہتی ہیں اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ وہاں کچھ مال نذرانہ شکرانہ دینا نہیں پڑتا بلکہ ہر وقت روحانی منزل کے دروازے کھلے ہیں اور روحانی منزل کی راہیں سبھی ہیں جو آئے صلوٰۃ التسبیح پڑھے' ایک بار پڑھے بار بار پڑھے لیکن ہر بار گڑگڑا کر پڑھے اور یَافَتَّاحُ کا ورد کرے اور یَافَتَّاحُ کا ورد ایسا کرے بس اللہ کریم کے سامنے جائے اور اللہ کریم سے اپنے مسائل اپنی مشکل اپنے دکھ' اپنی تکالیف اور اپنی الجھنیں منوا کر چھوڑے اور ایسے منوائے کہ خود رب کو ترس اور اللہ کو رحم آجائے اور اللہ پاک دنیا و آخرت کی برکات' خیریں اور راحتیں اس کے لیے بارش کی طرح برسا دے۔ اب تو ایسے خاندانوں کے خط آرہے ہیں اور ایسے خاندانوں کے پیغامات آرہے ہیں کہ آپ نے اس سے پہلے ہمیں 'روحانی منزل' کا راستہ کیوں نہیں بتایا عبقری تو ہمیشہ سخاوت کے کام کرتا ہے' آپ تو سخی ہیں آپ نے ہمیں پہلے یہ سچا در کیوں نہیں دکھایا۔

ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے!

بس قارئین! ہر چیز کا ایک وقت مقرر ہے یہ خیر کا دروازہ اس وقت پر کھلنا تھا اور یہ خیر کی راہیں بس اب کھل چکی ہیں۔ اب تو کمی ہمارے اندر ہے کہ ہم اس 'روحانی منزل' کے کھلے دروازوں سے امنڈنے اور نکلنے والا فیض اپنی جھولیوں میں بھر لیں' رزق چاہیے تو رزق' صحت چاہیے تو صحت' برکت چاہیے تو برکت' رشتے چاہیے تو رشتے' جادو کا توڑ' بندشوں کا توڑ' نظر بد کا اترنا اور سفلی عمل کا دور ہونا۔ یہ سب کچھ روحانی منزل میں بھرا پڑا ہے' بس کوئی لینے والا' کوئی گڑگڑانے والا' کوئی بھکاری لینے والا' کوئی سائل اور محتاج بن کر اپنے لیے قدرت رحمت اور راحت کے فیصلے کروانے والا' رب بہت کریم ہے' رب بہت شفیق ہے' آئے سائل کو خالی نہیں بھیجتا وہ ہمیشہ جھولیاں بھر کر جارہے ہیں آئیں آپ بھی جھولیاں بھریں اور فیض یاب ہوں۔

وضاحت: صلوٰۃ التسبیح ہر وقت' دن رات' صبح وشام پڑھ سکتے ہیں' صرف مکروہ اوقات کے علاوہ۔ یہ انفرادی نماز ہے۔

"روحانی منزل مری کے سچے مشاہدات" گزشتہ اقساط پڑھنا ہرگز نہ بھولیں!

روحانی منزل میں کرنے والے اعمال

روحانی منزل میں اپنے مقصد' پریشانی' جادو جنات' گھریلو الجھنوں' کاروباری بندشوں' نوکری' بے اولادی' اولاد کی بے راہ روی یا اس کے علاوہ جو بھی پریشانی' مشکل ہو اس کا سخت تصور کرتے ہوئے سارا دن وضو بے وضو (خواتین ہر حالت میں) سوا لاکھ کی تعداد میں یَافَتَّاحُ پڑھیں۔ ایک سوا لاکھ، تین سوا لاکھ' پانچ ، سات گیارہ جتنے بھی سوا لاکھ پڑھیں۔ اس کے علاوہ صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔ روحانی منزل میں آپ ایک دن، 3 دن، 5 دن، 7 دن، 11 دن، 21 دن، 41 دن یا 70 دن تک قیام کرکے درج بالا اعمال کریں۔ ان شاء اللہ آپ کا ہر مقصد' ہر مراد پوری ہوگی۔

آپ نے روحانی منزل میں اعمال کیے اور فیض پایا تو اس کے مشاہدات و تجربات ضرور لکھیں۔ عبقری صفحات حاضر ہیں!

دوسروں میں خود کو باکمال بنانے کا عمل

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں نے یہ عمل عبقری سے پڑھا' آزمایا' بہت ہی زبردست اور تیر بہدف عمل ہے۔ عمل یہ ہے: اگر آپ چاہتے ہیں کہ دوسروں میں باکمال ہوں تو ہر فرض نماز کے بعد ایک تسبیح یَاعَلِیْمُ یَاوَاسِعُ پڑھیں' اس کا فائدہ یہ ہوگا کہ آپ دوسروں میں خود کو باکمال پائیں گے۔ (ف، لاہور)

جوانی گولیاں — سمجھدار والدین نسلوں کو ضرور استعمال کروائیں
جب جوانی بے لگام ہوجائے اور اپنے پرائے کی پہچان ختم ہوجائے خواہشات اور چاہتیں اپنا رخ موڑ لیں تو مندرجہ ذیل علامات شروع ہوجاتی ہیں۔ چہرے پر دانے' داغ دھبے۔ خواتین کا مسلسل ناپاکی کی حالت میں رہنا۔ جنسی جذبات اور خیالات کا سوار رہنا۔ غصہ' چڑچڑاپن۔ ڈپریشن' ٹینشن۔ لیکوریا۔ احتلام۔ مادہ تولید کا پتلا ہوجانا۔ ایسی تمام حالتوں میں "جوانی گولیاں" استعمال کریں۔ قیمت صرف 150 روپے

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN PESHAWAR

علامہ لاہوتی نے جو بھی لکھا سو فیصد سچ لکھا!

میں نے دریا میں چھلانگ لگادی‘ جیسے ہی میری آنکھ کھلی تو میں ایک خشک گاؤں میں تھا‘ جہاں کھیت تھے رہٹ چل رہے‘ آدمی ہل چلا رہے‘ میں حیران و پریشان انہیں دیکھ رہا تھا کہ میں نے تو دریا میں چھلانگ لگائی تھی میں کہاں پہنچ گیا ہوں؟

زمین اندر بھی مخلوق! مجھے سمجھ نہ آتی

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! میں عبقری رسالہ بہت شوق سے پڑھتا ہوں‘ خاص طور پر علامہ لاہوتی پراسراری صاحب کا مضمون ’’جنات کا پیدائشی دوست‘‘ تو میرا پسندیدہ ترین سلسلہ ہے۔ علامہ صاحب جو فرماتے ہیں میرا اس پر سو فیصد ترین یقین ہوتا ہے۔ علامہ صاحب پر میرا یقین اس دن اور بھی بڑھ گیا جب میں نے اپنے ایک بزرگ سے اپنے علاقہ کا مشہور واقعہ سنا جس کی تصدیق نسل در نسل بزرگ کرتے چلے آرہے ہیں۔ علامہ لاہوتی صاحب نے ایک دفعہ فرمایا تھا کہ اس زمین کے اندر بھی ایک اور مخلوق رہتی ہے جو انسان ہے اور نہ ہی جن ہے‘ پڑھ کر بڑی حیرانی ہوئی تھی کسی نے یقین اور کسی نے اس بات پر تعجب کا اظہار کیا اور یقین کرنے میں تذبذب کا شکار رہے لیکن میں آپ کو جو واقعہ سنانے جارہا ہوں۔ اس کو سن کر سب قارئین کو یقین آجائے گا کہ واقعی زمین کے اندر بھی مخلوق آباد ہے۔ ہمارے گاؤں کے ساتھ دریا بہتا ہے دریا کے بالکل کنارے ایک قوم نول آباد ہے‘ دریا کے کنارے پر ہی ان کی بستی ہے ان کی خواتین دریا کنارے بیٹھ کر کپڑے وغیرہ دھولیتی ہیں۔ آج بھی ایسا ہی ہے۔ اس قوم کے بزرگ اپنے بزرگوں سے سنا ہوا واقعہ سناتے ہیں کہتے ہیں دو تین نسل پہلے دریا تھوڑے فاصلے پر بہتا تھا لیکن اچانک انہیں محسوس ہوا کہ دریا کروٹ بدل رہا ہے انہوں نے محسوس کیا کہ اگر دریا اسی طرح کروٹ بدلتا رہا تو ایک ہفتے کے اندر ہماری ساری بستی کو اپنی لپیٹ میں لے لے گا‘ ہمارے گھر کھیت کھلیان سب زیر آب آجائیں گے وہ سخت سراسیمہ ہوگئے اب کیا کیا جائے۔ ضلع جھنگ میں جناب صالح حیات صاحب کے دادا شاہ جیونہ شاہ کے زمانے کی بات ہے وہ بہت بڑے باعمل بزرگ اور صاحب کرامات اللہ والے تھے۔ نول برادری ان کی بڑی عقیدت مند تھی وہ ان کے پاس اپنا یہ مسئلہ لیکر گئے انہوں نے غور سے ان کی بات سنی‘ ان کو خط نما پرچہ لکھ کر دیا اور فرمایا تم لوگوں میں سے جو بہادر اور نڈر نوجوان ہو اس کو خط دے کر تم ایک کشتی میں سوار کر کے دریا میں کشتی چھوڑ دو‘ کشتی خودبخود چلتی ہوئی جب دریا کے درمیان میں پہنچ جائے وہ نوجوان دریا میں چھلانگ لگا دے سب بستی والے حیران و پریشان واپس لوٹ آئے اور سوچنے لگے دریا میں چھلانگ لگانے کے بعد تو وہ نوجوان ڈوب جائے گا لیکن اللہ والے بزرگ اتنا کہہ کر خاموش ہوگئے تھے‘ بستی والوں کو مزید کچھ پوچھنے کی ہمت ہی نہ ہوئی۔ واپس آگئے‘ ایک نڈر نوجوان کی جیب میں خط ڈال کر ایک چھوٹی کشتی میں اس کو سوار کر کے کشتی کو اللہ کے بھروسہ چھوڑ دیا گیا سب لوگ اپنے گھروں کو چلے گئے‘ تین دن کے بعد وہ کشتی والا نوجوان ان کو دریا کنارے بیہوش پڑا ہوا ملا۔

زمین کے نیچے ایک الگ ہی جہان تھا

اس کو اٹھا کر گھر لے گئے‘ ہوش میں لانے کی تدبیریں کی گئیں‘ نوجوان ہوش میں آگیا‘ اس نے بتایا کہ جب میری کشتی دریا کے عین درمیان میں پہنچ گئی تو میں نے دریا میں چھلانگ لگادی‘ جیسے ہی میری آنکھ کھلی تو میں ایک خشک گاؤں میں تھا‘ جہاں کھیت تھے رہٹ چل رہے‘ آدمی ہل چلا رہے‘ میں حیران و پریشان انہیں دیکھ رہا تھا کہ میں نے تو دریا میں چھلانگ لگائی تھی میں کہاں پہنچ گیا ہوں؟ اتنے میں دو تین لمبے تڑنگے آدمی آئے جو مجھے سپاہی لگ رہے تھے‘ میرا ہاتھ پکڑ کر مجھے ایک خوبصورت سے مکان میں لے کر پہنچ گئے‘ وہاں میں نے دیکھا ایک تخت پر اونچی پگڑی باندھے ایک آدمی بیٹھا ہے وہ ان لوگوں کا سردار لگتا تھا مجھے اس کے حضور پیش کر دیا گیا‘ اس نے پوچھا اے آدم زاد کیا مسئلہ ہے؟ میں نے ڈرتے کانپتے خط ان کے حوالے کر دیا‘ خط پڑھ کر اس نے کہا ٹھیک تمہارا کام ہوجائے گا لیکن ہماری ایک شرط ہے جب گندم کی فصل تیار ہو تم لوگوں نے تین من گندم دریا کے اندر ڈالنی ہے جب تک تم اس شرط کو پورا کرتے رہوگے دریا تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکے گا لیکن جونہی تم نے اس میں سستی کی پھر تباہی کے خود ذمہ دار ہوگے۔ تین دن رات انہوں نے مجھے اپنے پاس رکھا خوب میری خاطر مدارت کی‘ گزشتہ رات میں سویا تو مجھے کچھ معلوم نہیں میری آنکھ تم لوگوں کے درمیان کھلی ہے۔ سب لوگ حیرانی سے اس کی روداد سن رہے تھے لیکن وہ نوجوان تین دن کے بعد وفات پاگیا۔ آج تک دریا اسی جگہ بہہ رہا ہے‘ ہر سال فصل پر تین من گندم دریا میں ڈالنا وہ بستی والے اپنا فرض سمجھتے ہیں اور سکون سے رہ رہے ہیں۔ (محمد فاران ارشد بھٹی‘ مظفر گڑھ)

نوٹ: یہی واقعہ ڈیڑھ صدی پہلے شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی ثابت ہے۔

جیب میں پیاز رکھیں اور رس پئیں افاقہ ہوگا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! قارئین عبقری کے لیے اپنے آزمودہ تین عدد ٹوٹکے لے کر حاضر ہوا ہوں‘ یقیناً قارئین بھرپور استفادہ فرمائیں گے۔ **لو لگ جائے تو:** اگر لو لگ جائے تو کچا آم (جسے امبی اور کیری بھی کہتے ہیں) بھوبل (گرم راکھ) میں رکھ کر کچھ دیر بعد نکال کر اس کا رس صبح و شام پئیں‘ افاقہ ہوگا۔ لو سے بچنے کے لیے ایک چھوٹا سا پیاز اپنی جیب میں رکھیں۔ **دانت درد فوراً رفو چکر:** اگر چائے‘ قہوہ میں دو تین لونگ ڈال کر چند منٹ پکا کر نوش فرمائیں‘ دانت درد رفو چکر ہوجائے گا۔ **گیس ٹربل کے لیے:** چند دانے کلونجی (طاق عدد) صبح نہار منہ کھائیں۔ مرض ختم ہوجائے گا۔ مجھ پر دو مرتبہ اس کا حملہ ہوا تھا۔ واقعہ کچھ اس طرح ہے کہ میرے بائیں بازو میں درد شروع ہوگیا‘ میں نے سمجھا کہ سوتے میں کوئی پٹھہ دب گیا ہوگا‘ ٹھیک ہوجائیگا‘ مگر کہاں؟ ہفتہ ایسے ہی گزر گیا‘ مگر وہ ٹھیک نہ ہوا‘ میں نے سنا تھا کہ ہارٹ اٹیک ہونے سے پہلے بائیں بازو میں درد ہوتا ہے اگر توجہ نہ دی تو پھر ہارٹ اٹیک کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ چنانچہ میں نے ڈاکٹر صاحب سے رابطہ کیا‘ انہوں نے کہا کہ ای سی جی ہوگی‘ ای سی جی کے بعد ڈاکٹر صاحب نے کہا کہ دل کا مرض نہیں‘ یہ گڑبڑ گیس کی وجہ سے ہے۔ یعنی گیس دل کو ڈسٹرب کر رہی ہے۔ کچھ ادویات دیں آرام آگیا۔ اگلے سال پھر وہی چکر‘ میں نے پھر دوسرے ڈاکٹر کو دکھایا انہوں نے بھی ای سی جی وغیرہ کی اور کہا کہ آپ کو گیس کا مرض ہے۔ پھر کسی نے بتایا کہ نہار منہ پانچ یا سات دانے کلونجی کھالیا کرو‘ تقریباً دو سال سے یہی کھا رہا ہوں کبھی کوئی مسئلہ نہیں ہوا۔ (ج‘ کراچی)

عرق شوگر شفاء

شوگر کی وجہ سے دل کی کمزوری‘ پٹھوں کا کھچاؤ‘ سستی رہنا‘ دماغی کمزوری‘ یادداشت کی کمی‘ نگاہ کی کمزوری‘ خاص طاقت اور قوت کی زبردست کمی‘ ڈپریشن‘ ٹینشن‘ بیزاری‘ بے قراری ہو تو ’’عرق شوگر شفاء‘‘ جسم میں روح اور اندھیرے میں چودھویں کے چاند کی مانند ہے۔ ہزاروں نے آزمایا‘ ’’عرق شوگر شفاء‘‘ چند بوتل پینے سے شوگر مکمل کنٹرول ہوجاتی ہے۔ (قیمت-/350 روپے علاوہ ڈاک خرچ)

عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگواسکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR KHAN DESHAWAR

ہڈیوں کی ٹی بی کا گیارہ دن میں خاتمہ

روبینہ بٹ' راولپنڈی

ڈاکٹروں نے ان کی کولہے کی ہڈی آپریشن کرکے نکال دی' اس میں پس پڑ جاتی تھی' اس قدر تکلیف میں تھی کہ سارا محلہ ان کی آہ و بکاہ سنتا تھا' اللہ تعالیٰ کا یہ نام ان کو بتایا' گیارہ دن کے اندر ٹانگ کا گوشت خودبخود پھٹ گیا

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! اللہ تعالیٰ کے ناموں میں بہت تاثیر ہے ان ناموں میں سے ایک نام یَارَقِیۡبُ مجھے نجانے کیوں بہت پسند ہے۔ میری فطرت میں ہے کسی کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتی' چاہے میرے سامنے میرا دشمن ہی کیوں نہ ہو۔

میری چچی کا پانچ سالہ پرانا مسئلہ حل

میری چچی جان کے پاؤں کا انگوٹھا خراب ہوا' اکثر لوگوں کا ناخن اندر کی طرف مڑجاتا ہے ان کے پاؤں کا ناخن بھی اندر کی طرف مڑجاتا تھا' کافی عرصہ مرہم لگا کر پٹی کرواتی رہیں' وہ چل بھی نہیں سکتی تھیں۔ آخر ڈاکٹر نے کہا کہ آپریشن کرنا پڑے گا' اس کے بعد بھی کوئی گارنٹی نہیں کہ نیا ناخن سیدھا آئے گا یا نہیں۔ ایک دن میں ان سے ملنے گئی وہ کافی پریشان تھیں۔ میرے اندر سے آواز آئے کہ ان کو یَارَقِیۡبُ بتاؤں۔ میں نے ان کو صرف 300 مرتبہ یَارَقِیۡبُ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرنے کو کہا' مدت عمل گیارہ روز' ساتھ ان کو پاؤں دھونے کا بھی بتایا۔

پاؤں دھونے کا طریقہ: ایک چمچ میٹھا سوڈا نیم گرم پانی میں مکس کرکے پانی ایک جگ پانی لے لیں' اس سے پاؤں دن میں تین مرتبہ دھوئیں' اللہ تعالیٰ کے حکم سے گیارہ دن کے اندر ان کے انگوٹھے سے سکن پھٹی اور ایک ناخن کا الگ ٹکڑا باہر نکل آیا۔ پانچ سال سے خراب ناخن اللہ تعالیٰ کے نام کی برکت سے بالکل ٹھیک ہوگیا۔ میری چچی جان نے انتہائی خوشی سے فون کیا اور کہا کہ میں مٹھائی کا پورا ٹوکرا لے کر تمہارے گھر آؤں گی۔ میں نے ہنستے ہوئے جواب دیا کہ آپ مٹھائی بچوں میں تقسیم کردیں' اس میں میرا کوئی کمال نہیں اللہ تعالیٰ کی ذات ہے جو بے حد کریم اور مہربانی ہے۔

محترم! میری عادت ہے کہ جب بھی کسی کو کوئی بھی عمل بتاتی ہوں تو ان کو خاص طور پر کہتی ہوں پہلے حسب توفیق صدقہ دیں یا کسی مسجد میں پیسے ڈالیں۔ کام ہوجانے پر میٹھی چیز بچوں میں لازمی بانٹ دیں۔

ہڈیوں کا کینسر 11 روز میں ختم

یَارَقِیۡبُ کا عمل میں نے دوسری چچی جان کو بتایا ان کو ڈاکٹروں نے ہڈیوں کی ٹی بی کا کہا' ٹیسٹ میں بھی پازیٹو آیا' ڈاکٹروں نے ان کی کولہے کی ہڈی آپریشن کرکے نکال دی' اس میں پس پڑجاتی تھی' اس قدر تکلیف میں تھی کہ سارا محلہ ان کی آہ و بکاہ سنتا تھا' اللہ تعالیٰ کا یہ نام ان کو بتایا' گیارہ دن کے اندر ٹانگ کا گوشت خودبخود پھٹ گیا اور اس میں سے پس کا فوارہ نکلا اس قدر لیس تھی کہ پوری بالٹی بھر گئی' ڈاکٹر بار بار آپریشن کرکے تھوڑا تھوڑا گوشت کا حصہ نکال دیتے تھے صفائی کے نام پر۔ اللہ کریم نے ان پر کرم کیا اور ان کی ٹی بی کی اگلی رپورٹ نیگیٹو آئی اور زخم بھی بہت جلد بھر گیا۔ اب ان کا صرف آپریشن راڈ ڈالنے کیلئے ہونا ہے کہ ان کی ٹانگ دوسری ٹانگ کے برابر ہوجائے۔ باقی اس وقت وہ بالکل صحت مند ہیں اور جھولیاں اٹھا اٹھا کر دعائیں دیتی ہیں۔

کمزور' لاغر اور سست جسم میں طاقت کا طوفان

محترم حضرت حکیم صاحب السلام علیکم! شروع سے ہی کمزور اور بیماریوں کی شکار تھی' جسم میں خون کی کمی' لاغرپن' عام جسمانی کمزوری' چڑچڑا پن رہا ہے۔ دماغی انتشار اتنا کہ بار بار نیت توڑ نماز پوری کرتی' کمزوری کی وجہ سے کچھ عرصہ پہلے پھسل کر گر گئی۔ انہی مجبوریوں اور محرومیوں میں زندگی گزر رہی تھی کہ عبقری ملا' عبقری پڑھا تو کچھ سکون ملا کہ شاید اس میں سے مجھے میری زندگی کا سکون مل جائے گا۔ چند شماروں کے بعد ایک شمارے میں ایک ٹوٹکہ آیا جو میرے دل کو بھایا۔ صرف دو ماہ پہلے کے ایک شمارہ میں ایک ٹوٹکہ لکھا تھا کہ پانچ عدد چھوہارے دودھ میں پکا کر رات کو رکھ دیں اور صبح نہار منہ ٹھنڈے کرکے کھائیں' میں نے ایسا کرنا شروع کردیا۔ چند دنوں کے بعد ہی جسم میں جان محسوس ہوئی' الحمدللہ! آج میں پہلے سے ستر گنا بہتر ہوں' ہاتھوں اور ٹانگوں میں جان محسوس ہوتی ہے' کام بھی کرلوں تو زیادہ تھکاوٹ محسوس نہیں ہوتی۔ (ن، کراچی)

میری تالیفات اور ان کی وضاحت

اب تک آنے والی میری جتنی بھی تالیفات ہیں ان کے حوالہ جات حقیقت' سبب تالیف یہ سب قارئین تک پہنچانے کی ایک کوشش ہے میں ہر کتاب کا حوالہ دوں گا کہ کتاب کن حوالہ جات سے مل کر ایک کتاب بنی ہے۔ اگر میری کسی کتاب میں غلطی ہو' اطلاع دیں' شکرگزار رہوں گا۔ چونکہ اس سے پہلے مختلف ادارے میری کتب شائع کرتے تھے اب اکثر کتب عبقری ادارہ شائع کررہا' مختلف اداروں نے بہت سے حوالے چھوڑ دیئے' یاد رکھیں! کتاب اگر حوالہ کے ساتھ ہو تو تحقیق' اور تالیف اگر حوالہ کے بغیر ہو تو سرقہ اور چوری شمار ہوتی ہے' اس لیے اب پھر سے میں اپنی کتب کی غلطیاں خود نکال کر شائع کررہا ہوں تاکہ میری اور کتب کی اصلاح ہوتی رہے۔ **کتاب نمبر 55: مشاہیر کی آپ بیتیاں** زندگیوں کے تجربات و مشاہدات نئی نسلوں کیلئے اتنا ضروری ہے جتنا ایک ویران اور کھنڈر زمین کیلئے بارش۔ زیرنظر کتاب دراصل ایسے لوگوں کی آپ بیتیوں اور تجربات کی تلخیص اور انتخاب ہے جو انہوں نے عالم کے لیے چھوڑے۔ میں نے اس تالیف میں قارئین کے استفادے کیلئے ایسے واقعات اور مشاہدات چُن دیئے ہیں جو ایک سبق بھی ہیں اور داستان بھی۔ عالمی شخصیات کی یہ کہانیاں قارئین کیلئے نشان راہ بن کر کامیابی کا زینہ بنیں۔ بیتے واقعات کے عروج و زوال کی داستانیں اپنے اندر لیے ہوئے میری یہ تالیف عبرت کا سامان بن سکتی ہے۔ یہ کتاب 2003ء میں لاہور سے شائع ہوئی۔ اس کتاب کی تالیف میں درج ذیل شخصیات کی تحریریں اور کتب سے استفادہ حاصل کیا گیا۔ ہم کیوں مسلمان ہوئے (لیڈی بارنس' انگلینڈ)۔ شیخ بشیر احمد۔ بیگم مولانا عزیز گل' انگلینڈ۔ داؤد آپلن انگلینڈ۔ موہنی' پاکستان۔ جرات کے پیکر' جان ایف کینڈی' سابق امریکی صدر۔ کالاپانی' مولانا محمد جعفر تھانیسری۔ چشم دید' فیروز خان نون وزیراعظم۔ تزک تیموری۔ سرگزشت عبدالمجید سالک۔ جنم جنم کی داستان' امرتا پریتم۔ قید فرہنگ' مولانا ظفر علی خان۔ میری سرگزشت' صدرالدین عینی' روس۔ صحافی دیوان سنگھ۔ سفرنامہ ابن بطوطہ۔ نہرو کی آپ بیتی۔ شہاب نامہ۔ شورش کاشمیری (پس دیوار زنداں) تزک بابری۔ طوفان سے ساحل تک (لیو پولڈ ولس موجودہ محمد اسد)

نوٹ: اگر کوئی حوالہ غلطی سے رہ جائے تو ضرور اطلاع دیں' میں ہر پل اصلاح کا محتاج ہوں۔ (ایڈیٹر)

بنفشی قہوہ
دائمی ریشہ، بلغم، کیرا، نزلہ، زکام اور کھانسی کا مکمل علاج
دردِ شقیقہ میں مبتلا افراد تسلی سے استعمال کریں
گلے کی خراش' زبان' منہ میں چھالے پڑنا' آنتوں کے کرائس
بالوں کا قبل از وقت سفید ہوجانا
قیمت 120 روپے علاوہ ڈاک خرچ
عبقری کتب اور ادویات اب آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں صرف اس نمبر پر کال کیجئے اور پتہ لکھوائیے۔ 0332-7552382

ZAHOOR-KHAN-PESHAWAR

عبقری نے مجھے خارش اسپیشلسٹ بنادیا

میاں عبدالوحید، جلال پور جٹاں

